عثمان مع رجلین من الانصار یقال لہما سعد وعقبہ انہزموا حتی بلغوا موضعا بعیدا ثم رجعوا بعد
ثلثۃ ایام فقال لہم النبی صلعم لقد ذہبتم فیہا عریضۃ پس جو شخص کہ عادی فرار کا ہوگا کیونکر معرکہ جنگ مین
حاضر ہو کر فتح کریگا اب اگر یہ کہو کہ جنگ مین ذرا سی فرصت نہین ملتی تہی تو یہ البتہ ہو سکتا ہی مگر یہہ توجیہ
بکار آمد اہل سنت نہین ہو سکتی اور حروب و مجاہدات جو عہد خلافت شیخین مین واقع ہوئی در حقیقت تجویز
اوسکی اور تجہیز افواج کی بموجب اشارہ جناب امیر علیہ السلام کی ہوا کرتی تہی حضرت کے وجود ذیجود کی برکت سی
یہ سب فیوض ظاہر ہوئی یہانسی واضح ہوا کہ وجود امام کا لطف الہی ہے قال المجتہد البحری بالتکرم
اور فرمائی کہ جناب رسالتمآب نی جو اپنی امت کو وصیت کی تہی کہ مین تم مین چہوڑتا ہون کتاب اللہ اور

۴۲

یہ قران مروج ہی تو یہ عہد عثمان مین مروج ہوا او سوقت کہان تہا اور وہ قران جو جلا دیگئی وہ تو منزل من اللہ
نہ ہی تو پہر اہلبیت اور قرآن مین عہد عثمان تک جدائی لازم آتی ہے شاید اسی حدیث وصیت مین اتنا فقرہ رکہدیا کہ عہد
عثمان سے اسمین آپسمین جدائی نہو گی تا ورود حوض کوثر مگر توجیہ فقرہ شریفہ کی کہ مین چہوڑتا ہون تم مین کتاب اللہ اور اہلبیت کو
کسطرح کروگی **قال الناصب الغوی اللئیم** سبحان اللہ حدیث وصیت کو خوب سمجہی اگر اسکی یہی معنی ہین
تو نسبت بمذہب شیعہ انقلاب عظیم پیدا ہوگا کیونکہ باعتراف ملازمین ور بنا بر تصریح صاحب حق الیقین کے
ثابت ہی کہ قران کامل کہ جسکو جناب امیر علیہ السلام نی جمع کیا تہا امام غائب کی پاس غائب ہی جب وہ
ظہور فرمائینگی تو یہ بہی نکلیگا اسصورت مین جبتک جناب امیر نی جمع کیا تہا اور جبکہ جمع کرکی غائب کردیا تو اس
مابین مین اور بعد کردینی کے گیارہوین امام تک بہی جدائی لازم آتی کیونکہ ائمہ ہدیٰ تو اسی قرآن کو پڑہتی پڑہاتی
لکہتی لکہاتی آئی ہرگز قرآن مفقود کا انکی پاس اثر بہی موجود نہ تہا تا بحدیکہ بنا بر زعوم شیعہ حضرت امام حسن عسکری
کی تفسیر اسی قران موجود پر ہے اب گویا کسی اپنی پاؤن پر تیشہ مارا اور کسی ثقلین مین تفرقہ ڈالا شاید اسمین یہ فقرہ
رکہدیا ہوگا کہ عہد امام غائب سے اسمین جدائی نہو گی تا ورود حوض کوثر مگر توجیہ عبارت شریفہ کی کہ مین چہوڑتا ہون
تم مین کتاب اللہ اور اہلبیت کسطرح ممکن ہوگی اسواسطی کہ کتاب اللہ کا ظہور اوسوقت اگر مسلم ہو تو بیچ کے
اہلبیت اوسوقت کہان ہونگی فاعتبروا یا اولی الالباب ان ہذا لشی عجاب اس جگہہ خاطر دریا مقاطر موجزن
ہی کہ اس لہبیث مین دوچار باتین متعلق حدیث ثقلین کے لکہون اور معنی لن یفترقا کی بخوبی بیان کرون
مگر طوالت کلام و غرائب مقام رخصت نہین دیتی اسلئی اتنی ہی پر کفایت کی سمجہہ والیکو ایک سطر کافی ہے اور
ناسمجہہ کو دفتر بہی نہین وافی واللہ یہدی من یشاء الی صراط مستقیم **اقول بفضل اللہ العلیم** سچ ہے
کہ ہر چیزی دگر آماس چیزی دگر ست با ان عبارتون سے معلوم ہوتا ہی کہ مضمون کلام صداقت انجام جناب
مجتہد علام خاطر خطیر مجیب مین منتقش نہوا کیونکہ یہہ کلام جناب سلطان العلماء کا باعتبار شق ثانی یعنی درصورت
نہ ہونی مصاحف محرقہ کی منزل من اللہ ہی یعنی جسوقتیکہ مصاحف محرقہ منزل من اللہ نہ ٹہری اور یہ قران مروج
اسطرح کی ترتیب و ہیئت سی عہد نبوی مین نہ تہا تو پہر عہد عثمان تک احد الثقلین مین جدائی لازم آتی وہ یہہ
کلام کیسا متین اور مربوط اور مقدمات اسکی کیسی مدلل اور مبرہن ہین مگر اس غبی کی سمجہہ مین کچہہ آیا اس جہت سے
اسنی عبث ناظرین کو دردسر دیا لا محالہ ضرور ہوا کہ اسکی اوہام کو مفصل رد کرکی اسکو دکہادین کہ کیسا نامعقول

۴۳

جس قرآن کو جناب امیر علیہ السلام نے جمع کیا تھا وہ امام غائب کے پاس غائب نہیں ہے حاضر ہے تمہارے پاس ہے البتہ
ہے قولہ اس صورت میں جبکہ جناب امیر علیہ السلام نے جمع نہ کیا تھا اقول مخفی نہیں کہ یہاں جمع کرنے سے مراد اوراق
میں لکھنا ہے اور یہہ معنی حدیث معیت کے مراد نہیں ہو سکتے کیونکہ وہاں افتراق سلب باعتبار علم کی ہے نہ باعتبار کتابت
کے اور روایات اہل سنت سے جو ثابت ہے کہ جمیع آیات قرآنی بفور نزول جناب امیر حفظ کرتے معانی اوسکے پیغمبر سے
دریافت کرکے یاد کرلیتے تھے اور مراد الٰہی مدینۃ العلم سے باب العلم تک پہونچ جایا کرتی تھی وہ سب ابتدائے روز نزول تا آخر عمر
حضرت کے سینہ مبارک میں اور خزینہ حافظہ میں مجتمع تھا کبھی اوس سے افتراق نہیں ہوا تو کوئی ایسا زمانہ نہیں ہوا
کہ قرآن حضرت کے ساتھ بطور جمع نہ رہا ہو علاوہ اسکے کہتا ہوں کہ اگر جمع کرنے سے کتابت مراد ہو تو خود جناب
رسالتمآب کا افتراق قرآن سے لازم آتا ہے کیونکہ تمہارے اعتقاد میں پیغمبر کے زمانہ میں قرآن اس ترتیب و ہیئت مجموعی
سے نہیں لکھا گیا تھا یہ فضیلت عثمان کو حاصل ہوئی تو چاہیے کہ پیغمبر خود متفرق ہوں اہلبیت کے افتراق میں کیا
کلام رہا وہو کما تری **قولہ** اور جبکہ جمع کرکے غائب کر دیا **اقول** حضرت نے غائب نہیں کیا بلکہ علی روس الاشہاد
میں حاضر کیا لوگوں نے بسبب شومی نفس کے قبول نہ کیا تب حضرت نے فرمایا کہ پھر تم اسکو نہ دیکھو گے تا ظہور قائم آل
محمد اسکے معنی یہ ہیں کہ تم سے تمہارے شامت اعمال نے مشاہدہ اوس مصحف کا مفقود کر دیا نہ کہ اون حضرت کے
پاس یا اونکے اوصیا کے پاس سے غائب ہے ہو **قولہ** تو اس بات میں اور بعد غائب کر دینے کے گیارہ ہوں امام تک جدائی لازم
آئی **اقول** مطلقاً جدائی لازم نہیں آئی جیسا ہم بیان کر چکے ہاں ایسے کلام واہی سے تمہاری بد فہمی و ادراک
سے البتہ لازم آئی ہے ۵ نہ فروعت محکم آمد نہ اصول * شرم بادت از خدا و از رسول * **قولہ** کیونکہ ائمہ ہدی
اسی قرآن کو پڑھتے لکھتے لکھاتے آئے **اقول** اس قرآن کے پڑھنے پڑھانے لکھنے لکھانے سے یہ لازم نہیں آتا کہ قرآن صحیح
مطابق تنزیل کا علم اونکو نہ رہا ہو یا جو مصحف بخط جناب امیر صحیح و درست لکھا گیا ہے وہ اونکے پاس حاضر نہ ہو
و من ادعی فعلیہ البیان **قولہ** ہرگز انکے قرآن کا اثر بھی موجود نہ تھا **اقول** اس دعوی باطل پر کیا دلیل ہے اور
بینہ دعوی کرنا کسقدر مدعی کے واسطے موجب تذلیل ہے اب بھی کچھ دلیل ہو تو لاؤ نہیں تو اس بیہودہ گوئی سے
باز آؤ **قولہ** تا بجدیکہ بنا بر مزعوم شیعہ حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام الخ **اقول** غیر مرۃ ظاہر ہو چکا ہے کہ امامیہ
کے عقیدہ میں تا ظہور قائم آل محمد علیہم السلام اسی قرآن پر عمل اور اسی سے استدلال واجب ہے بلکہ اسکے
قرأت کی نماز باطل ہے پھر اس عقیدہ سے اور امام حسن عسکری علیہ السلام کی تفسیر کو اسی قرآن کی موافق

جس سے افتراق ثقلین کا لازم آئی **قولہ** اب سنی اپنی پاؤن پر تیشہ مارا **اقول** ہمنی **قولہ** اور سنی ثقلین

مین تفرقہ ڈالا **اقول** شیطان نی تمہاری گمان مین **قولہ** شاید اسمین یہ فقرہ رکھا ہوگا کہ عہد امام غائب

سی اسمین جدائی لازم نہ آئیگی یاد رہے حوض کوثر **اقول** یہان آپنے اپنی دانست مین بڑا کام کیا ہی کہ گویا تطبیب

دوام کیا مگر ہمنی تو پہلی سے آپکا کام تمام کیا آپنی عبث ایسی امور پر اقدام کیا ۵ گیرم کہ مار چوب کنند تن شکل مار +

کو زہر بہر دشمن کو مہرہ بہر دوست + **قولہ** مگر توجیہ عبارت کے کہ مین چھوڑتا ہون تم مین کتاب اللہ اور اہلبیت

کسطرح ممکن ہوگی **اقول** تمہاری مسلمات پر توجیہ حدیث شریف کے عبارت کے صاف ہی کہ کتاب اللہ نام

ہی کلام نفسی قدیم کا کہ وہ قائم نہین ہوتا مگر ذات کی ساتھ اور ہماری طریق پر کلام ربانی اصوات و حروف حادثہ

و الہ مراد الٰہی ہین کہ قدرت کبریائی نے لوح محفوظ سی جبرئیل پر القا کیا اور جبرئیل کی تبلیغ سی خاتم النبیین کے

ضمیر انور مین منتقش ہوا اور حضرت نی اپنی وصی کو تعلیم فرمایا اور اسیطرح اوصیائی ایک دیگر کو تعلیم کیا کسی وقت

کی ذہن سے متفرق نہین ہوا اور نہ ہوگا اس بیان سے پیغمبر کا اہلبیت کو اور قران کو یکدیگر کے معیت کے

ساتھ چھوڑنا اور دونو کا آپسمین دایما مقترن غیر متفرق رہنا ایسا واضح ہوا کہ جیسا نصف النہار مین آفتاب

درخشان کو آنکھہ والی دیکھتی ہین جو آنکھہ نہین رکھتی وہ تم سے کور مادر زاد ہین انکو نور خورشید سی بجز

بیحاصلی کے کچھہ ہاتھہ نہ آئیگا من لم یجعل اللہ لہ نورا فما لہ من نور عمی نام ہی عدم البصر عما من شانہ انیکون

بصیر انکا اور بصیرت تمہاری شان سی نہین تم احجار و اشجار مین داخل ہو تمہاری شان مین ہم یہہ نہین کہتے

فاعتبروا یا اولی الالباب تمہاری حق مین وہی آیہ صادق ہی صم بکم عمی فہم لا یرجعون **قولہ** اس جگہہ خاطر

دریا مقاطر موج زن ہی **اقول** اب اس کلام بیمعنی اور دعوے لا یعنی کا محل نہین رہا اب یہہ گنگا آپکی بہانے

نہ بہی گی منبع اسکا خشک ہوا آپکی مقال کا تر و خشک بطلان کے سمندر مین بہگیا بڑا آپکا پار نہ لگا ہمنی آپکا

لنگر کاٹ دیا دیکھی آپکے ناو مجہدار مین ڈوب گئے اسپر بہی اگر آپ قعر ضلالت سی نہ نکلی ہون تو دوسرے

تقریر سنیے اگرچہ مین خوب جانتا ہون کہ یہ لاتی آپ آپ کی گوش حق نا نیوش کو گوارہ نہین ہو سکتا اور

آپ کو بیاد ضلالت سی باہر آنا اور گرداب عناد سی بچنا بمقتضائے آیہ وافی ہدایہ ختم اللہ الخ ممکن نہین مگر از اتمام

حجت کیواسطی دوسری عبارت توضیح اسکا کرتا ہون کہ اسمین حدیث شریف سی کئی باتین ظاہر ہوتے ہین

اول یہ کہ متمسک کرنا اہلبیت اطہار سی واجب ہے اور جو شخص کہ دامن ان حضرات سی کہ بیشک بادبان کشتی

۴۵

اور شافعی واشباہ ہم ہیں سفینہ نجات سے متخلف ہو کی محیط ضلالت میں غوطہ زنان اور باد مخالف میں مانند بگولہ
کی پریشان ہیں دوسری یہ کہ اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ فرمان روای بحر و بر امام ثانی عشر ہماری زمانہ کی امام
بحق حی و قایم بامر اللہ ہیں کیونکہ اگر وجود ذی جود اون معصوم کا متعطشان زلال زندگانی کو اپنی فیض کے آب
حیات سے سیراب نہ فرماتا تو خالی ہونا زمین کا حجۃ اللہ سے اور اہلبیت و قرآن میں افتراق لازم آتا اور کلام مخبر
صادق کی صدق میں کلام ہوتا و انہ محال بدلالۃ ہذا الحدیث نظم قطع انکس آنکہ مکہ و بطحا + زمزم و بوقبیس و خیف
و منی + حرم و حل و بیت و رکن حطیم + ناودان مقام ابرہیم + مروہ مسعی صفا حجر عرفات + طیبہ و کوفہ کربلا
و فرات + ہر یک آمد بقدر او عارف + بر علو مقام او واقف + قولہ اسی لپیٹ میں دو چار باتیں متعلق
حدیث ثقلین کے لکھوں اقول مشتی کہ بعد از جنگ یاد آید بر کلہ خود باید زد کیا حدیث ثقلین کی لپیٹ میں خلفا
کی خلافت ثابت کیا چاہتے ہو یہ نہ ہو سکیگا این الثریا من الثری قولہ او معانی لن یفترقا کی بخوبی بیان کرون
اقول ازل سے تمہارا تفرق عقل سے ہوچکا ہے تم لن یفترقا کی معنی کیا بیان کروگے قولہ مگر طوالت کلام
رخصت نہیں دیتی اقول البتہ کلام نا مربوط کی طوالت ہر مقام میں غریب ہے ورنہ اس مقام سے حدیث ثقلین
کو کچھ غرابت نہیں قولہ اہلسنت اتنے ہی پر کفایت کی اقول اب تک تو تمنے کچھ کہا نہیں کفایت کس پر کے
تو نہ سمجھنے والی کو ایک سطر کافی ہے اقول اگر تم کچھ بھی سمجھتے تو ایسا بیہودہ نہ بکتے اور البتہ جناب مجتہد العصر کا
کلام سمجھ کر تحسین کرتے اور یہ کہتے کہ سمجھنے والی کی ایک سطر کافی اور نا سمجھ کو دفتر بھی نہیں وافی قال
المجتہد الحری بالتکریم اور ابن عبد البر مالکی نے کتاب استیعاب میں محمد ابن سیرین سے روایت کی ہے کہ جب
لوگوں نے ابوبکر سے بیعت کی تو جناب امیر نے بیعت میں تاخیر کی اور اپنی گھر میں بیٹھ رہے ابوبکر نے کہلا بھیجا
کہ کیوں دیر کی تمنے میری بیعت میں آیا کراہت کی تمنے میری امارت اور خلافت سے پس فرمایا حضرت نے کہ
کراہت تو نہیں کی میں نے لیکن قسم کھائی ہے میں نے کہ نہ اوڑھونگا اپنی ردا کو سوائے وقت نماز کی جبتک جمع کرون
قرآن کو کہا ابن سیرین نے مجھے روایت پہونچی مجھے کہ آنحضرت نے جمع کیا قرآن کو موافق اوسکی کہ نازل ہوا
تہا اور اگر ملتا وہ مصحف تو البتہ اوس سے علم کثیر حاصل ہوتا اور اوسکے قریب دوسری روایت عبد الرزاق
کی اسناد سے اوسی کتاب میں مذکور ہے قال الناصب الغوی اللئیم ملا علی قاری نے مرقات میں
لکھا ہے کہ یہ خبر ضعیف ہے اسواسطے کہ بسند حسن ثابت ہے کہ جناب حضرت امیر فرماتے تھے اعظم الناس فی المصاحف

معارض ہو تو اوسکی معارضہ میں شرط ہی کہ متعارضان ضعف اور قوت میں برابر ہوں پھر اوسی کتاب میں لکھا ہی کہ بر تقدیر
صحت مراد جمع سی حفظ بر اسبہی یا جمع بانفراد ہ لیکن جمع ابوبکر کا اجماعی ہے کہ احتمال زیادتی اور نقصان مفقودین
کا نہیں رکہتا اور اسی جہت سی جناب امیر نی حضرت ابوبکر کی جمع کو پسند اور کلمہ دعا سی جو پسند کیا +

اقول بفضل اللہ العلیم ملا علی قاری کا کہنا ہمیں عجب ہی یا تمیز جہالت اونکی تسنن میں ابن سیرین
ہرگز نہیں سی مگر کلمۃ الحق جو نورانی اوسکی زبان پر جاری کیا تو ملا علی قاری سکے ضعیف کہنی سے ضعیف
نہیں ہو سکتا خصوصا ایسی حالت میں کہ روایات کثیرہ اہل سنت سی ثابت ہوتا ہی کہ جناب ولایت مآب نے قرآن کو
موافق نزول کے جمع کیا اول یہ کہ فتح الباری میں علی علیہ السلام سی روایت ہی انہ جمعہ علی ترتیب النزول
بحیث یعلم منہ الناسخ والمنسوخ و لو کان موجود الاستبان فیہ علم کثیر دوسری یہ کہ اتقان میں ہے
قلت قد ورد من طریق اخری فاخرج ابن اشتہ فی فضائلہ حدثنا بشر بن موسی ثنا ہوذہ بن
خلیفہ ثنا عون عن محمد بن سیرین عن عکرمہ قال لما کان بعد بیعۃ ابی بکر قعد علی بن ابی طالب
فی بیتہ فقیل لابی بکر قد کرہ بیعتک فارسل الیہ فقال اکرہت بیعتی قال لا واللہ
قال ما اقعدک عنی قال رأیت کتاب اللہ یزاد فیہ فحدثت نفسی ان لا البس ردائی
الا لصلوۃ حتی اجمعہ قال لہ ابو بکر فانک نعم ما رأیت انتہی اب معلوم ہوا کہ جمع کرنا قرآن کا
نسبت جناب ولایت مآب کی کچھہ طریق ابن سیرین پر موقوف نہیں بلکہ دوسری طریق سے بہی منقول ہے
پس ضعیف کہنا اس حدیث کو سراسر جہالت سی ہے تیسری یہ کہ جلال الدین سیوطی نی مقام اختلاف ترتیب
سور میں کہ آیا وہ توقیفی ہے یا اجتہاد صحابہ ہی سے قول اجتہاد کو تقویت دی ہے اور اسطرح سی اتقان میں
لکہا ہی ومما استند بہ لذلک اختلاف مصاحف السلف فی ترتیب السور فمنہم من رتبہا علی
النزول وہو مصحف علی کان اولہ اقرأ ثم المدثر ثم نون ثم المزمل ثم تبت ثم الکوثر ثم
التکویر وہکذا الی آخر المکی والمدنی وکان اول مصحف ابن مسعود البقرۃ ثم النساء ثم
آل عمران علی اختلاف شدید وکذا مصحف ابی وغیرہ الخ اسطرح سی سیوطی نے تحبیر فی علم التفسیر
میں بہی لکہا ہی غرض کہ جناب امیر علیہ السلام کا قرآن کو جمع کرنا موافق نزول کے ایسا ثابت ہی کہ اسمیں انکار کی
گنجائش نہیں پس حقیقت میں ملا قاری نی جو مرقات میں اس حدیث کو ضعیف قرار دیا خالی ضعف

۲۷

ہی ہو اول بن جمع کتاب اللہ جل لانکہ پہلی معلوم ہو چکا کہ عہد کرامت مہد نبوی مین چار شخصون نے قران
کو جمع کیا اور اون چارون مین صدیق کا کہین ذکر نہین تو پہر وہ اول جمع کرنیوالی قران کے کیونکر ٹہری اگر یہ
کہ بعد وفات جناب سرور کائنات کی پہلی جس شخص نے کہ قران کو جمع کیا وہ ابو بکر صدیق ہی تو مین کہونگا کہ
ابہی روایات معتمدہ سی ثابت ہو چکا کہ جناب ولایتمآب نی قران مجید کو مقارن رحلت جناب رسالتمآب کی جمع
کیا کہ اس سے اولیت بہ نسبت جناب امیر علیہ السلام کی ثابت ہوتی ہی اب فوت ہوئی روایت ابن سیرین کی
اور ضعف ثابت ہوا قول فاریکا **قولہ** لیکن جمع کرنا ابو بکر کا اجماعی ہے کہ احتمال زیادتی او نقصان معتمدین کا
نہین رکہتا **اقول** مخفی نرہی کہ احتمال بلکہ یقین نقصان کا ابو بکر کی قران جمع کرنی مین ہی اول یہ کہ صاحب
جامع الاصول نی صحیح بخاری اور ترمذی سی نقل کیا ہی کہ محصل اوسکا یہ ہی کہ جب زید ابن ثابت نی بامر
ابی بکر و عمر کی مبادرت کی کہ قرانکو جمع کری تو وہ کہتا ہی کہ ہم تفحص او تجسس قرانکا کرتی تہی رقعون پانسا جہانے
خرما مین یا سنگہای سفید مین یا سینہ ہای مردم مین جس جگہ کہ باقی تہے لکہی تہے یہانتک کہ پایا ہمنی آخر سورہ
توبہ کو ابو خزیمہ انصاری کی پاس اور سوا اوسکی کسی دوسیر کے پاس مینی اوسکو نہین پایا اور آخر اوسکا یہ ہی لقد
جاءکم رسول من انفسکم زید ابن ثابت کہتا ہی کہ وہ قران رہا پاس ابی بکر کی اور بعد اوسکی رہا وہ قران پاس
عمر فاروق کے اور بعد اوسکے رہا حفصہ اونکی دختر کی پاس انتہی ملخصا اب مین کہتا ہون کہ خبر آحاد مفید یقین ہو سکتے
اور روایت مذکورہ سی مفہوم ہوا کہ فقط زید ابن ثابت کی کہنی سی ابو بکر اور عمر نی یقین کیا کہ یہ قران ہی اور دو
شیخین نی ایسی امر اہم کو ایک شخص کے سپرد کیا اور بہی زید بن ثابت نی فقط ابی خزیمہ انصاری کی کہنی سے
آخر سورہ توبہ کو قران مین داخل کیا علاوہ اسکے کہتا ہون کہ جب عبد اللہ ابن مسعود نی قران جمع کردہ
زید ابن ثابت کو مصحف اور بہتر نہین جانا تو ثبوت اجماع کا صحابہ مین اہل سنت کی نزدیک کیونکر ہو سکتا ہی
پس جبکہ معلوم ہوا کہ اثبات قرانیت اہلسنت کے نزدیک تواتر پر ہے جمع کرنی عثمان کی مشکل ہے تو احتمال زیادتی
و نقصان کا بہی جمع ابو بکر مین متطرق ہے دوسری یہ کہ اتقان مین ہے واخرج ابن ابی داؤد عن طریق
یحیی بن عبد الرحمن بن حاطب قال قدم عمر فقال من تلقی من رسول اللہ صلعم شیئا من القرآن فلیأت به
وكانوا يكتبون ذلك في الصحف والالواح والعسب وكان لا يقبل من احد شيئا حتى يشهد
شهيدان الخ اور بہی اوسی کتاب مین ہی اخرج ابن ابی داؤد ایضا عن طریق ہشام بن عروة عن ابیه

۴۸

ابیه ان ابابکر فی العمری لزید اقعد علی باب المسجد فمن جاءکما بشاهدین علی شئ من کتاب الله
فاکتباه رجاله ثقات مع انقطاعه انتہی پس جبکہ قران کی جمع کرنی اور اوسکی یقین ہونی مین یہ حال ہوا کہ
فقط دو گواہ جسکو کہدین وہ قران ہوجای تو پھر اثبات تواتر کا کیونکر ہوسکتا ہی دیکھی باب مدینہ علم کو کہ موافق
اپنی علم کی بغیر کسی گواہ و استشارہ کی قران کو موافق نزول اسکے جمع کیا مگر تم لوگون نی اپنی شامت اعمال سے
اوس قرانکو قبول نہ کیا اگر قبول کرتی تو کاہی کو ورطہ جہل مین پڑتی دیگر یہ کہ نزول قران کا سات احرف پر
یعنی سات لغت پر بروایات کثیرہ سابقہ اور آیہ سے ثابت ہی اور نہ ہونا چہہ لغات کا مصحف ابی بکر مین روشن ہے
جیسا کہ عبد الحق دہلوی نی شرح مشکوۃ مین لکھا ہی کہ عثمان نے اونہین لغات کو قرار دیا کہ زید بن ثابت نے
بامر ابی بکر و استصواب عمر کے جمع کیا تھا اور باقی لغات کو محو کردیا انتہی محصلہ اس سے ظاہر ہوا کہ چہہ لغتین مصحف
ابی بکر سے نکال دی گئین اب معلوم نہین کہ احتمال نقصان او رکسی کہتے ہین قال المجتہد الحری بالتکریم
اب ہم پوچھتی ہین کہ وہ قران کہان گیا اور کس جگہہ غائب ہوا اور کوئی اوسکا حافظ اور اوسکی علم کثیر کا
عالم ہی یا نہین اور اگر ہی تو کہان ہی اور کس ملک مین اور کس شہر مین ہی اور بعضی سوال کہ تمنی ہمسی کیی ایسے
ہمسی بہی کیی جاتی ہین اوسکا جواب تمپر لازم ہی قال الناصب الغوی اللئیم یہ سوال فرع ہی صحت
روایت ابن سیرین کا حالانکہ جب وہ روایت مخدوش ٹہری تو اب سوال کے گنجایش نہ رہی بلکہ بنا بر زعم
علامہ زمان والا کی مستفتی کا سوال او رجلایا گیا کہ وہ پوچھیگا کہ یہ قران حاضر اوس قران غائب کا عین ہے
یا غیر اگر عین ہی تو پھر ناقص ہونیکی کیا وجہہ اور امام جعفر صادق علیہ السلام نی کیون اسکو زمین پر پھینک مارا اور جدا رکھے
اسمین اور اہلبیت مین کہان لازم آئی اور اگر غیر ہی تو کیون نماز وغیرہ پڑہتی ہو اور اسپر عمل کرتی ہو اوس قرانکو
کیون نہین ڈہونڈہتی اور ائمہ علیہم السلام نی کیون اوسکو ظاہر نہ کیا اور بے نشان رکھا قران پڑہنی پڑہانیکو آیا
تہا یا رکھنی اور چھپانیکو اسصورت مین چھپانا اور جلانا دونو برابر ہی ہمپر جو سوال وارد تہی لفظ بلفظ دفع کئی اب
پر جو عاید ہی مع سوالات مستفتی کی حرف بحرف دفع کیجیی بری تقیہ کی نہ لیجیی پر شقونکی جواب سمجہ کی لکھیی بات
ٹہکانی سے کہیی دیر کا مضایقہ نہین ہے کہ عقلانی کہا ہی ۵ مزن بے تامل بگفتار دم ÷ نکو گوی گر دیر گوی چہ غم
اسکی بعد کا شعر کسی اوسی پڑہو لیجیی گا اقول بفضل اللہ العلیم جبکہ روایت ابن سیرین کی تائید روایات
مذکورہ بالا صحیح ہوچکی تو پھر اس سوال کی مخدوش ہونیکی کیا وجہ ہی اور یہ جو تمنی کہا کہ مستفتی کا سوال

٨٩

قران چونکہ قایم آل عبا کی پاس تہا اس سبب سی شامت اعمال اور سوء عقیدت اور نہ قبول کرنی تمہاری مرشدکی اور
واسطی حفاظت افتراق کی بنا بر اور کسی مصلحت کے مکتوم ہی اور ہمکو بحکم ائمہ علیہم السلام کی تا ظہور امام غائب اسکا پڑہنا
اور اسپر عمل کرنا واجب اسلئی ہم اسکو پڑہتی ہین اور اسپر عمل کرتی ہین اور یہ جو ارشاد ہوا کہ چہپانا قران کا اور
جلانا دونو برابر ہی تو یہ عجائب اقوال نغز نغز سی ہے بلکہ یہ حرف تو کسی ناصبی اور جاہل سی بہی سرزد نہوگا اس غبی کو
سطح نظر ہی کہ نسبت احراق کی کسی صورت سی جانب عثمان کی جاتی ہی ع ولن یصلح العطار ما افسد الدہر دیکہو
کہ خود جناب رسالتمآب واسطی ہدایت خلق کی مبعوث ہوئی تہی مگر مدت دراز تک اپنی دین کو اخفا کرتی رہی غار مین
چہپنی سے عار نہ کیا پس اگر موافق تقریر مجیب کے کوئی بدین تقریر جاہلانہ اسطور سی کری کہ اوسوقت تک حضرت
واسطی اظہار دین کی مبعوث ہوئی تہی یا واسطی چہپنی اور احکام خدا چہپانی کے تو یہ غبی جو کچہہ جواب دیگا
وہی جواب ہمارا ہی سعہ پیغمبر زبان خود اگر کرد خفا + زحکم مالک دنیا و عقبی + اگر مخفی شدہ قران اطہر + دران
ہم حکم داور شد مقرر + کمال ظلم و جور اشقیا شد + کہ مخفی مصحف مشکل کشا شد + قولہ امام جعفر صادق علیہ السلام
کیون اسکو زمین پر دی مارا اقول چہوٹی کی موہنہ مین گہہ قال المجتہد الحری بالتکریم اور تحقیق یہ ہی کہ یہ قران
مروج اور جتنی قران کہ محرق ہوئی ہم سبکو منزل من اللہ اور واجب التعظیم اور قابل التکریم جانتی ہین اور اہانت
اور استخفاف اونکا گناہ کبیرہ ہی اور احراق اونکا باعث احراق نار جحیم ہی قال الناصب الغوی اللئیم نام خدا
اتنی عرصہ کی بعد ایسا فقرہ جو زبان مبارک سی نکلا تو وہ بہی بنای شیعیت کو برہم کرتا ہی قرانکو پاسخانہ مین ڈالنا
اور جنب و حایض کو حکم تلاوت کا دینا کیا خوب تعظیم ہی ع برعکس نہند نام زنگی کافور + ابہی گذرچکا کہ حضرت
امام جعفر صادق علیہ السلام نی اسی قران مرتب اور صحیح کو اہانت کی راہ سی زمین پر پہینک مارا اور خواجہ طوسی نی
سفینونکا مدرسہ جلوایا کہ خالی قران سی معدود نہ تہا اور اودہ کی سرکار مین خدام والا جو عظمت قران سمجہی اور وہ
برہمی ریاست مغصوبہ کی ہوئی کالشمس علی رابعۃ النہار ہی اگر یہ باتین موجب اہانت اور استخفاف کی ہین تو
اب کون مرتکب گناہ کبیرہ ہی اور نار جحیم کسکا خطرہ اور اگر یہ باتین اہانت اور استخفاف کی نہین تو قران غیر مرتب
اور شکوک بنظر رفع فساد کی جلانا اور یہود و نصاری کا سا اختلاف مٹانا باوجودیکہ اہانت اور استخفاف کا
نام نہو کیا مقام الزام ہی سعہ اتنا کہ ہوئی سخن سے آگاہ + لاحول ولا قوۃ الا باللہ + اقول الفضل للہ
العظیم جواب اس سخن بیہودہ کا سابق مین ذکر ہو چکا ہے اعادہ کی احتیاج نہین اہلسنت کی تو دیکہو
[illegible] اہل سنت

میں جائز ہی جیسا کہ سابق میں ابو المکارم کی کتاب سے ثابت ہو چکا ہی اور فتاواے سراجیہ میں بھی موجود ہی پھر اسطرح
خلاف نی اور جرئت بانی ہے کہ خلاف اب مناظرہ ہی کیا فایدہ **قولہ** حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نی اسی قرآن
مرتب اور صحیح کو اہانت کے راہ سے زمین پر پھینک دیا **اقول** لعنۃ اللہ علی القوم الکاذبین اسکے بہتان کا فرد
بال اون بد افعال کے گردن پر ہی جسنی حدیث میں اہانت کا لفظ اپنی ولسی ٹرھایا امید خداوند کریم سے ہے کہ وہ احکم الحاکمین
یوم الدین اسکے مفتری سے عوض لیگا اور جتنی تابعین اوسکے پیروی سے ایسی بیہودہ گوئی قرآن ناطق کی حق میں کرتی
ہیں انکا وبال بہی اوسیکی گردن پر ہی بلکہ خون شہدا امام بگردن اوست اور خواجہ طوسی کا مدرسہ جلوانا دعواے
زبانی ہے کسی کتب معتبرہ شیعہ سے سند لائی صرف بانی ارشاد نہ فرمائی اور باقی سخن وا ہی کہ سراسر کذب و
بہتان ہی اوسکا زبان پر لانا اپنی خفت مٹانا ہی جو کچھ کیا تمہاری مفتیوں اور واعظوں نی کیا تم نہ جانتی ہو تو
کسی جاننی والی سے پوچھو بیہودہ سرائی سے عبث ناظرین کا دماغ پریشان نہ کرو **قولہ** بنظر فساد کی جلانا اور
یہود و نصاری کا سا اختلاف مٹانا الخ **اقول** جبکہ پیغمبر خدا نی اختلافات لغت کو جائز رکہا تو پہر اون لغات کا مٹانا
پیش خود بصفت قاضی و مفتی بنا ہی اور قرآن کی جلانی سے تو اختلاف نہیں مٹا کیونکہ اصل اختلاف کا منشاء
اختلاف تمہاری ہی تمسک قرآن ناطق میں اگر اوسکو نچھوڑتی اور ہر رطب و یابس میں مختلف الملائکہ کیطرف رجوع
کرتی تو ہر طرح کی احکام اسی قرآن صامت سے بوسیلہ حجت حق ایسی طور پر حاصل ہوسکتی کہ ہرگز اختلاف نہ رہتا
کیا افسوس کا مقام ہی کہ قرآن بہی جلا اور اختلاف بہی نہ مٹا بلکہ تفرق ہر فرقہ کا اسی پر متفرع ہوا مثل مشہور ہے
گیا اور کرتہ جاتا اور رہی تمکو تو زعم ہی کہ یہ اختلافات مذاہب اربعہ کو مٹا کی ایک قایم رکہو کہ یہود و نصاری کیطرح
اختلاف نہ پڑی مخمس ہے سنی نافہم کو ابلیس سے راہ + ظلم و ستم و مکر کی ہیں شاہنشاہ + رہتی ہیں پیغمبر کے
ہمیشہ بدخواہ + اب تک نہ ہوئی مغز سخن سے آگاہ + لاحول و لا قوۃ الا باللہ + **قال المجتہد الجری** یا لکریم
اور بنا بر روایات سبعہ حرف کی جو اختلافات اونمیں تہی وہ ازجملہ ساتوں حرفونکی ہی کہ قرآن مجید اونپر نازل
ہوا تہا چنانچہ مشکوۃ شریف میں لکہا ہی کہ خلیفہ ثانی نے خود فرمایا ہی کہ سنا میں نی ہشام بن حکیم بن حزام سے پڑہتا
تہا سورہ فرقان کو برخلاف اوسکے کہ جو میں پڑہتا تہا اور جناب رسولخدا نی مجکو پڑہایا تہا پس قریب تہا کہ میں
اوسکی اوسیوقت پکڑ لوں لیکن میں نی اوسکو چہوڑ دیا یہانتک کہ قرات کو تمام کیا پہر تو میں نی ردا اوسکی
گلی میں ڈالی [illegible] اوسکو جناب رسالتمآب کی پاس لیگیا اور کہا کہ سنا میں نی اسکو [illegible] پڑہتا ہی

۵۱

ہشام سی فرمایا کہ پڑہ تو کسطرحسی پڑہتا ہی اوسنی پڑہا اوسیطور سی کہ پہلی مینی اوس سے سنا تہا اون حضرت
نی فرمایا کہ اسی طور سی یہ سورہ نازل کیا گیا ہی پہر مجہسی فرمایا کہ تو بہی پڑہ مینی بہے پڑہا فرمایا کہ اسیطرحسی نازل کیا
گیا ہی مین اوسوقت حیران ہوا کہ دونو کو فرمایا کہ اسیطرحسی نازل ہوا پہر حضرت نی فرمایا کہ یہ قران نازل کیا گیا ہی
سات حرفون پر سو پڑہو جسطرحسی کہ میسر ہو قال الناصب الغوی اللئیم سبعہ احرف کے تفسیر مین علما اختلاف
ہی بعضی کہتی ہین کہ سات لغت مراد ہی کہ وہ قریش اور طی اور ہوازن اور ہذیل اور یمن او ثقیف او بنی تمیم
ہی لیکن قریش نسبت اور زبانون کی بہت فصیح ہی اسی واسطے اول قران اسی زبان پر نازل ہوا پہر توسع کیا لئے
چند دن تک اور زبانونمین بہی اجازت رہی اور بعضی کہتی ہین کہ مراد اوس سے سات قرائت مشہورہ ہی کہ سب
متواتر ہین اور اون سبہو نپر حکم قران کا ثابت ہے کہ اونپر صحت نماز اور حرمت مس جنب اور حایض وغیرہ مترتب
اور بعضی کچہہ اور ہی مراد لیتی ہین لیکن انحصار صحت کا انہین دونو مین ہے اور یہ اختلاف لغات سبعہ کا انہین
قرائت سبعہ کیطرف رجوع کرتا ہی جسکی تفصیل مشکوۃ مین بروایت ابن شہاب کے موجود ہی کہ اوسنی کہا
بلغنی ان تلک السبعۃ الاحرف انما ہی فی الامر تکون واحدۃ لا یختلف فی حلال ولا حرام ملا علی
قاری اور شیخ عبد الحق اسکی تحت مین افادہ فرماتی ہین کہ یعنی مرجع ہر ایک کا طرف ایک معنی کی ہے اگرچہ اختلاف
ہوا اسواسطی کہ لغات سبعہ اور اسیطرح قرائت سبعہ مین اختلاف نہین ہوتا اور اگر اختلاف ہو اسطرح کہ مثبت
منفی ہو جائی اور حلال حرام یا بالعکس تو یہ قرانمین درست نہین کہ یہ موجب اختلاف کثیر کو ہی حالانکہ خداوند پاک
فرماتا ہی ولو کان من عند غیر اللہ لوجدوا فیہ اختلافا کثیرا اور ہرگاہ یہ قران من عند اللہ ہی تو
اختلاف کثیر کو اسمین راہ نہین اب تقریب ملازمان والا کی ناتمام رہے اور دامن جناب عثمان کا بہتان نقصان سے
پاک ہوا ۵ تو ایک بات پر اور مدار از کس باک ❊ زنند جامہ ناپاک گازران بر سنگ ❊ من بعد اگر کچہہ شبہ رہے
تو مجمع البیان کے عبارت ملاحظہ فرمائی کہ وہ کسکی تائید کر رہی ہے اقول بفضل اللہ العلیم عارفین پر مخفی
نہ رہی کہ مجیب نے اس مقام پر کیسی پہلو تہی کی ہے اور اصل مطلب کو چہوڑ کی گفتگوی لاطایل سے صفحات کو
کو سیاہ کیا ہی اسلیے کہ کئی مقام اس جگہہ پر محل نظر مین اول یہ کہ مجیب نے کہا کہ پہر توسع کی لئی چند دن تک
اور زبانونمین بہی اجازت رہی اس عبارت سی ظاہر ہوتا ہی کہ بعد چند روز کی وہ اجازت منسوخ ہوی مگر یہ
نہین بیان کرتی کہ کس زمانہ مین کس ناسخ نی اوسکو نسخ کیا جب اجازت کو تسلیم کر چکے تو جبتک ناسخ کا اثبات
نہ کرین البتہ نسخ کا دعوی منسوخ و مردود ہی ہان اسمین شک نہین کہ بلا نزول وحی صاحب حیا و ایمان

از حضرت عمرؓ التماس کرد که در این امر توسعه شود پس اجرا آمد که هر کس بلغت خود بخواند و همچنین بخوانند تا زمان امیر المومنین
عثمان و چون وی مصاحف متعدده بنویسانید و ببلاد اسلام فرستاد قرار بهمان لغت داد که زید ابن ثابت بامر ابی بکر
صدیق و استصواب عمر فاروق جمع کرده بود و امر کرد بمحو باقی لغات انتہی اس عبارت کو چشم انصاف سے دیکھو تو
صاف صاف دلالت کرتی ہے کہ زمانہ عثمان تک قبل احراق مصاحف کے وہ سب لغات پڑھی جاتی تھیں اور محو
کیا اونکو عثمان صاحب حیا و ایمان نے اور بڑی حیرت کی بات ہے کہ جناب سید المرسلین واسطے آسانی امت کی خدا سے
دعا کریں اور وہ دعا مستجاب ہو کہ قرآن سات حرف پر نازل ہوا اور پھر بلا وجود ناسخ کے ایسا منسوخ ہو کہ اوسکا
پتا بھی نہ لگے یہانتک کہ اوسکے بیان کرنے میں اختلافات ہوں پینتیس عجاب اور باوجود اسکی کسی کتب معتمدہ اہل سنت
سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ چند دن تک اور زمانوں میں بھی اجازت رہی بعد اسکی پھر اونہیں حضرت کی عہد کرامت
میں محو ہو گئی ہو بلکہ انکی اکابر کی بیانوں سے محو کرنا عثمان کا ثابت ہوتا ہے جیسا آنفا مذکور ہوا دوسری یہ کہ تمنی
جو یہ کہا کہ بعض لکھتے ہیں کہ مراد اوس سے سات قرآت مشہورہ ہے کہ سب متواتر ہیں تو یہہ غلط معلوم ہوتا ہے
اسلئے کہ سیوطی نے اتقان میں ابو شامہ سے روایت کی ہے کہ بعض جہال کہتے ہیں کہ قرات سبعہ موجودہ وہی ہے
کہ جو حدیث نبوی میں انزل القران علی سبعة احرف کی ہے حالانکہ یہ خلاف اجماع اہل علم کی ہے انتہی ملخصا و جزری نے
کتاب نشر میں عبارت طولانی لکھی ہے مگر حاصل اوسکا یہ ہے کہ سبعہ احرف جو حدیث نبوی میں وارد ہے غیر قرات
سبعہ کا ہے و لیکن بسبب اشتراک لفظ کی کہ دونوں جگہ پر ہے بعض جہال نے قرات سبعہ مراد لیا ہے انتہی اور اسیطرح سے
مکی نے اور ابن اثیر نے نہایہ میں لکھا ہے اب روایات کثیرہ اہلسنت سے ثابت ہوا کہ قرات سبعہ احرف سبعہ سے
مراد لینا محض جہالت ہے پس مجیب کا اہتمام بر اس قول کو لانا اگر استشہاد کی لئے ہے تو باطل ہے اور اگر تضییع اوقات
و قرطاس یا عظمت عند عوام الناس منظور خاطر دریا مقاطر ہے تو یہہ کچھ مفید تمہاری نہیں علاوہ ان سبکی کہتا ہوں
کہ اگر سبعہ احرف سے مراد قرات سبعہ ہو تو سعی خلیفہ ثالث کی درباب احراق قرآن کے بیکار اور لاسود ہو جاتی
اسلئے کہ قرات سبعہ کا اختلاف تو اب بھی موجود ہے پھر باوجود جلا دینے اون مصاحف کے جو قراءتون کا
کیونکر رواج ہوا تیسری یہ کہ ارشاد تمہارا کہ اختلاف لغات سبعہ کا نہیں قرات سبعہ کیطرف رجوع
کرتا ہے اس سے کیا مراد ہے اگر یہ مراد ہے کہ یہہ دو نوعین ہے تو ابھی ثابت ہوا کہ قرات سبعہ اور احرف سبعہ
اور ہے اور اگر اوس سے یہ مراد ہے کہ جسطرح سے قرات سبعہ میں اختلاف اثبات و نفی کا نہیں ہوتا ویسا ہی

۵۳

لغات سبعہ مین لغات ثابت بھی نہین ہوتا تو پھر عقیدہ تمہارا کہان ثابت ہی ان لغات مین اختلاف بعض
زبان کی تہا کوئی زبان ہذیل مین کوئی ہوازن مین اسیطرح سے سات زبانون مین قران مجید کا نزول ہوا تہا اور وہ
باعتبار الفاظ کی مختلف تہین کہ اونکی جلادینی سی قران مین فی الجملہ نقصان ہوگیا اور مقصود ہمارا فقط اثبات نقصان
فی الجملہ سی ہے سو وہ الحمد للہ کہ بخوبی ثابت و آشکار ہی اور طرفہ ماجرا ہی کہ بسبب تطویل تم کیون کرتی ہو جناب سلطان العلماء
نی جو مطلب کہ مشکوۃ سی نقل کیا تہا یا اوسکو تسلیم کر دیا منع و جرح کرد و نہ نہین کرتی قابلیت جانفی کو ایک وہ مطلب
بیان کرنا شروع کیا یہ وابنا ظرہ سی کیا نسبت رکھتا ہی پوچ و نامربوط اسکی کہتی ہین **قولہ** اب تقریب بلا زمان وہ ناکے
ناتمام رہی اور دامن جناب عثمان کا بہتان نقصان سی پاک ہوا **اقول** دامن عثمان کا کیونکر نقصان قران سی پاک
ہو سکتا ہی ہمنی تمہاری تقریر کو لیا اوٹہا دیا کہ اب کسیطرح تم ہل نہین سکتی اور جو دہبا دامن پاک مین صاحب
حیا کی اہل عراق نے لگایا ہی کسی کا ذرکی دہونی سے دور نہین ہو سکتا اب ہزار طرحسی اپنا سر سنگ تعصب کے
ٹپکتی رہی اونکا جامہ کبھی پاک نہوگا ایسے شعر گلستان کیجہ پڑہنی سی آپکے قابلیت ثابت نہین ہوتی بلکہ ثابت ہوتا ہے
کہ آپ طفل دبستان ہین **قولہ** بعد اگر شبہہ ہی تو بسبب تسمیہ ایشان الخ **اقول** ہم وہ عبارت دیکہ چکی اور حقیقت
اوسکی بیان کر چکی تمہاری دلسی اگر زنگ سی وہ زنگ کے دور ہونی مین دیر نگ ہے تو در منثور کی عبارت اور
اتقان کی روایت اور اپنی اکابر کی حکایت جو بار بار مذکور ہو چکی ہی غور سے دیکھی کہ اوس سے نقصان ظاہر ہوتا
ہی یا نہین **قال مولانا المجتہد الحبری بالتکریم** اور مخفی نہ رہی کہ سات حروف غیر قراءتون قراءۃ سبعہ کے
بہی کہ وہ باقی نہ رہی اور نہ باقی ہین مانند قراءت ابی بن کعب کے اور ابن عباس کے کہ آیہ متعہ کو اسطرح پڑہتی تھی فما استمتعتم
بہ منہن الی اجل مسمی فاتوہن اجورہن فریضۃ چنانچہ تفسیر کبیر مین مذکور ہے اور ابن اثیر جزری نے بہی
اقرار کیا ہی کہ سبعہ احرف سواے قراءت سبعہ کے ہین **قال الناصب الغوی اللسیم** جو لوگ قائل ہین کہ سبعہ
احرف غیر قراءت سبعہ ہین مراد اونکی غیر لغات سبعہ نہین اور نہ لغات متناقضہ کیونکہ تقدیر اول پر عدم اتمام
کلمۃ اللہ لازم آتا ہی اور یہ بدلیل کریمہ وتمت کلمۃ ربک صدقا وعدلا جائز نہین اور بر تقدیر ثانی تبدیل مثبت بمنفی
اور منفی بمثبت یا استحالہ حلال بحرام او حرام بحلال ناگزیر ہی اور یہ موجب اختلاف کثیر ہی کہ قطع نظر اہلسنت شیعہ
بہی اسکو روا نہین رکھتی چنانچہ صاحب خلاصۃ المنہج تحت کریمہ لا مبدل لکلماتہ وھو السمیع العلیم کی لکھتا ہی نیست کسی
نیست کہ تبدیلی دہندہ باشد مر اخبار و احکام او را چنانچہ تبدیل و اوند توریت را زیرا کہ حقتعالی حافظ قران
فرمودہ است پس معلوم ہوا کہ سبعہ احرف سے وہی لغات سبعہ مراد ہین جنکا مذکور ہو چکا انکا باقی نہ رہنا ممنوع

٥٤

سبعہ کے ہیں چنانچہ بعضی شراح مشکوۃ نے بابجا تصریح کی ہے اب لغات اور قرأت متواترہ وہی ہیں جو
اس قرآن میں موجود ہیں اور جو انکے سوا ہے وہ شاذ ہی یا منسوخ خصوصًا وہ قرأت کہ جسمیں اختلاف کثیر اور علت صورت
کا تفاوت ہو وہ تو مردود ہی ہے جیسی قرأت الی اجل مسمّی جسکا تمسک ہے بہ نہیں کی کہ شیعہ اس سے اباحت متعہ کے قائل
ہیں حالانکہ قیود ثلاثہ مکذب اس قرأت کی ہیں ہر متعہ کو کیا کہیں بیان اوسکا یہ ہی کہ حق تعالی نے پہلی اون عورتوں کا
ذکر فرمایا جنسی نکاح حرام ہی اسطرح پر کہ وحرمت علیکم امہاتکم والمحصنات من النساء الا ما ملکت ایمانکم
کتاب اللہ علیکم بعد اسکی اون عورتوں کا ذکر جنسے نکاح حلال ہے اسطرح پر کہ واحل لکم الآیہ مگر کئی قیدوں سے
ایک ان تبتغوا باموالکم یعنی مال دنیا قبول کردو مہر اور نفقے میں دوسری محصنین غیر مسافحین یعنے قید میں
رکھنے کی طرح جو مستی نکالنی کو نہو یہانتک کہ ہمیشہ وہ عورت اسکی ہو جاوی اسکی چھوڑی بغیر نچھوٹی یعنی مدت
کی مقرر نہو اوی کہ ہمیشہ تک یا برس تک اور یہ قید سورۂ مائدہ میں ہی اور یہان بہی لونڈیونکی نکاح میں کہ جہسی
یہ لوگ شاہد ہوں کمسے کم دو مرد یا ایک مرد دو عورت اور مجموع ان شرطونکا غیر مشکوعہ اور غیر ملک ہیں
میں مفقود ہی کیونکہ تحلیل الفروج اور اعارۃ الفروج تو صورۃ ای متعت میں باطل ہی ہے ود واور متعہ میں احصان
نہیں ممنوعہ کا یہی معمول ہے کہ ہر روز یار بدلتی اور ہر حال میں دولتمند رہتی اختیار کرتی ہے بلکہ اگر اسکی سیاق میں غور

۵۵

کیا جاوی تو صاف متعہ حرام ٹھہرتا ہی اسواسطی کہ اگر وہ مباح رہتا تو لونڈیونکی نکاح کو بعد نکاح حرہ کی بلفظ
ومن لم یستطع منکم طولًا کیا ایں تشدد اور تقید اور التزام قید کیون ارشاد فرماتی اور بعد اسکی یہ الا علی
ازواجہم او ما ملکت ایمانہم فانہم غیر ملومین فمن ابتغی وراء ذلک فاولئک ہم العادون
کہ صاف دو قسم کی مباشرت پر ناطق ہے ایک بی بی سے ایک لونڈی سے اور جو سوا ان دو قسمونکی ہے
اوسکو موجب ملامت فرمایا حرمت متعہ پر اولی دلیل ہے کیونکہ ظاہر ہے کہ ممنوعہ ان دونوں قسمونسی باہر ہے
نہ زوجہ ہوسکتی ہے کیونکہ ہیں اسواسطی کہ لوازم زوجیت کی مثل طلاق اور ایلا وغیرہ ممتوعہ میں متحقق نہیں
جیساکہ مفصل اسکا بیان آگی ہے مقررات فن سے یہی کہ الشیٔ اذا ثبت ثبت بلوازمہ اسی واسطی امام رازی
نے بطریق تنزل کی فرمایا کہ وہذہ القرأۃ علی تقدیر ثبوتہا لا تدل الا علی ان المتعۃ کانت
مشروعۃ ونحن لا ننازعہ فیہ انما الذی نقولہ ان النسخ طرء علیہ اور اسکو ملازمان والانے ابہی
بچاؤ کی واسطی مطلقا بی قید تفسیر کبیر پر حوالہ کیا اور غلط اس فقرہ کو قرآن میں پڑھا سہ گر تو قرآن

٥٦

ہی متعہ کوالی ﴿ بہری روکی شکمائی ﴾ پس معلوم ہوا کہ متعہ حرام ہی اور یہ قرات الی اجل مسمی کی
ہرگز ابن عباس وغیرہ سی ثابت نہیں شہوت پرستون نی اپنی لذات نفسانی کے واسطی بنائی ہے اور
سباق اور سیاق قرانی کے او سکو دلیل متعی کے ٹہرالی ہی **اقول بفضل اللہ العلیم** جبکہ باعتراف
کی سبعہ احرف غیر لغات سبعہ نہین یعنی مراد سبعہ حرف سی لغات سبعہ ہی اور وہ الفاظ کہ زبان
وغیرہ مین تہین باقی نہین ہین تو نقصان قران مین فی الجملہ ثابت ہوا اور اتالیقی خلیفہ ثالث
اس سے زیادہ اور کیا ہوگی کہ خلاف خدا و رسول اون الفاظ کو مٹا ڈالا اب یہہ جو تمنی کہا کہ پس معلوم ہوا
سبعہ احرف سے وہی لغات سبعہ مراد ہین جنکا مذکور ہو چکا اب انکا باقی رہنا ممنوع ہی الخ تو فرمائی کہ زبان
ہوازن اور ہذیل اور یمن و رطی وغیرہ کی لفظین اس قران مروج مین کہان ہین اور خلیفہ ثالث نی کیون
اون لغات پر قلم نسخ کا پہیر دیا اور مخفی نہ رہی کہ حیثیت ہر لغات کے واحد ہونی سے یہ لازم نہین آتا کہ جو
احکام اور معانی کہ سوا لغت قریش سے سمجھی جاتی تہے وہی لغت قریش سے بہی سمجھی جاتی ہون ہو سکتا ہے
کہ اون لغات متروکہ مین وہ معانی رہی ہون کہ لغت قریش سے نہین سمجھی جاتے نظیر اس مدعا کی
کہ حنفیہ و ابن حاجب وغیرہ نی صیام کفارہ یمین مین بسبب قرآۃ ابن مسعود کی فصیام ثلثۃ ایام متتابعات
تتابع صیام کو واجب جانا ہی حالانکہ قران موجود مین لفظ متتابعات کا نہین جیسا کہ نیشاپوری ابنی تفسیر
لکہا ہی ثم صیام الایام الثلثۃ مشروط عند ابی حنیفۃ بالتتابع تمسکا بقرآۃ ابن مسعود
فصیام ثلثۃ ایام متتابعات فان قرائتہما لا تختلف عن روایتہما انتہی ثابت ہوا کہ ابو حنیفہ
مذہب بہی نقص قران مین مطابق اون امامیہ کی ہے جو نقصان کے قایل ہین اب کہو تم حنفی ہو کیا
سو نہہ تو دیکہو اسطی قول ابی حنیفہ کا جس سے متتابعات کا نکل جانا قران موجود سی ثابت ہی کفایت نہین
کرتا اگر کچہہ بہی حیا ہو تو پہر نقص ہونیکا نام نہ لینا اور اپنی امام سی مخالفت نہ کرنا حیف ہے کہ عثمان نی اختلاف
یہود   کا سا رفع کرنیکو مصاحف جلائی اور نعمان نی اونکی سعی کو لا ینفع بنا دیا جب ان کے
لفظ مین مثل ائمہ   وا کی اختلاف بیان کرتے ہین تو آپکے خاطر دریا مقاطر جس مین ایک گہڑے ہیا کی برابر
تنجر کا پانی نہین ہی کسقدر جوش مین آتی ہے اور جب تمہاری امام نی متتابعات کی اسقاط تسلیم کیا تب
نہین فرماتی کہ مثل یہود   کے کیون اختلاف ڈالتی ہو اب بہلا منقولہ اپنا یاد کرو کہ کسکا ادا نو
پہلا بعض امامیہ کی علما جو نقص کے قایل ہین اونکی کلام سی تمسک کرکے تمنی جمہور اہل تشیع کو منکر ذا

قرآن کا قرار دیدیا تھا اور ایسی تحریر سے باتیں کرتے تھے کہ گویا یہ قرآن آپکے حصہ مین آیا ہی شیعہ اسکو بالکل
نہیں مانتے اسواسطے انکی تکفیر کے فکر مین تھے اگر یہی امر موجب تکفیر کا ہی تو کہدو کہ دہلوی ایک فصل تمہاری
امام کی کفریات کی بھی قائم کری کہ اوسنے نقصان کو قبول کیا اب تحنیف چھوڑ دیا اپنی عقیدہ سے توبہ
کرو اور تنقیص قرآن کا دہبا اوس پاک مین عثمان باحیا کی لگا کر اپنا مونہہ کالا کرو اور یہی تم سمجھو کہ مثل لفظ
متتابعات کی بہت سی زیادتی قرآن مین تھی کہ وہ بسبب احراق قرآن اور اشاعت فرقان کی جاتی رہے
اور یہی وجہ حدت مرجعیت سے کیا ضرور تھا کہ خلیفہ ثالث نے تماسے رسولخدا کی چھوڑ کی الفاظ غیر لغات
قریش کو محو کر دیا اکثر جگہہ پر قرآن مروج الآن مین الفاظ اور معانی واحد ہین کہ وہ مختلف ساتہ حلال و
حرام کی نہیں ہوسکتی بعضے برح اونکا ہی واحد ہی پہر اوسے کیون نہ محو کر دیا اور یہہ لغتونکو محو کر دیا اور یہ
جو تمنے کہا کہ بلکہ یہ لغات سبعہ ضمن مین نہیں قرآت سبعہ کی ہین الخ تو ماحصل اسکا سواے اسکی کہ جس
طرحسے کہ قرآت سبعہ مین اختلاف حلال و حرام کا نہیں ہوسکتا ویسا ہی ان لغات مین بھی اونکا اختلاف
نہین دوسرا مطلب مفہوم نہیں ہوتا اور یہ معنی کچھہ مفید مجیب نہین اسلئے کہ ابھی روایات کثیرہ اہلسنت
سے ثابت ہوچکا کہ سبعہ احرف سے مراد قرآت سبعہ نہیں بلکہ لغات سبعہ مراد ہی اور وہ غیر قرآت
سبعہ ہے پس وہ الفاظ جو غیر لغت قریش سے تھین وہ محو ہوگئین پہر بہت لاف نی اور چرب زبانی سے
کیا حصول **قولہ** جیسے قرآت الی اجل مسمی بعد فما استمتعتم بہ منہن الخ **اقول** اس قرآت کو متروک او
منسوخ کہنا اور اپنی امام کی قول و فعل کو نہ دیکھنا کہ اونہونے متتابعات کی قرارت تسلیم کی ہی کتب اہلسنت
کو منسوخ کرتا ہی اسلئے کہ نیشاپوری اس آیہ کی ذیل مین یون تفسیر کرتا ہی واتفقوا علی انہا کانت مباحۃ
فی صدر الاسلام ثم السواد الاعظم من الامۃ علی انہا صارت منسوخۃ وذہب الباقون منہم
الی انہا ثابتۃ کما کانت وی ہذا عن ابن عباس وعمران بن حصین انتہی پس جبکہ ابن عباس کہ سردار
مفسرونکے تھے اور عمران بن حصین کہ اجلہ صحابہ سے تھے اونکی نزدیک آیہ فما استمتعتم منسوخ نہیں ہوا تو قرارت
الی اجل مسمی کی کہ یہہ بھی ابن عباس وغیرہ سے مروی ہے کیونکر ثابت نہوگی اور حاکم نے اپنی مستدرک
مین ابوسلمہ سے روایت کی ہے قال سمعت ابا نضرۃ یقول قرأت علی ابن عباس فما استمتعتم بہ منہن الی
اجل مسمی قال ابو نضرۃ فقلت ما نقرؤہا کذلک قال ابن عباس واللہ لانزلہا کذلک او ربعہ اسکے

ہی ثابت ہے اور ابن عباس کے نزدیک متعہ الی یوم القیامۃ باقی ہے تو اس قرآت کو منسوخ کہنا سراسر جہل یا
تجاہل سی ہی اور اگر یہ قرآت مصحف عثمان مین نہین تو اس سے اوسپر عمل نہ کرنا غیر مسلم ہی کیونکہ مذکور ہو چکا
کہ لفظ متتابعات کا بعد فصیام ثلثۃ ایام کی کہ اس قرآن موجود مین موجود نہین حالانکہ بسبب قرآت ابن مسعود کے
علمآء اہلسنت اوسپر عمل کرتی ہین اگرچہ وہ قرآت اونکی نزدیک شاذہ سی ہے پس بعد تسلیم اسبات کی
کہ یہ قرآت شاذہ ہو علمآء اہلسنت کو لازم ہی کہ اثبات اس امر کا کہ قرآت شاذہ متروک اور مردود اپنی کتابون
سی لاوین و دونہ خرط القتاد **قولہ** حالانکہ قیود ثلثہ مکذب اس قرآت کی ہین **اقول** یہ شبہ بارنیہ ابوبکر رازی
ہی کہ علمآء فرقہ امامیہ زاد اللہ لہم رفعۃ وجلالا بلکہ امام المشککین یعنی فخر رازی مقدوح کر چکی ہین اسمقام پر الزام
اہلسنت کی لئی فقط امام رازی کا قول کافی ہی ہوش سے سنئی کہ ابوبکر رازی نے آیہ فما استمتعتم سی احتجاج کیا
ہی کہ متعہ حرام ہی اور اس حرمت پر تین دلیلین قایم کی ہین اور اون سبکو فخر الدین رازی نی مجروح کر دیا ہے
اول دلیل اوسکی یہہ ہی کہ خداوند عالم نی پہلی محرمات کو بیان کیا اور کہا حرمت علیکم امہاتکم اور بعد اسکی آخر
آیہ مین کہا واحل لکم ما وراء ذلکم پس مراد تحلیل سے وہی ہی کہ جو وہان پر
مراد تحریم سی ہے اور وہان پر مراد تحریم سے تحریم نکاح ہی پس یہان پر بہی واجب ہے کہ مراد تحلیل
سی تحلیل نکاح ہو انتہی ملخص دلیلہ اس دلیل کو فخر رازی نی ضعیف لکہا ہی اور سطور سی لکہتا ہی اما الذی
ذکرہ فی الوجہ الاول فلانہ لما ذکر اصناف من یحرم علی الانسان وطیہن ثم قال واحل لکم ما وراء ذلکم
ای احل لکم وطی ما وراء ہذہ الاصناف فای فساد فی ہذا الکلام انتہی بعد اسکی پہر ابوبکر رازی نی لکہا
ہی دوسری یہہ کہ خداوند عالم محصنین ارشاد فرماتا ہی اور احصان نہین ہوتا مگر نکاح صحیح مین انتہی محصل دلیلہ
اور اس دلیل کو بہی امام رازی نی ضعیف لکہا وقال واما قولہ ثانیا ان الاحصان لا یکون الا فی نکاح
صحیح فلم یذکر علیہ دلیلا انتہی بعد اسکی پہر ابوبکر رازی نے لکہا ہی تیسری یہہ کہ جناب باری فرماتا ہی غیر مسافحین
اور زنا سفاح ہی اور متعہ مین مقصود نہین ہوتا مگر سفح الماء اور نہ متعہ مین مطلوب ولد ہی اور نہ سائر مصالح
نکاح اوس سے مطلوب ہین پس متعہ بہی سفاح ہوا انتہی محصل دلیلہ اور اس دلیل کو بہی فخر رازی نی ضعیف لکہا
اور سطر حسی توضیح لکہا واما قولہ ثالثا انہ انما سمی سفاحا لانہ لا یراد منہ الا سفح الماء والمتعۃ کذلک
فنقول انما سمی سفاحا لانہ لا مقصود فیہ الا سفح الماء والمتعۃ لیست کذلک فان المقصود

۵۸

پھر فخر رازی نے کچھہ تعرض نہ کیا پس معلوم ہوا کہ حرمت متعہ پر یہ دلیل کہ جو مجیب نے بتقلید ابو بکر رازی کی لکھی ہے بطبع
فخر رازی نہیں ہے بلکہ یہہ دلیل اوسکی نزدیک مردود ہی باقی یہ کہ اس غبی نے جو بتقلید شاہ صاحب کے قید
ان تبتغوا باموالکم سی تحلیل فروج کو خارج کیا ہی جیسا کہ خود شاہصاحب اپنی تحفہ ترجمہ کتاب صواقع
مین یون ارشاد فرماتی ہین پس تحلیل فروج و اعارہ آن ازین شرط باطل شدہ زیرا کہ آن سودے امنفعت است انتہی
تو اسکا جواب یہہ ہی کہ اس کلام ربانی سے اتنا ہی ثابت ہوتا ہی کہ ابتغا مال سے جائز ہی اور یہہ ثابت نہین ہوتا
کہ بغیر خرج مال کی وطی جائز نہو کسواسطی کہ شافعی کے نزدیک اگر مہر مین منفعت مقرر کرین تو ہو سکتا ہی چنانچہ
تفسیر نیشاپوری مین ہی قال الشافعی الایۃ تدل علی ان الابتغاء بالمال جائز و لیس فیہ ان الابتغاء
بغیرہ جائز ام لا ایضاً قد خرج الخطاب مخرج الاغلب الاعم فلا تدل علی نفی ما سواہ انتہی اب
حقیقت مین تحلیل کے تحریم کرنا اپنی امام کی تکریم کو بھول جانا اور اوسکو الزام دینا ہی خلاصہ کلام یہہ ہے
کہ جسطرح علماء اہلسنت کہتی ہین کہ قول سبحانہ و تعالے الا ما ملکت ایمانہم مین ملک یمین اعم ہی کہ اوسکو
خرید کرین یا یہہ کہ کوئی ہبہ کری یا بوراثت آئی ہو اوسی طور سی ہم بھی کہتی ہین کہ ملک یمین کی دو صورتین
ہین خواہ ملک منفعت ہو یا ملک عین پس تحلیل مین دوسرے قسم کا صادق نہ آنا اول کے عدم صدق کو مستلزم
نہین اگر کوئی متوہم یہ توہم کری کہ لونڈی کی ہبہ کرنے مین سودای منفعت صادق نہین آتا اسلئی کہ نفقہ
اور کسوت جاریہ موہوبہ موہوب لہ پر واجب ہی بخلاف محللہ کی کہ اوسکا نفقہ وغیرہ محلل پر واجب ہی تو
جواب اسکا یہ ہی کہ انفاق اور کسوت جاریہ موہوبہ توابع ملک یمین سے ہی شروط اباحت وطی اور تملک
سی نہین پس اگر کوئی شخص جاریہ موہوبہ کو نفقہ وغیرہ سی باز رکہی تو وطی اوسکی حرام ہوگی جبکہ وہ شخص تارک
فعل واجب کا ہوگا ہذہ خلاصۃ ما فی الکتب الالہامیہ **قولہ** دوسری محصنین غیر مسافحین یعنی قید مین لانیکی طرح
ہو مستی نکالنی کو نہو یہانتک کہ ہمیشہ وہ عورت اس مرد کی ہو جائے اسکی چھوڑی بغیر نچھوٹے یعنی مدت کا
ذکر نہ اوی کہ مہینی تک یا برس تک **اقول** احصانکی جو معنی اسنے نی لکھی ہین اختراعی بحت ہین
نہ یہ معنی لغوی ہین اور نہ مصطلح فقہی کیونکہ اگر احصان متعہ مین نہوتا تو فخر الدین رازی کہ امام مخالفین
ہی حجت ابو بکر رازی کو مجروح نکرتا حالانکہ ابہی ثابت ہو چکا ہی کہ اونی دلیل ابو بکر رازی کو کہ مشتمل بر
احصان تہی پسند نہین کیا بلکہ ضعیف معلوم کیا اور یہی کسے مفسرین معتبرین نے احصان کی یہہ معنی کہ

٥٩

متصور ہوتا ہی کہ جبتک حبالۂ عقد متعہ میں زن متمتع بہا رہتی ہے تب تک دوسری سی عقد نہیں کر
اور تفسیر المبیت میں بھی احصان کی معنی عفاف اور پارسائی کی لکھی ہیں قال الرازی فی التفسیر
الکبیر و قوله محصنین ای متعففین عن الزنا و قوله غیر مسافحین ای غیر زانین و هو تکریر للاول
انتهی اور تفسیر حسینی میں ہی پارسا باشید از زنا کنندگان انتہی غرض کہ یہ سب معنی احصان کی کہ جو تفاسیر اہلسنت میں
لکھی گئے متعہ میں از روی نص اہل لغت کی ہوتی ہیں ہاں احصان کی یہ معنی کہ مدت کا ذکر نہ آوی جیسا کہ
ابن حجر نے لکھا ہی متعہ میں مفقود ہی انتہی کہ کسی کتب معتبرہ اہلسنت سی بہہ یہ معنی احصان کے مفہوم نہیں ہوتے
قوله تیسری قید سورۂ مائدہ میں **اقول** یہ عجائب تخبطات عجیب سے ہی کہ ابو بکر رازی وغیرہ کو بھی ایسا تخبط
حاصل ہوا عمدہ دلیل اسکی بطلان پر یہ ہی کہ اگر شرط شاہدین کی نکاح میں معتبر ہوتی تو مالک اور داؤد بھی
واجب جانتی حالانکہ مالک اور داؤد کی نزدیک بھی نکاح میں شاہدین کی شرط اوسی طرح سے نہیں ہی جیسے
امامیہ کی نزدیک نہیں ہی کہ بغیر اوسکی نکاح درست نہ ہوا اور فرمائی کہ وہ کونسی آیہ قرآنی ہے جس سے
شرط شاہدین کے سمجھی جاتی ہی بہت کذب گوئی سے اپنی زبان کو بچائی نہیں تو بمقتضای حدیث من فسر القرآن
برأیه فلیتبوء مقعده من النار کی کہیں تمکو بیاد نہ بیٹھی ہر جانب سے بوچھار آئیگی **قوله** بلکہ اسکی سیاق میں غور کیا
جاوی تو صاف متعہ حرام ٹہرتا ہے اسواسطی کہ الخ **اقول** سچ ہی کہ ایسے مرید کو ایسا ہی پیر چاہیی تمہارا قصور
نہیں شاہ عبد العزیز صاحب اور مولوی رشید الدین خان سبہا اسیطرح اپنی تحفہ مسروقہ اور شوکت عمریہ میں
لکھ چکی ہیں اور جواب اسکا کئی طور سی عرض کرتا ہوں اول یہ کہ طول کی معنی اصطلاح فقہ میں کئی وجہ سے
بیان ہوئی ہیں اول مہر حرہ اور نفقہ حرہ دوسری وجود حرہ تیسرے امکان وطی حرہ اور بعضوں نی اور بھی تفسیر
لکھی ہے کہ ہاں سیاق میں ضمنا بیان ہوگی اور معانی ثلثہ کو شیخ مقداد علیہ الرحمہ نے کنز العرفان میں باین عبارت
تحریر فرمایا ہی قال محققوا صحابنا هو مهر الحرة و نفقتها و وجودها و امکان وطیها فلیلا دبر
جایز ہے کہ طول سی مراد کریمہ مذکورہ میں وجود حرہ ہو یعنی جس شخص کو زن حرہ میسر ہو کہ اوس سے نکاح دایمی یا
منقطع عمل میں لائی تو اوسکو نکاح تمہاری جواری سی جائز ہی دوسری یہ کہ بعد تسلیم اس بات کی کہ مراد طول
سی مہر اور نفقہ ہی میں کہتا ہوں کہ مراد جناب کبریا کی اس روایت سی فقط نکاح دایمی واسطی تدبیر منزل وغیرہ
کی ہے اب معنی آیہ کریمہ اسطور پر ہوئی کہ جو شخص استطاعت نہ رکھتا ہو اسکی کہ نکاح میں لائی زن حرہ واسطی
غرض تدبیر منزل اور مسکن وغیرہ کی تو چاہیی کہ وہ نکاح جواری مسلمین عمل میں لائی کہ اوس سی بھی

٦٠

۹۱

تدبیر منزل وغیرہ بخوبی متصور ہوتی ہے اور وضع متعہ کی فقط اسلئی ہے کہ کوئی شخص بسبب میلان اور خواہش
نفس کے زنا مین مبتلا نہوفی پائی پس تخصیص نکاح جواری کی اسمین منافی نکاح متعہ کی نہین اسلئی کہ احتمال
معنی مذکور کا اس آیہ مین متطرق ہی فاذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال تیسری یہ کہ اہتمام
بر نکاح جواری مفید حصر نہین اسلئی کہ قرآن مجید مین اکثر جگہہ سکوت فی معرض البیان ہی کہ وہ مفید حصر کی نہین
ہو سکتا چنانچہ خداوند عالم فرماتا ہی اذا جاء احد منکم من الغائط او لامستم النساء اہتمام بر باقی
احداث مثل جاء من البول او الریح او الاحتلام مذکور نہین پس بنا بر تمہاری قول کے چاہئی کہ سوائے
غایط اور مس نساء کی باقی احداث اس حکم مین شامل نہون وانہ باطل بالاتفاق اور یہی جناب اقدس الہی بعد
چند محرمات کی فرماتا ہی واحل لکم ما وراء ذلکم حالانکہ جمع درمیان زن حرہ اور اوسکی بہتیجی کے اور جمع
درمیان خالہ اور اوسکی بہانجی کے اور اسیطرحسی جمع بین الاختین یہ سب حرام ہین اگر اسی ہی احل لکم
مین داخل کیجئی تو چاہئی کہ یہہ بہی حلال ہو جائے حالانکہ بتصریح زاہدی وغیرہ کی یہ حرام ہی اور اگر خارج کیجئی تو
بتائیے کہ اس آیہ مین دلیل اوسکی اخراج کی کیا ہی سوائے احادیث کی کہ وہ متعہ کی واسطی بہی موجود ہے
پس ہو سکتا ہی کہ ما نحن فیہ مین بہی ایسا ہی ہو یعنی معرض بیان مین سکوت کا ہونا مفید حصر کا نہو چوتہی
یہ کہ صاحب کشاف نی اس آیہ کی اس طور سے تفسیر کی ہی کہ مضمون اوسکا یہ ہی کہ جس شخص کے حبالہ مین زن آزاد
ہو تو نکاح اوسکو کنیز سے جائز ہے اور مراد نکاح سی اس آیہ مین وطی ہے انتہی ملخصہ پس جبکہ بتصریح
صاحب کشاف کے معنی آیہ مذکورہ کی ہوئی تو اسصورت مین آیہ کریمہ شامل منکوحہ اور ممتوعہ دونوکو ہوگی
اسلئی کہ شیعونکی نزدیک بہی نکاح منقطع اور دائم جواری سی اوسوقت مین کہ زن حرہ تحت مین ہو حرام
ہی ہان اگر وہ اجازت دیدی تو البتہ ہو سکتا ہی اب معلوم ہوا کہ معنی طول کے اس تقدیر پر کون الحرۃ
تحت الرجل ہی پانچوین یہ کہ امام فخر الدین رازی نے اس آیہ کی تفسیر مین تین قول لکہی ہین تیسری قول
مین اسطرحسی لکہا ہی کہ حاصل اوسکا یہہ ہی کہ جو کسی کنیز پر فریفتہ اور عاشق ہو اور زن حرہ سی بسبب
اوس تعشق کی نکاح ممکن نہو سکتا ہو تو اوسکو جائز ہی کہ اوس کنیز سی نکاح کری انتہی ملخصہ پس جبکہ
یہ احتمالات معنی اس آیہ مین متطرق ہوئی تو معلوم نہین کہ یہہ لاف نی او شعلہ انگنی اس غبی کی کس
جہت سی ہی ہذا غایۃ التوضیح للمقام استوفیتہ بفضل اللہ ذی الاکرام والجلال قولہ

نکالنا اپنی رای سی سراسر جہل اور تخلف ہی حدیث نبوی سی اسلیئی کہ ممتوعہ ازواج مین داخل ہے اور کسی
حدیث مین یہ وارد نہین ہوا کہ ازواج سوای منکوحات کی ممتوعات پر نہین صادق آتی پھر ممتوعہ کو ان دونو
قسمو سی باہر جاننا اور یہ کہنا کہ نہ زوجہ ہو سکتی ہی نہ ملک یمین اسواسطی کہ لازم زوجیت مثل طلاق اور ایلاء وغیرہ
یک قسم نہین ہین بجز اسکی کہ یہ شخص قران کی معنی اپنی دلسی کہتا ہی کیا تصور کیا جائی اور ایلاء وغیرہ اسکو ہم لوازم
زوجیت سی نہین کہتی اسطرح پر کہ اگر یہہ نہون تو زوجہ صادق نہ آئی بلکہ یہ زوجہ کی صفات زایدہ مین
سی ہین مانند اسکی کہ زن اپنی شوہر کو ایذا نہ دی اور اوسکی دین کے مخالفت نہ کری اور ہمیشہ اوسکی اطاعت
کری دیکھیی کہ زوجہ مرتدہ بائن ہوجاتی ہی بغیر طلاق کی اور زوجہ ناشزہ مستحق کسوت کے نہین اور احصان قبل
دخول کے ثابت نہین ہوتا حالانکہ زوجہ ہونا اوسپر صادق آتا ہی علاوہ اسکی کہتا ہون کہ اطلاق زوجہ
کا متمتع بہا پر کلام اہل سنت سی بھی ثابت ہوتا ہی جیسا کہ ربیع بن سبرہ کی روایت مین مذکور ہی قال ثم کونا
العزبۃ الی رسول اللہ صلعم فی حجۃ الوداع فقال استمتعوا من ہذہ النساء فابین الا ان نجعل
بیننا وبینہن اجلا فتزوجت امراۃ فمکثت عندھا ثلث لیلۃ اور جواب تفصیلی اسکا انشاء اللہ
مبحث متعہ مین بیان ہوگا قولہ اسی واسطی امام رازی نے بطریق تنزل کی فرمایا فہذہ القراءۃ علی تقدیر
ثبوتہا لا تدل الا علی ان المتعۃ کانت مباحا الخ اقول مخفی نہ رہی کہ مقصود جناب سلطان العلماء کا نقل
قراءت الی اجل مسمی سی بحوالہ تفسیر کبیر یہہ نہین ہی کہ صاحب تفسیر کبیر ہی اوسکا اعتقاد رکہتا ہو بلکہ غرض
یہہ ہی کہ صحابہ مثل ابن عباس و ابی بن کعب و عمران بن حصین و عبد اللہ بن مسعود وغیرہ اجلہ صحابہ آیہ
متعہ کو اسطور سے پڑہتی تہی اور پڑہنا اس آیہ کا اس قراءت سی روایات کثیرہ اہلسنت سی ثابت ہی جیسا
کہ خود فخر الدین رازی تفسیر کبیر مین لکھ رہے ہین روی ان ابی بن کعب کان یقرء فما استمتعتم بہ منہن
اجورہن الی اجل مسمی وہذا ایضا قراءۃ ابن عباس والامۃ ما انکروا علیہما فی ہذہ القراءۃ
فکان ذلک اجماعا من الامۃ علی صحۃ ہذہ القراءۃ وتقریرہ ما ذکرتموہ فی ان عمر لما منع الصحابۃ ما
انکروا علیہ فکان ذلک اجماعا علی صحۃ ما ذکر فکذا ہہنا فاذا ثبت بالاجماع صحۃ ہذہ القراءۃ
ثبت المطلوب انتہی اور طبرانی و بیہقی نی اپنی تصنیف مین ابن عباس سی روایت کی ہی کہ قال کانت المتعۃ
فی اول الاسلام وکانوا یقرءون ہذہ الآیۃ فما استمتعتم بہ منہن اجورہن الی اجل مسمی الآیۃ

٦٢

بی فان فما استمتعتم به منهن فاتوهن اجورهن الی اجل مسمی قلت لا اقرؤها هکذا قال ابن عباس

والله هکذا انزلها ثلث ثلث مرات انتہی اس عبارت سے یہ کہا کہ اور یہ قرآءت الی اجل مسمی غلط ہر گز ابن عباس

وغیرہ سے ثابت نہیں شہوت پرستوں نے اپنی لذات نفسانی کی واسطے بنالی ہے انتہی محض جہالت سے ہے

اور حقیقت میں اگر انصاف سے دیکھیے تو قول رازی کا وہذہ القراءۃ علی تقدیر ثبوتہا مائل تسلیم ہی اسلیے کہ فخر رازی

نے اولا اس قراءۃ کو ذکر کیا اور بعد اوسکے پہر لکہا کہ کسی امتی نے اس قرآءت کا انکار نہیں کیا اور یہ قرآءت اجماعی

ہی بعد اسکی پہر لکہا کہ اگر یہ قرآءت ثابت ہو تو دلالت نہیں کرتی مگر اس بات پر کہ متعہ مشروع تہا اور ہمکو اسمیں

نزاع نہیں بلکہ ہم یہ کہتے ہیں کہ بعد مشروعیت کی اوسپر نسخ طاری ہوا اب عارفین ملاحظہ فرمائیں کہ رازی نے

فی نفسہ صریح قرآءت مذکورہ پر نہیں کیا بلکہ فی المعنی تسلیم کر کے کہا کہ نسخ اوسپر طاری ہوا اور کیونکر یقین حاصل

ہو سکتا ہی کہ بعد اقامت برہان قاطع کہ امام فخر رازی ثبوت اس قرآءت پر لایا اور سوا نسخ کی دوسرے

جواب سے متشبث نہوا منع بیسرو پا کہ عامی اور جاہل ہے ایسی منع نہیں کرتے ذکر ان الان نشرع

فی رد جواب امام المشککین متوکلا علی اللہ المعین اقول قول النسخ فی المتعۃ بعید عن کلام اصحاب

ولم یقول به الا المعاند المتعصب فان اقوال النسخ فی المتعۃ عند اهل السنۃ مضطربۃ لا یعتمد

علیها اهل الانصاف وقد ذکر الرازی والنیشاپوری والبخاری ان العمران بن حصین قال نزلت آیۃ

المتعۃ فی کتاب اللہ تعالی وتمتعنا معه ولم ینه عنه حتی مات ثم قال رجل برأیه ماشاء وهذه روایته

تدل علی ان الناسخ هو عمر وایضا ذکر السیوطی والرازی وغیرهما فی تفسیرهم ان امیر المؤمنین

علی ابن ابی طالب یقول لولا نهی عمر بن الخطاب عن المتعۃ ما زنی الا شقی فهذه الروایۃ ایضا تدل علی

ان الناسخ هو عمر لا الشارع × فالحق ان قول النسخ بعد علم هذه الروایۃ الصحیحۃ مستغرب

جدا لا یقول به الا المتعصب المعاند وتفصیل هذه الروایۃ مع النقض والجرح یاتی فی مبحث

المتعۃ انشاء اللہ تعالی ٭ بود عثمان چو در بی بانی + بغلط خواند لفظ قرانی + آمد از غیب حکم ربانی +

گر تو قرآن بدین نمط خوانی + ببری رونق مسلمانی + قال مولانا المجتهد الحری بالتکریم اگر تم کہو

کہ یہہ قرآءت شاذہ ہی اسکا اعتبار نہیں تو ہم کہیں گے کہ یہہ قرآءت شاذہ نہیں ہے بلکہ تمنی اسکو شاذہ

بنایا اسلیے کہ بہت قرآنکو جلا ڈالا اور ایک سے باقی رکہا پہر جو قرآءت اوسکی سوا ہوگی وہ تو شاذہ کہے

۶۳

اور ثابت ہی اور موافق حدیث ثقلین کے جدائی قرآن کی اوسی محال ہے قال الناصب الغوی
صد حیف کہ ارباب کونسل کو نظر اپنی کتب پر اور خیال اپنی بات کا بہی نہین رہتا اتنا نہین سمجہتی کہ اگر یہ
شاذہ نہو تو اہلبیت اور قرآن مین جدائی لازم آتی ہے اور یہ بنا بر زعم ملازمان والا کی محال ہے شاید
ملا فتح اللہ نی تفسیر منہج الصادقین مین بحث کریمہ فما استمتعتم بہ کی شاذ ہونیکا انکار نہ کیا بلکہ یون لمعہ سی
کررہا ہی کہ گفتہ است در قرات شاذہ نقل از عبد اللہ بن عباس و عبد اللہ بن مسعود و ابی بن کعب وغیرہ
چنین وارد است کہ فما استمتعتم بہ منہن الی اجل مسمی اور معہذا بتصریح صاحب مجمع البیان و ملا صادق شارح کلینی
ٹہر چکا ہی کہ یہ قرآن موجود بی شبہ وہی قرآن ہی جو حضرت کے وقت مین تہا اور امام مہدی کی عہد مین ہوگا پہر
کہان یہ فقرہ الی اجل مسمی کا تہا کہ جلانیکے سبب سے شاذ ہو گیا اسکو شاذ نہ کہینگے کیا معنے باتفاق شیعہ واجب
العمل تو یہی قرآن موجود ہی اور جو خبر اسکی ظاہر کی مخالف ہے شاذ اور متروک ہی صاحب تہذیب باب
نکاح مین بعد ذکر حدیث جمیل ابن دراج اور حماد ابن عثمان او منصور ابن حازم کی جو ابی عبد اللہ علیہ السلام
مروی ہی پکار کہہ رہی ہی ہذا الخبر انہ قد ورد شاذا مخالفا لظاہر کتاب اللہ عز وجل و کل
ما ورد ہذا المورد فانہ لا یجوز العمل علیہ چنانچہ بنا بر اسی تحقیق کے والد ماجد اپنی کتاب صوارم مین
وغیرہ کی طرف سی بنا ہی جواب کے رکہی ہے اب فرمائی کہ یہ قرآت شاذ اور متروک العمل ٹہری یا نہین اگر نہین
ملا فتح اللہ اور صاحب مجمع البیان اور ملا صادق کو جواب دیجیئی اور اگر ہی تو کتاب صوارم کی سیر کیجیئی کہ
شاذ کا معلوم ہو مخالفت باپ کے بی شرمی ہی اور انکار اوسکا ہٹ دہرمی ہے ۵ کچہہ ہے تو جی مین سوچیے
کسی کے کہنی سی اپنی تاہونکو سنت رسولخدا سی نہ اوٹہاونگا یہہ حدیث نہ اسقدر مشہور ہی کہ کوئی اسکا انکار
کرسکی کما فی الجمع بین الصحیحین ان عثمان وعلیا حجا ونہی عثمان عن المتعۃ وفعلہا امیر المؤمنین وقال
بعمرۃ والمتعۃ فقال عثمان انہی الناس وانت تفعلہ فقال امیر المؤمنین ما کنت لادع سنۃ رسول اللہ
لقول احد بڑی حیرت کی بات ہی کہ نفس رسول کہ جسکے شان مین انا مدینۃ العلم وعلی بابہا رسولخدا ارشاد
فرمائین اونکی ارشاد فیض بنیاد پر صحابہ و اہل سنت عمل نہ کرین اور عثمان محرق القران کی اقوال کو قبول
کرین وحالانکہ کتب سیر و تواریخ مثل روضۃ الاحباب وغیرہ سی عجز یعنی واماندگی صاحب حیا کی کلام سی اور
بد حافظہ ہونا اونکا ثابت ہی فی احقاق الحق روی عنہ فی روضۃ الاحباب وغیرہ انہ کان فی سوء الحفظ

٨٦

والعی الی غایۃ عجز عن قراءۃ خطبۃ ہیاہا لاول یوم صعد علی منبر الخلافۃ حیث قال
بسم اللہ الرحمن الرحیم ایہا الناس سیجعل اللہ بعد عسر یسرا وبعد عی نطقا وفی روایۃ انہ نسی
بسم اللہ الرحمن الرحیم ایضا فقال الحمد للہ واسند علیہ طریق التکلم وفی تفسیر الثعلبی فی
قولہ تعالی ان ہذان لساحران قال عثمان ان فی المصحف لحنا وستقیمہ العرب بالسنتہم فقیل
الا تغیرہ فقال دعوہ فلا یحلل حراما ولا یحرم حلالا یعنی تفسیر ثعلبی مین لکھا ہی کہ عثمان نے کہا
کہ قول حق سبحانہ تعالی کا ان ہذان لساحران اسمین غلطی اعراب کے اور خطا ہی قول مین اور اسکو عرب اپنی
زبان مین ستقیم معلوم کیا ہی پس کہا اوسسے لوگون نی کہ کیا تم اوسی بدل نہ دوگی کہا عثمان نے کہ چھوڑ دو اوسے
کیونکہ وہ لحن نہین حلال کرتا ہی حرام کو اور نہین حرام کرتا ہی حلال کو انتہت ترجمتہ پس ہی کہ حضرت عثمان نے
قران مین خطا نکالی تو باب مدینہ علم سی منازعت کرنا اور اونکی خلاف عمل مین لانا بہت سہل ہے اندک غور
کرو تو حجت خدا کی اس کلام سی خود اون پر اور اونکے توابع پر تمام ہوئی ہے کہ خود معترف ہین کہ جس

اوسپر صعوبت فعلیکم بالانصاف و ایاکم والاعتساف کجا امام الانس والجان کجا عثمان ابن عفان کجا قرین قرآن
کجا مستعمل ان ہذان لساحران ہرچند کہ یہہ مقام مطاعن عثمان کا نہ تہا مگر جو طعن اونہین کی کلام سی مستنبط
ہوا لطفلا لکہا گیا اور اسمقام مین ایک نکتہ باریک ہی کہ لوگون نی جو عثمان سی کہا الا تغیرہ یعنی قرآن مین
کیون نہین تغیر دی اسسے یہہ امر معلوم ہوتا ہی کہ وہ لوگ حضرت عثمان کو مغیر قرآن اور محرف فرقان جانتے
تہی **ف** اس جگہہ ایک لطیفہ ہی کہ فاضل روزبہان نی ثعلبی کی عبارت جو نقل کی گئی ہے اوسکی جواب مین
اسطرحسی لکہا ہی کہ ولما عدم تصحیح لفظ القرآن لانہ کان یجب علیہ متابعۃ صورۃ الخط وھکذا کان
مکتوبا فی المصاحف ولم یکن التغیر لہ جائزا فترکہ لانہ لغۃ بعض العرب یعنی عثمان نی جو لفظ قرآنکو
صحیح نہین کیا اسکی وجہہ یہہ ہی کہ اوسپر واجب تہی موافقت صورت خط کی اور اسی طور ہی مصحفو نمین لکہا تہا
اور تغیر دینا اوسکو جائز نہین تہا پس چہوڑ دیا اوسنی اسواسطیکہ وہ لغۃ بعض عرب کے ہی انتہی حاصلہ پس اہل
انصاف دیکہین کہ اس فاضل نے طعن عثمان سی کیسا اعتراض کیا ہی اسلئی کہ عثمان پر جو طعن وارد ہی وہ یہہ
ہے کہ اوسنی قرآنکو مشتمل لحن کے کیا کہ یہہ لحن مخل بالفصاحۃ ہی اور یہہ ناصبی اس طعن سی اپنی آنکہونکو چہپا کے
متعرض ہوتا ہی کہ عثمان نی ترک کیا تغیر کو اور اصلاح کو اسواسطیکہ اوسپر واجب ہے متابعت خط کی سوال از عثمان
جواب از ریسمان اسیکو کہتی ہین اور یہہ جواب ناصبی کا بہت مشابہ ہی اوس جواب کے کہ جو اہل خراسان نی سوال
مین ماوراء النہر کی لکہا تہا سوال اول اہل ماوراء النہر کیا وجہ ہی کہ جب تیرانداز تیر نشانہ پر لگاتا ہی تو ایک
آنکہہ کو بند رکہتا ہی سوال دویم کیا وجہ ہی کہ طائر لق لق جب کہڑا ہوتا ہی تو ایک پیر کو اپنی اوٹہائے رہتا ہے
پس اہل خراسان نی ان دونو سوالونکا جواب اسطرحپر لکہا کہ اگر تیرانداز دوسری آنکہہ کو بہی چہپالی تو کچہہ نہ دیکہے
اور طائر لق لق اگر دوسری پیر کو بہی اوٹہالی تو زمین پر گر پڑی مصنف طعن از عثمان سی ہم کہتی ہین کہ
اس حکایت کو ملاحظہ فرمائی اور دلمین اپنی شرمندہ ہوجئی اور بعض فضلای اہلسنت نی پہلی حدیث جو
صحیحین سے نقل کی گئی واسطی ثبوت حلت متعۃ الحج کی کہ درمیان جناب علی مرتضی شہسوار لافتی اور عثمان
ابن عفان مین نزاع واقع ہوئی اوسکا جواب اسطرحپر لکہا کہ نزاع ہونی سے یہہ لازم نہین آتا کہ قول جناب علی کا
نہ ہو اسلئے کہ یہہ محل اختلاف ہے اور ہر شخص موافق اپنی اجتہاد کی عمل کرتا ہی اور مجتہد کو مجتہد پر اعتراض نہین

٨٧

اجتہاد سی باز آتی خواہ اپنی اجتہاد پر کچھہ دلیل لاتی خواہ نص کے صحت مین کلام کرتی واولیس فلیس اور مقام
حیرت ہی کہ صناوید علماء اہلسنت ارشاد حضرت امیر المؤمنین پر عمل نہین فرماتی اور حدیث علی مع الحق والحق مع
علی کے یاد نہین کرتی جب حضرت کی فرمانی سے ثابت ہوا کہ تمتع سنت رسول الثقلین ہی پس اسمین گنجایش
اجتہاد اور اختلاف کے باقی نہ رہی وہل بعد السنۃ الا البدعۃ اور خاطی لھذا العیاذ باللہ جناب ولایت مآب کو جسکی اہل
جنت ہونی پر فریقین گواہی دیتی ہین البتہ کفر ہی پس ثابت ہوا کہ یہہ اختلاف قبیل مجتہدین سی مسایل اجتہاد
مین نہین بلکہ قول جناب امیر المؤمنین سی کہ ماکنت لادع سنۃ رسول اللہ ص بقول احد معلوم ہوتا ہی کہ عثمان مخالف
سنۃ نبی کی کہتا تہا کہ تمتع حرام ہی فخر رازی امام اہلسنت فی کتاب اربعین مین لکھا ہی جانب شیعہ سی کہ علی ابن ابیطالب
صلوات اللہ علیہ داناتر صحابہ کی تہی بدلیل اجمالی و تفصیلی اما اجمالا اسواسطیکہ کسی نے نزاع نہین کی کہ اصل خلقت
مین وہ حضرت نہایت ذہن و ذکا اور جودت فکر و استعداد طلب علم مین رکہتی تہے اور رسول اللہ ص کہ افضل
فاضلون کے تہی اور داناتر عالمون کی تہے اور جناب امیر المؤمنین علیہ السلام کو کمال رغبت تحصیل علم مین تہی اور
جناب رسالتمآب نہایت کوشش تربیت مین اونکی رشید ہونی مین کرتی تہی اور علی نی طفولیت مین ان
حضرت کی گود مین تربیت پائی تہی اور جوانی مین داماد اونکی ہوئی اور سب وقتون مین نزدیک اونکی حاضر رہتے
تہی اور معلوم ہی کہ ایسے شاگرد نی ایسے استاد کی خدمت مین ساتہہ ان خصوصیات کی کسقدر علم حاصل کیا ہوگا
اور کس مراتب کمال کو پہونچی ہونگی اور لیکن ابو بکر سن بڑی مین بخدمت انحضرت کی پہونچا تہا اور اس
وقت مین بہی شبانہ روز مین اکثر تبہ حاضر ہوتا تہا اور خلوت میسر نہوتی تہے بلکہ زمانہ ملاقات کا بہت قلیل
ہوتا تہا اور علم بچپنے مین مانند نقش کے ہی اوپر پتہر کے کہ برطرف نہین ہوتا اور علم بڑہاپی مین مانند نقش
کی ہے اوپر ڈہیلی کے کہ ساتہہ تہوڑی سبب کے دور ہوجاتا ہی پس اس مجمل سے ثابت ہوا کہ جناب امیر علیہ السلام
داناتر تہی ابو بکر سی اور دلائل تفصیلے پہلی دلیل یہہ ہی کہ علی کی شان مین یہہ آیت نازل ہوئی وتعیہا اذن
واعیۃ یعنی حفظ کرتی ہین اوسکو وہ کان جو کبہی فراموش نہین کرتی اور ہرگاہ کہ گوش انحضرت کی ساتہہ
اس صفت کی مخصوص ہوئی پس دانائی آپکے ثابت ہوئی اور دوسری دلیل یہہ ہی کہ حضرت رسول صلعم نے
فرمایا اقضاکم علی اسواسطیکہ قضا محتاج ہی سب علمون کے اور ہرگاہ قضا مین سب فضلون سی بہتر ہوے
پہر سب عالمون سی بہتر ہوئی اور تیسری دلیل یہہ ہی کہ عمر نی چند مرتبہ احکام مین غلطی کے اور انحضرت

کہتا ہی اونا مد اس قضائی اور خطائی غیر علمی سی ثابت ہوتی ہین اور آنحضرت کو ایسا اتفاق نہین پڑا کہ کبھی خطائی
ہوا ور جو تہی دلیل یہہ ہی کہ وہ حضرت فرماتی تہے کہ اگر منصب خلافت واسطی میری مہیا ہوتا اور مسند حکومت
آمادہ ہوتی ہر آئینہ حکم کرتا مین اہل توریت کو توریت سی اور اہل انجیل کو انجیل سی اور اہل زبور کو زبور سی اور اہل فرقان
کو فرقان سی واللہ کوئی آیہ نازل نہین ہوا ہی صحرا مین یا دریا مین یا کوہ مین یا آسمان مین یا زمین مین یا شب
مین یا روز مین مگر یہہ کہ مین جانتا ہون کہ کسکے شان مین نازل ہوا ہے اور کسکی واسطی آیا ہی دلیل پانچوین یہہ ہے
کہ بہترین علوم سی علم اصول دین اور علم معرفت خدا ہی اور خطبے اور مقالات آنحضرت کی مشتمل ہین اسرار
توحید و عدل و نبوت اور قضا اور قدر و معاد پر اسقدر کہ کلام صحابہ مین شمہ اوسکا پایا نہین جاتا اور یہی سب فرقہ
متکلمین کے علم کلام مین منسوب اونکی طرف ہین جیسا کہ معتزلہ اپنی تئین خود نسبت دیتی ہین حضرت کی طرف
اور اشعریہ سب منسوب ہین اشعری کے طرف اور وہ شاگرد ابی علی جبائی معتزلی کا تہا اور وہ منسوب ہے
طرف ابن جبائی کے اور منسوب ہونا شیعہ کا آنحضرت کے جانب خود ظاہر ہے اور خوارج باوجود عداوت کی پیرو
ہین اپنی بزرگون کی اور وہ شاگردان آنحضرت سی تہی پس ثابت ہوا کہ تمام فرقہ متکلمین کہ افضل فرقہای
اسلام سی ہین شاگرد آنحضرت کے ہین اور علم تفسیر کا یہہ حال ہی کہ سردار مفسرین کی جناب ابن عباس ہین اور
وہ شاگردان آنحضرت سی تہی اور از جملہ علوم علم فقہ ہی اور اسمین حضرت اسدرجہ پہونچی تہے کہ حضرت رسول خدا
نی شانمین اونکی فرمایا کہ اقضاکم علی اور جملہ علوم سی علم فصاحت ہے اور معلوم ہی کہ کوئی فصحا سی کہ بعد اونکے
ہوئی تہی تہوڑی سے مرتبہ کو اونکی نہین پہونچی اور علوم سی علم نحو ہی اور معلوم ہی کہ ابو الاسود جمع کرنیوالا
اس علم کا تہا اور وہ بارشاد اون حضرت کے اس علم کا عالم ہوا اور جملہ علوم سی تصفیہ باطن کا ہی اور معلوم ہے
کہ نسبت اس علم کی اونکی طرف تہے اور انہین علوم سی ایک علم شجاعت اور ہتہیار باندہنی کا ہی اور معلوم ہے
کہ نسبت اس علم کی بہی اونہین حضرت کے طرف پہونچتی ہے پس ثابت ہوا کہ بعد پیغمبر خدا کی استاد تمام
عالم کی تہے سب صنعتون مین اور ہرگاہ کہ ثابت ہوا کہ وہ داناتر سب سے ہین پس واجب ہے کہ وہ افضل ہون
تمام عالم سی جسطرح سی کہ حق تعالی فرماتا ہی هل یستوی الذین یعلمون والذین لا یعلمون یعنی آیا برابر
ہین وہ لوگ کہ علم رکہتی ہین اور وہ لوگ کہ نہین علم رکہتی ہین اور فرماتا ہی یرفع اللہ الذین آمنوا
منکم والذین اوتوا العلم درجات یعنی بلند کرتا ہی خدا اون لوگونکو کہ ایمان تمسی لائی اور وہ لوگ کہ
... جواب مین عاجز ہوکر اسطرحسے

بکمال ایجاز لکہاہی اما الحجۃ الثالثۃ وھی ان علیا کان اعلم قلنا لم لا یجوز ان یقال انہ حصلت
لہ ہذہ العلوم کلہا بعد ابی بکر رض وذلک لانہ عاش بعدہ زمانا طویلا فلعلہ حصلہ فی
ہذہ المدۃ فلم قلتم انہ فی زمان وجود ابی بکر رض کان اعلم منہ انتہی اور وہن اسمین جواب مین الساہے
کہ خود انکی کلام سی ظاہر ہوتاہی اسلئی کہ آیہ تعیہا اذن واعیۃ مخالف اور مولف کی نزدیک آنحضرت کی
شان مین زمان وجود ابی بکر مین نازل ہوا اور وہ اعلمیت جناب لاثماب پر اول دلایل ہے پہر یہہ احتمال
کہ جائز ہی کہ بعد ابی بکر کی جمیع علوم باب مدینۃ العلم کو حاصل ہوئی ہون محض نکابرہی علاوہ اسکی جب خود
ابی بکر نی کہا کہ اقیلونی اقیلونی فلست بخیرکم وعلی فیکم توپہر اس احتمال کی گنجایش کہان باقی ہی اب ان
دلائل کو ملاحظہ کیجیئی کہ صاف دلالت کرتی ہین اس امر پر کہ آنحضرت سب صحابیون سی اعلم تہی بس عقل
عاقل ہرگز باور نہین کرتے کہ متعۃ الحج کی نسخ کی خبر جناب لاثماب کو نہ معلوم رہی ہو اور جب روایات
سنیہ سی ثابت ہوا کہ متعۃ الحج کو بعد وفات جناب رسولخدا کی بہی حضرت امیر بجالائی اور فرمایا کہ مین سنت
کو ترک نہ کرونگا کسی کے کہنی سی تو متیقن ہوا کہ تمتع ہرگز منسوخ نہین ہوا خلیفہ ثانی نے تحریم کو اختراع کیا
اب اگر اہل سنت بغور انصاف اپنی روایات کو دیکہین گے اور راہ کجی پر قدم نہ رکہین گے تو دونو متعونکی حرمت
کا انکار نہ کرینگی اور یہہ جو آپنی ارشاد فرمایا کہ اس حدیث مین متعتان محللتان کہان ہے جسکے ترجمہ مین ارشاد
ہوتاہی کہ دو متعی زمانہ پیغمبر خدا مین حلال تہے اور مین انکو حرام کرتا ہون بس یہہ کہنا آپ کا خالی از جہل یا
تجاہل نہین ہی کسواسطے کہ آپ خود معترف ہین کہ متعہ بعض عہد رسول خدا مین حلال تہا بعد اوسکی پہر منسوخ
ہوگیا اب آپکو اسکی ترجمہ مین یہہ کہنا ضرور پڑا کہ متعتان محللتان فی بعض عہدہ یہہ اعتراض خود آپ ہی پر
عاید ہوگیا کہ اس حدیث مین متعتان محللتان کہان ہی کہ جسکے ترجمہ مین یہہ ارشاد ہوتاہی ان ہذا الشئی عجاب
لا یلیق بذوی الالباب علاوہ اسکی کہتاہون کہ تفسیر کبیر مین فخر الدین رازی نے اس عبارت سی ذکر کیا ہے
روی ان عمر رض قال علی المنبر متعتان کانتا مشروعتین فی عہد رسول اللہ وانا انہی عنہما متعۃ
الحج ومتعۃ النکاح انتہی اس عبارت سی صاف معلوم ہوتاہی کہ دونو متعی عہد پیغمبر خدا مین حلال تہے کہ لفظ
مشروعتین کا اس معنی پر دال ہے **قولہ** اور دلیل حرمت متعۃ النسا پر وہی فیوو ثلثہ اور آیہ محکمہ یا ضیہ لا علی ازواجہم الآیۃ
اور احادیث آئندہ اور ارشاد جناب عمر کہ واللہ اللہم انی لا احل لہم شیئا حرمت علیہم ولا احرم
شیئا احللتہ **اقول** فیوو ثلثہ جو آپ نی سابق مین ذکر کئی ہین وہ یہی ہین کہ خداوند تعالی نی بعد ذکر

ذکر محرمات کے اون عورتون کا ذکر جنسے نکاح حلال ہے اسطرح پر کہ واحل لکم الایہ مگر کئی قید ولسنی ایک ان
تبتغوا باموالکم یعنی مال دنیا قبول کر دمہر اور نفقہ مین دوسری محصنین غیر مسافحین یعنے قید مین لانیکی طرح
ہو مستی نکالنی کو نہو یہانتک کہ ہمیشہ وہ عورت اسکی ہوجاتی اسکی چھوڑی بغیر نہ چھوٹی یعنی مدت کا ذکر نہ اوسی
رہینی تک یا برس تک اور تیسری سورہ مایدہ مین اور یہان بہی لونڈیون کی نکاح مین کہ چھپی یاری ہو لوگ شاہد
ہون کم سی کم دو مرد یا ایک مرد دو عورت اور مجموع ان شرطونکا غیر منکوحہ اور غیر ملک یمین مین مفقود ہی کیونکہ
تحلیل الفروج اور اعارۃ الفروج تو سو واسطے مفت ہین یا حلوائی ہے دو اور متعہ مین احصان نہین ممتوعہ کا
یہی معمول ہے کہ ہر ماہ یا یاری اور ہر سال ور نکاری رہا کرتی ہی اتنی مین کہتا ہون یہہ تینون قیدین آیات
مذکورہ سی کسی مفسرین نی استخراج نہین کیا آپ از پیش خود تفسیر بالرای کرتی ہین عیاذا باللہ من ذلک
اگر ان تبتغوا سی تحلیل الفروج خارج ہو جاتی تو چاہی کہ وہ نکاح کہ جسکی مہر مین منفعت مقرر ہوئی
ہی وہ بہی خارج ہو جاتی کما مر تفصیلہ اور اگر آپ تفاسیر کیطرف رجوع کرین تو سمجھین گے کہ مفسرین نے
محصنین کے معنی متعففین لکھے ہین اور اہل لغت نی متزوجین بہی لکھی ہین قید کرنی کے معنی اور
مدت کے مذکور نہونی کے معنی کسی تفسیر مین دیکھی نہین گئی اگر آپ نی دیکھی ہون تو نام کتاب کا اور مصنف
کا بتائی اب ہمکو ضرور ہی کہ نفی احصان کی ابطال کے واسطی امام فخر الدین رازی کا قول کہ جو تفسیر کبیر مین
ہی ذکر کرین ہوش سے سنئی قال فخر الدین استدلت الامامیۃ علی حل المتعۃ بقولہ تع واحل
لکم ما وراء ذلکم ان تبتغوا باموالکم محصنین غیر مسافحین الآیہ فان الابتغاء یتناول من ابتغی الوقت کالمؤبد
بل ہو اشبہ بالمراد لانہ علقہ علی مجرد الابتغاء والمؤبد لا یحل عند الخصام الا بولی وشہود
ثم اورد علیہ نقلا عن ابی بکر الرازی بان المراد بالتحلیل فی قولہ تعالی
لکن المراد بالتحریم ہنا ہو النکاح المؤبد لانہ تع قال محصنین ولا احصان فی المتعۃ وبقولہ
تع غیر مسافحین والمتعۃ لا یراد بہا الا سفح الماء ولا یطلب فیہ الولد ثم اجاب عنہ بان المراد احل لکم
ما وراء ہذہ الاصناف المذکورۃ وہو شامل للمتعۃ ولا تلازم بینہ وبین مورد التحریم ہنا
ثم قال فخر الدین وقد لم یقم دلیل علی ان الاحصان لا یکون الا بالمؤبد والمقصود من المتعۃ سفح
الماء بطریق شرعی ماذون فیہ فلم قلتم ان المتعۃ لیس ماذونا فیہا ثم قال فظہر ان الکلام مربوط

حرمت علیکم امہاتکم ... واحل لکم ما وراء ذلکم

91

کہ احصان فقط سو بدین ہوتا ہی اور مقصود متعہ سی گرانا اسکا بطریق شرع ہی کہ اوسمین اذن دیا گیا ہی اسکو واسطی
کہا تھی کہ متعہ مین اذن نہین ہی بعد اسکی فخر الدین رازی نے اس کلام ابو بکر رازی پر اعتماد نہ کرکی کہا کہ معتمد فعل
عمر کا ہی اور اس عبارت سی صاف ظاہر ہوتا ہی کہ اگر کہین کہ احصان متعہ مین نہین ہوتا ہی اور اسمین تحقیق آپکا بطریق
شرع نہین ہی تو یہہ دعوی بلا دلیل ہی اور احادیث جو حلت متعہ مین وارد ہین وہ صحیح نہین ہین مؤید اس مقال
کا یہہ ہی کہ شارح موطا مصرح ہی کہ تحریم متعہ کی کتاب الہی سے ثابت نہین ہی فی شرح الموطا للامام محمد الزرقانی
هكذا ومن ثم جاء الخلاف فيمن نكح نكاح المتعة هل عليه الحد ام لا لشبهة العقد وللخلاف المتقدم
فيه ولانه ليس من تحريم القرآن ولكنه يعاقب عقوبة شديدة انتهى باقی رہی شہادت تو اوسکا جواب
یہی بس لیجیی جملہ فقہای عامہ سی اوسکی کہ وہ شرط نہین کرتا عقد نکاح مین شاہدین کی اور یہی جناب حق سبحانہ وتعالی
نی حکم کیا ہی واسطی نکاح کی اپنی کتاب مین کسی مقام پر مگر شرط شاہدین کی کہین نہین ذکر کی اگر شرط ہوتی تو جناب
باری ذکر کر دیتا علاوہ اسکی اختلاف واقع ہی درمیان ابی حنیفہ اور مالک کے مالک شرط شاہدین کے نہین کرتا اور
ابی حنیفہ شرط کرتا ہی بس مالک جو کہیگا وہی ہم بھی کہینگے اس بیان سی معلوم ہوا کہ مراد محصنین غیر مسافحین سے
یہہ ہی کہ عقد اور نکاح درمیان ہو کر بسبب اوس عقد کی تعفف ہو جائی اسطرحسی کہ جبتک عقد مین ہو یہہ زنا سے
باز رہی اور اوسکا دوسرا کوئی متصرف نہو اور یہہ معنی متعہ مین جبتک کے مدت باقی ہے اور نکاح مین جبتک کہ
طلاق واقع نہین ہوا اور جواری مین جبتک کے آزاد نہین کیا موجود ہی جیسا کہ عاقل ضمیر پر ظاہر و آشکار ہی باقی
رہی آیہ محکمہ ماضیہ کہ الا علی ازواجهم او ما ملكت ايمانهم فانهم غير ملومين فمن ابتغى وراء ذلك فاولئك هم
العادون ہی آپنی سابق مین بھی لکھا تھا کہ آیہ کریمہ الا علی ازواجهم الخ کہ صاف دو قسم کی مباشرت پر ناطق ہی
ایک بی بی سے ایک لونڈی سی اور جو سوا ان دونو قسمون کے ہی اوسکو موجب نافرمانیکا فرمایا حرمت متعہ پر اول
دلیل ہے کیونکہ ظاہر ہی کہ ممتوعہ ان دونو قسمون سی باہر ہی نہ زوجہ ہو سکتی ہی نہ ملک یمین اسواسطی کہ لوازم
زوجیت کی مثل طلاق اور ایلا وغیرہ ممتوعہ مین بالکل نہین انتہی بعبارتہ جواب اسکا تو اطفال دبستان بھی جانتی
ہین مگر حیرت ہی کہ آپکو اسکا جواب معلوم ہوا اسلئی کہ ممتوعہ کو زوجہ سی خارج کرنا اپنی کتابونکو دھو ڈالنا ہی
دیکھی کہ صاحب کشاف تصریح کرتا ہی قال فان قلت هل فيه دليل على تحريم المتعة قلت لا لان المنكوحة
بنكاح المتعة من جملة الازواج اذا صح النكاح انتهى كلامه اور یہہ نہ سمجھو کہ آیہ الا علی ازواجهم ناسخ
متعہ ہی تو یہہ متمتع بہا زوجہ کیونکر ہو سکتی ہے اسلئی کہ فخر الدین رازی نی تفسیر کبیر مین بتغیر الفاظ چند اعتراف

۹۲

تنسخها فامرنا بها رسول الله صلعم ولم ينه عنها فقال رجل برأيه ما شاء بخاری نی اپنی صحیح مین لکھا ہی
کہ وہ مرد عمر ہی اور مسلم نی مجلد ثانی مین اپنی صحیح کی کہا یعنی عمر اور بہی فخر الدین رازی نے اپنی تفسیر مین لکھا ہے قالوا
و مما یدل ایضا علی ابطال القول بهذا النسخ ان اکثر الروایات ان النبی صلعم نهی عن المتعة وعن لحوم الحمر
الاهلیة یوم خیبر و اکثر الروایات انه صلعم اباح المتعة فی حجة الوداع او فی یوم الفتح وهذان الیومان
متاخران عن یوم خیبر و ذلک یدل علی فساد ما روی انه صلعم نسخ المتعة یوم خیبر لان الناسخ یمتنع تقدمه
علی المنسوخ وقول من قال انه حصل التحلیل مرارا و النسخ مرارا ضعیف لم یقل به احد
من المعتبرین الا الذین ارادوا ازالة التناقض عن الروایات انتهی یعنی کہا شیعون نی کہ منجملہ اوس امر کے
کہ دلالت کرتا ہی بطلان قول نسخ پر یہہ ہی کہ اکثر روایات دلالت کرتی ہین اوپر اس بات کی کہ پیغمبر خدا صلعم نی
منع فرمایا متعہ سی اور گوشت خران خانگی سے بیچ روز خیبر کی اور اکثر روایت اس طرح پر ہے کہ آنحضرت صلعم نے
مباح فرمایا متعہ کو بیچ حجۃ الوداع یا بیچ روز فتح مکہ کے اور یہہ دونوں روز موخر ہین روز خیبر سے اور یہہ معنی دلالت
کرتا ہی اوپر فساد اوس چیز کی کہ روایت ہوئی ہے بدرستیکہ آنحضرت نی نسخ فرمایا متعہ کی تئین روز
خیبر مین اسلیے کہ منع ہی مقدم ہونا ناسخ کا اوپر منسوخ کی اور جو شخص کہتا ہی کہ حاصل ہوئی تحلیل چند مرتبہ
اور نسخ چند مرتبہ تو یہہ قول ضعیف ہے کوئی اسکا قائل نہین ہوا مگر وہ لوگ کہ ارادہ کیا اون لوگون نے
ازالہ تناقض کا روایات سی انتہت ترجمتہ جبکہ فخر الدین رازی ہی نے اس قول کو جانب شیعون سی ذکر کیا تو
اسکی جواب مین کچھہ نہ لکھا پس معلوم ہوا کہ دلیل تسلیم ہی اور عمدہ دلیل بطلان اس نسخ پر یہہ ہی کہ اگر
آیت مذکورہ ناسخ متعہ ہوتی اور حکم متعہ کا منسوخ ہوجاتا تو چاہئی تہا کہ اصحاب کبار درتا زمان ابوبکر و اوائل زمان
عمر مخفی نہ رہتا چنانچہ سابق مین بخوبی معلوم ہوا کہ یہہ حکم نسخ نہین ہوا اور اس جگہہ بہی ایک روایت ذکر
کرتا ہون نہایہ جزری مین اور سوا اسکے بہت سی کتابون مین ابن عباس سے روایت ہی کہ آپ فرماتی ہین
ما کانت المتعة الا رحمة رحم الله بها هذه الامة ولولا نهی عمر عنها ما زنی الا شقی یعنی ابن عباس نے فرمایا
کہ نہ تہا متعہ مگر رحمت کہ رحم فرمایا حق سبحانہ وتعالی نی ساتہہ متعہ کی اس امت پر اور اگر عمر اوس سے منع نہ کرتا تو نہ
زنا کرتا مگر شقی انتہی بمعناہ اس حدیث کو ملاحظہ فرمائی کہ صاف اس سے معلوم ہوتا ہی کہ ناسخ اسکی حضرت عمر
[illegible] متعہ کو نسخ نہین فرمایا سوای اسکی اور بہی بہت سی حدیثین ہین کہ بعد اسکی ذکر

٩٣

کرو نگا اور آپ کو بہت الزام دو نگا آمدم بر سر مطلب اور یہہ جو آپ نی بنا ساختہ کہدیا کہ ممتوعہ زوجہ نہیں ہو سکتی
اسواسطیکہ لوازم زوجیت مثل ایلا وغیرہ اسمین یکسر مسلم نہیں سو یہہ فرمانا آپ کا آپ کی ذات بابرکات سی بہت
بعید ہی اسلیئی کہ یہہ احکام لوازم زوجیت من حیث ہی کی نہین ہین بلکہ تابع ہین اون صفات کی کہ زاید ہین اوپر
زوجیت کی مثل اسکی کہ زوجہ اپنی زوج کو مضرت ندی اور اپنی زوج کی حکم کی مخالفت نکری اسی جہت سی
زوجہ قاتلہ زوج اور زوجہ ناشزہ مستحق نفقہ اور کسوت اور میراث کی نہین ہے اور مرتدہ باین ہوجاتی ہے طلاق
کی احتیاج نہین پس اگر یہہ سب امور لوازم زوجیت سی ہوتے اسطرح کہ یہہ امور اگر نہون تو زوجہ صادق نہ آوی
تو چاہیئی کہ ناشزہ کو زوجہ ناشزہ نہ کہین اور قاتلہ کو زوجہ قاتلہ نہ کہین اور مرتدہ کو زوجہ مرتدہ نہ کہین اور یہہ
بالبداہہ باطل ہی اس سے زیادہ تفصیل اگر مطلوب ہو تو کتب مبسوطہ کو ملاحظہ فرمائی اس خاکسار نی بطور انموذج
یہان پر ذکر کیا **قول الناصب اللئیم** اور احادیث آیۃ **اقول بفضل اللہ العلیم** اسکا جواب بہی ہین ہو چکا
قول الناصب اللئیم اور ارشاد عمر کہ واللہ لا احل شیئا حرمت علیہم الخ **اقول بفضل العلیم اللہ**
یہہ ارشاد آپکے مرشد کا ہم پر حجت نہین ہی صرف آپکے واسطی کافی ہے اسلیئی ضروری ہی کہ وہ دلیل لائی جسکو خصم
قبول کری اور لطیفہ یہہ ہی کہ اس کلام مین آپکے مرشد قسم شرعی سے یاد کرتی ہین کہ واللہ مین حلال کو حرام نہین
کرتا پہر یہہ بہی کہتی ہین کہ دو متعہ پیغمبر خدا کی وقت مین حلال تہی مین اونکو حرام کرتا ہون اون دونو امرون
مین صاف مناقضت پائی جاتی ہے اگر اس قول کو اونکی معتبر کہئی تو متعان الخ کی نامعتبری ثابت ہوتی ہے
اور اگر اوسکو معتبر کہئی تو اسکی بے اعتباری ثابت ہوتی ہے اب مین کہتا ہون کہ آپ کی فاروق اعظم نے
بیشک حلال کو حرام کردیا فاعتبروا یا اولی الابصار اب دلائل حلت کی ملاحظہ کیجئی کہ جناب قدس الہی سورۂ نسا
مین حکم فرماتا ہی فما استمتعتم بہ منہن فاتوھن اجورھن فریضۃ ولا جناح علیکم فیما تراضیتم بہ من بعد الفریضۃ
یعنی جن لوگون نی تمتع اور بہرہ لیا ہی عورتونسی پس دین وہ اجرت اونہون کی اور یہہ دینا واجب ہے اوپر تمہارے
اور کچہہ باک نہین اوپر تمہاری اوس چیز مین کہ راضی ہوئی تم ساتہہ اوسکی بعد فریضہ کی اور یہہ آیہ حقیقہ متعہ
مین ہے جیساکہ عاقل لبیب پر مخفی نہین اور ثعلبی نے اپنی تفسیر مین روایت کی ہے کہ آیہ فما استمتعتم بہ
منہن مصحف ابن عباس مین اسطرح سی تہا فما استمتعتم بہ منہن الی اجل مسمی پس چاہیئی کہ لفظ شرعی کو حمل
کرین اوپر حقیقہ شرعیہ کی جیساکہ اصول فقہ مین یہہ امر مقرر اور ثابت ہوچکا ہی اور بہی شہادت دیتا ہی صحت
ہمارے مذہب پر وہ آیہ کہ حق تعالی نی سورۂ نسا مین قبل تہوڑی آیتو نکی فرمایا ہی واتوا النساء صدقاتہن

منکوحات دایمی مقصود ہو تو تکرار بلا فایدہ لازم آجائی اور یہہ خلاف فصاحت کی ہے اور یہی تغیر اسلوب کہ وہان
پر صدقات ارشاد ہوا اور اس مقام پر اجرت شاہد قوی ہے اختلاف معنی مراد کا التصریح فی رابعۃ النہار معلوم
ہوتا ہی کہ آیہ فما استمتعتم الخ مین نکاح متعہ مراد ہی اسلئی کہ علماء مہر زوجہ دایمی کو صداق کہتی ہین اور جو متعہ مین
دیتی ہین اوسی اجرت کہتی ہین پس کیا وجہ ہی کہ خلیفہ ثانی نے حلال کو حرام کر دیا اب معلوم ہوا کہ یہہ قول
اونکا تحریم متعہ بناوٹ اور ابداع ہی دفع دخل اگر آپ کہین کہ یہہ آیت منسوخ ہو گئی جیسا کہ فاضل روزبہان
وغیرہ نی کہا ہی تو یہہ کئی وجہ سی مردود ہی اول یہہ کہ دعوی نسخ کا بی دلیل کے جائز نہین ہے پس جبتک کہ کوئی
نص دوسری ناسخ وارد نہو تب تک وہ حکم باقی ہے اور اوسی پر عمل کیا جائیگا اور کوئی نص وارد نہین ہوئی
کہ اس حکم کو رد کری دوسری یہہ کہ نسخ کی مبطل بہت سی روایات کتب معتمدہ اہلسنت مین مذکور ہین روی
البخاری ومسلم فی صحیحیہما عن ابن مسعود قال کنا نغزو مع رسول اللہ لیس معنا نساء فقلنا الا نستخصی
فنہانا عن ذلک ثم رخص لنا بعد ذلک ان ننکح المرأۃ بالثوب الی اجل ثم قرء عبد اللہ یا ایہا الذین امنوا
لا تحرموا طیبات ما احل اللہ لکم روایت کی ہے بخاری و مسلم نی اپنی صحیحین مین عبد اللہ بن مسعود سے
کہ کہا اوسنی کہ تہی ہم جنگ کرتی ساتہہ رسولخدا کی اور ہمارے پاس کوئی عورت نہ تہی تب ہمنی استفہام کیا
کہ آیا ہم استمنا کرین پس منع فرمایا رسولخدا نی ہمکو اس فعل سی بعد اوسکی رخصت دی ہمکو کہ نکاح کرین ہم
عورت سی ساتہہ رخت وغیرہ کی ایک مدت معین تک بعد نقل کرنی اس روایت کے عبد اللہ نی آیہ یا ایہا الذین
امنوا الخ پڑہا انتہی ترجمہ مخفی نہ رہی کہ پڑہنا عبد اللہ کا اس آیہ کو بعد اخبار حلت متعہ کی صریح ہی کہ اوسنے
انکار نسخ کا کیا اور گویا تعریض اور طعن کیا خلیفہ ثانی پر کہ اوسنی حلال خدا کو حرام کیا تیسری یہہ کہ ثعلبی
اپنی تفسیر مین عمران ابن حصین سے روایت کی ہی قال نزلت آیۃ المتعۃ فی کتاب اللہ عز وجل ولم تنزل
آیۃ بعدہا تنسخہا فامرنا بہا رسول اللہ ص فتمتعنا مع رسول اللہ ص ولم ینہ عنہا فقال رجل برایہ ما شاء
قال البخاری فی صحیحہ یقال انہ عمر ای الرجل المذکور عمر و قال مسلم فی المجلد الثانی من ثلث
مجلدات ما ہذا لفظہ یعنی عمر و لم یقل یقال انہ عمر یعنی تفسیر ثعلبی مین عمران بن حصین سے
روایت کی ہی کہ اوسنی کہا نازل ہوئی آیہ متعہ قرآن مجید مین اور کوئی آیت اسطرح کی نازل نہین ہوئی کہ

ح ... ہو ... اپنی اوس ہین مع ایک تالی اپنی راتی کی توجیہ کیا تھا۔ بخاری نے اپنی صحیح مین لکھا

ہی کہ وہ کہتی ہین وہ مرد عمر ہی اور مسلم نی اپنی دوسرے جلد مین لکھا ہی تین جلدونین سی کہ وہ عمر ہی اور پہر

لکہا کہ کہتی ہین اسیطرح جیسی بہت سی روایتین ہین کہ انشاء اللہ تعالی بعد اسکی ذکر کرونگا اب ان روایتونسی

صاف معلوم ہوتا ہی کہ متعہ ہرگز منسوخ نہین ہوا ناسخ اسکی محض آپکے پیرومرشد حضرت عمر ہین قال الناصب

اللئیم اور حدیث استبصار اور تہذیب کے کہ حرم رسول اللہ صلعم لحوم الحمر الاہلیۃ ونکاح المتعۃ ہی اقول بفضل اللہ

العلیم یہہ حدیث محمول تقیہ پر ہی اور یہہ حدیث آپکے کتابونمین اسطرح مذکور ہی رووا فی الصحیحین

عن علی ان رسول اللہ نہی عن نکاح المتعۃ وعن لحوم الحمر الاہلیۃ زمن خیبر اور معلوم ہوتا ہی کہ بلا حظہ

کتاب استبصار اور تہذیب کے اس عبی نی یہہ حدیث لکھی ہے ورنہ علماء امامیہ پر طعن کرنا خلاف عقل ہے تمام عبارت

استبصار اور تہذیب کو ذکر کرتا ہون کہ اوس عبی کے قلعی کہل جائیگی عبارت استبصار کی اسطرح جیسی ہے فاما ما رواہ

محمد بن احمد بن یحیی عن ابی الجوزاء عن الحسین بن علوان عن عمرو بن خالد عن زید بن علی عن آبائہ عن علی

قال حرم رسول اللہ لحوم الحمر الاہلیۃ ونکاح المتعۃ فالوجہ فی ہذہ الروایۃ ان نحملہا علی التقیۃ

لانہا موافق لمذہب العامۃ والاخبار الدالۃ علی اباحتہا موافقۃ لظاہر الکتاب واجماع الفرقۃ

المحقۃ علی موجبہا فیجب ان یکون العمل بہا دون ہذہ الروایۃ الشاذۃ انتہی اور عبارت تہذیب کے

اسطور سی ہی واما ما رواہ محمد بن احمد بن یحیی المکنی بابی جعفر عن ابی الجوزاء عن الحسین بن علوان

عن عمرو بن خالد عن زید بن علی عن آبائہ عن علی قال حرم رسول اللہ یوم خیبر لحوم الحمر الاہلیۃ

ونکاح المتعۃ فان ہذہ الروایۃ وردت مورد التقیۃ وعلی ما یذہب الیہ مخالفو الشیعۃ والعلم

حاصل لکل من سمع الاخبار ان من دین ائمتنا اباحۃ المتعۃ فلا یحتاج الی الاطناب انتہی اہل انصاف

سی کہتا ہون کہ ان دونو کتابون کے عبارتون کو ملاحظہ فرمائین کہ مصنف طعن اللسان نی اسمین مثل بعض

فقرا آزاد مشرب کے لا تقربوا الصلوۃ پر عمل کرکی وانتم سکاری کو چہوڑ دیا ہی اپنی مدعا کی موافق جسقدر عبارت

تہی اوسکو تو ذکر کیا اور جو عبارت اوسکی بعد دلیل اطراح ما سبق ہی اوسکو چہوڑ دیا سچ ہی کہ سنت تحریف

سنت کی اہلسنت کے اسلاف سے جاری ہوئی ہی اسمین آپکا قصور نہین مگر بتصدق اہلبیت اطہار علیہم السلام

فی العشی والابکار جالا کی آپکے پیش رفت نجائیگی سب طرفسی پردہ آپکا فاش ہورہا ہی اور یہی کہتا ہون کہ

بعض رواۃ اس حدیث کی ضعفا سی روایت کرتی ہین اور بعض سنی ہین چنانچہ محمد بن احمد بن یحیی مجاہیل

[illegible] روایت کرتا ہی فہرس طوسی مین ہے فلو کان یروی عن الضعفاء ویعتمد المراسیل ولا یبالی عمن اخذ
یعنی روایت کیا کرتا ہی اور مبالات نہین کرتا کہ کس سے لیا حدیث کو اور نضد الایضاح مین ہی محمد بن احمد بن یحیی بن عمران
بن عبد الله بن سعد بن مالک الاشعری یروی عن الضعفاء ویعتمد المراسیل اور شیخ امام محمد بن طاہر بن علی الہندی
الفتنی الحنفی نے قانون موضوعات مین حسین بن علوان کو ضعیف و کذاب لکھا ہی اور یہی اسی کتاب مین لکھا ہے
کہ عمرو بن خالد متہم بالوضع ہی اور عمرو بن خالد کی تصریح صاحب رجال کی سنی ہے اور شیخ ابو جعفر طوسی علیہ الرحمہ نی کتاب فہرست
مین ابو الجوزا کو سنی لکھا ہی اب معلوم ہوتا ہی کہ یہہ دونو حدیثین موضوع المسنت و منقول عن الضعفا مین احتجاج
اس سے صحیح نہین خصوص ایسی حالت مین کہ احادیث بی شمار و روایات بسیار مخالف اوسکی کتب معتبرہ مین موجود مین
چنانچہ حدیث لولا نہی ابن الخطاب عنہا ما زنی الا شقی جناب ولایت مآب سی کتب معتمدہ اہل سنت مین مثل تفسیر
ثعلبی و در منثور کی مذکور ہے الحاصل یہہ حدیث جو آپنی ذکر فرمایا مطروح و غیر معمول بہ ہی بالفرض اگر صحیح الصدور ہو تو
محمول بر تقیہ ہی کما یدل علیہ حسن الرواۃ **قول الناصب اللئیم** اور متعۃ الحج کہ جسمین سعی بین الصفا والمروہ پہلے
طواف قدوم کی اور پہلی طواف زیارت کی کرتی ہین یا وہ کہ اشہر حج مین عمرہ بجا لا کر اوسی سفر مین حج ادا کرتی
ہین یہہ دونو ابتک شروع ہین کسی نے انکو حرام نہین کیا لیکن وہ متعۃ الحج کہ طواف کی بعد اگر ہدیہ میسر نہوا تو
افعال عمرہ کی بجا لا کر حجکو فسخ کرین البتہ یہہ حرام ہی اور دلیل اسکی حرمت کی واتموا الحج والعمرۃ للہ اور امر ہونے
کما اخرجہ النووی ہی کیونکہ یہہ مخصوص حجۃ الوداع مین تہا واسطی مثانی رسم جاہلیت کی کہ کفار انکار تمتع کو اشہر
حج مین افجر فجور جانتی تہی جیسا بخاری مین مذکور ہی پس اب حلت دونو متعون کی بمفہوم مخالف ارشاد فاروق
اعظم سی کہان ثابت رہی اور وحی الہی نے کسکی تائید کی انتہی **اقول بفضل اللہ العلیم** حق تو یہہ ہی کہ
اپ نی اسمقام پر برا ہو کہا کہا یا اور کتابونکو آپنی ملاحظہ نہ فرمایا ورنہ ان کلمات کو ارشاد نہ فرماتی اور چاہ
ضلالت مین نہ گرتی بیان اسکا یہہ ہی کہ شرح مختصر الاصول ابن حاجب مین قاضی عضد نی ذکر کیا ہی وفی الصحیح
ان عمر کان یمنع عن المتعۃ ای متعۃ الحج الی العمرۃ وقال النووی ثم صار اجماعا ای جوازہ مجمعا علیہ انتہی
یعنی حدیث مین وارد ہوا ہے کہ عمر منع کرتا تہا متعۃ الحج سی اور کہا نووی نی کہ بعد اوسکی اجماع ہو گیا اوسکے
جواز کا اب آپکے خدمت سراپا برکت مین یہہ خاکسار عرض کرتا ہی کہ حضرت عمر کون متعۃ الحج کو منع پہلی دو متعے
جو متعۃ الحج کی ہین اوسکو منع فرماتی تہی یا دوسرا اور نووی نی جو کہا کہ بعد اسکی اجماع ہو گیا اوسکی جواز کا تو کون

کرتے تہے

متعۃ الحج کو حرام نہین کیا جیسا کہ آپ نی خود کہا کہ یہہ دونو ابتک شروع ہین کسی نے انکو حرام نہین کیا پس ضرور ہوا
کہ دوسری معنی جو متعۃ الحج کی آپنے ذکر فرمائی اوسیکو حضرت عمر نی منع کیا اور لوگون نے خلیفہ صاحب کے کہنی
پر عمل نہ کیا بلکہ اجماع اوسکی جواز کا ہو گیا اور یہہ بہی باطل ہی اسلئی کہ اجماع اوسکی جواز پر ابتک منعقد نہین ہوا ہی
اور علماء اہل سنت اوسکو جائز نہین رکہتی فبطل قول القبچی اسا عاقل ضمیر پر پوشیدہ نہ رہی کہ معنی حقیقی متعۃ الحج
کی یہہ ہین کہ احرام عمرہ کا اشہر حج مین بجا لا مین اور بعد وسکی اوسی سال مین حج کرین اور معنی مجازی یہہ ہین کہ فسخ
حج بعمرہ یعنی طواف کی بعد اگر ہدی میسر نہ ہو تو افعال عمری کی بجا لا کر حج کو فسخ کرین پس قول مجیب سے معلوم
ہوتا ہی کہ خلیفہ ثانی نے دوسرے معنے جو متعۃ الحج کی ہین اوسکو حرام فرمایا اور بہت سی علماء اہل سنت مثل فاضل
رشید وغیرہ کی ہی یہے کہتی ہین مگر یہہ بہی افادہ فرماتی ہین کہ خلیفہ ثانی نے اول معنی کے نہی کے مگر نہی از راہ
افضلیت کی کے یعنی حج تمتع افضل نہین ہی دراقسام حج سی اور یہہ خاکسار کہتا ہی کہ مطلب امامیہ رضوان اللہ
علیہم کا بہر صورت حاصل ہے خواہ پہلی معنی مراد لین خواہ دوسرے اسلئی کہ جو تمتع کہ عہد جناب رسول اکرم مین
حلال اور مباح تہا خلیفہ صاحب نے اوسکو منہی عنہ قرار دیا اور صاف صاف کہدیا متعتان کانتا الخ اور بہی مین
کہتا ہون کہ خلیفہ صاحب نے اول معنی کی نہی کے اسلئی کہ شرح مختصر ابن حاجب مین مذکور ہو چکا وفی الصحیح ان
عمر منع عن المتعۃ ای متعۃ الحج الی العمرۃ و قال النووی ثم صار اجماعا علیہ ای جوازہ مجمعا علیہ اور تبادر
متعۃ الحج الی العمرۃ سی معنی اول یعنی احرام عمرہ کا اشہر حج مین بجا لا مین اور بعد اسکی اوسی سال مین حج کرین پس واضح
ہی کہ خلیفہ صاحب نے اوسکو منع فرمایا ہی اور اونکی کہنی پر عمل کسی نی نہ کیا بلکہ اجماع اوسکی جواز کا ہو گیا اگر یہہ کوئی
کہی کہ نہی اسمین باعتبار اولویت کی ہے جیسا کہ فاضل رشید الدین نی امام نووی سی نقل کیا ہی من ذلک والمختار ان عمر
وعثمان انما نہوا عن المتعۃ التی ہی الاعتمار فی اشہر الحج من عامہ و مرادہم نہی اولویۃ للترغیب فی الافراد لکونہ
افضل و قد انعقد الاجماع بعد ہذا علی جواز الافراد و التمتع و القران من غیر کراہۃ ہم کہتی ہین کہ امام
نووی نے اپنی خلیفہ کی تفضیح کی ہے اسلئی کہ منع عن المتعۃ اور انا احرمہا سی یہہ معلوم ہوتا ہی کہ خلیفہ ثانی نے اوسکو
حرام کیا اور پہر بہی ہمارا مطلب کہین نہین جاتا ہمان اتنی امر کا سہ نووی نے خود کہدیا کہ اجماع عدم کراہیت پر منعقد
ہو گیا اب صاحبان انصاف سے طالب انصاف ہون کہ جو فعل عہد رسول مختار مین مکروہ نہ رہا ہو اور عہد عمر مین مکروہ ہو اور
بعد اوسکی پہر اجماع اوسکی عدم کراہیت پر منعقد ہو جائے اوسکا حکم وسط بدعت ہی یا نہین اور بہی صحیح ترمذی وغیرہ
مین ہی باسنادہ عن محمد بن عبد اللہ بن الحرث بن نوفل انہ سمع سعد بن ابی وقاص و الضحاک ابن قیس

تیس لا یصنع ذلک الا من جہل امر اللہ فقال سعد بیس ما قلت یا ابن اخی فقال ضحاک فان عمر بن الخطاب

نہی عن ذلک فقال سعد قد صنعہا رسول اللہ ص و صنعناہا معہ ھذا حدیث صحیح انتہی اس حدیث سی

ہی صاف معلوم ہوتا ہی کہ عمر نی متعہ حقیقی کو حرام کیا اسلئی کہ تمتع بالعمرہ الی الحج شامل ہی حج تمتع پر اور نہی عمر سی مراد تحریم

ہی اسواسطی کہ ضحاک نے کہا کہ نہین کرتا اسکو مگر وہ شخص کہ جاہل ہے حکم خدا سی پس ضحاک کی کہنی سے معلوم ہوتا ہی

کہ جو شخص اسکو عمل مین لاتا ہی تو وہ مرتکب فعل حرام کا ہوتا ہی اسلئی کہ مگروہ مین اسقدر شور و شغب کے کیا احتیاج

ہی اور یہی نہی عمر کو اس مقام پر حمل فسخ حج پر نہین کر سکتی کہ لفظ قد صنعہا رسول اللہ منافی اس حمل کے ہی

اسواسطیکہ اون حضرت سی فسخ حج کا بالاجماع نہین ہوا تہا اور فاضل روزبہان نی ابطال الباطل مین لکہا ہی

کہ کوئی روایت صحیح اسطرحکی وارد نہین ہوئی کہ عمر نی متعۃ الحج کو منع کیا ہو تو یہہ انکار بدیہیات سی ہے اسواسطیکہ

حدیث متعتان کانتا الخ اسقدر مشہور ہی جسکا کوئی انکار کرسکے عقل عاقل حیران ہی بلکہ قابل ضحکہ فراوان ہے

کہ عمر نی دونو متعونکو ایک قول مین اور ایک زمانی مین اپنی زبان فیض بنیان سے حرام ٹہرایا تہا اسکی متعۃ الحج

کی تحریم کو لوگون نی نہ مانا اونکی کہنی کو برا جانا اور متعۃ النسا کی حرمت کو مان لیا اس تجربہ و تبعیض کے کیا وجہ ہے

اور فاضل روزبہان کا قول بعد کلام سابق کے یہہ کہ ممکن ہے کہ اوسنی رسول خدا سی سنا ہو تو اسکا جواب یہہ ہے سن لیجیے

کہ اگر عمر نی اوسکے تحریم کو عیاذا باللہ رسول خدا سی سنا ہوتا تو اپنی طرف نسبت تحریم کی نہ دیتا مناسب یہہ تہا کہ

یون کہتا کہ رسول خدا نی اسکو منع فرمایا ہی کوئی اسکا اگر مرتکب ہوگا تو مین اوسپر عقاب کرونگا تا لوگون کے

دلمین اثر کرتی اگر پیغمبر اوسکو منع فرماتی تو پہر اجماع اوسکے جواز کا کیونکر ہوتا اور یہی مین کہتا ہون کہ اگر

خلیفہ ثانی تحریم متعۃ الحج یا متعۃ النسا کو رسول خدا سی سنتی تو ظاہر ہے کہ زمانہ رسول الثقلین علیہ الصلوۃ فی الکونین

سی زمانہ خلیفہ ثانی تک عرصہ دراز ہوا اس مدت ممتد مین ساکت کیون رہے اس زمانہ تک دونو متعہ اصحاب مین

رایج تہی کیون منع نہ کیا اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر سے کیون باز رہی اور یہی مسلم الاصول مین جو زمانہ کہ کتب درسیہ

سی ہی ملا محب اللہ بہاری نے لکہا ہی مسئلہ اتفاق العصر الثانی بعد استقرار الخلاف فی الاول یمتنع

عند الاشعری واحمد والغزالی والامام وابن الحاجب والمختار انہ واقع حجۃ وعلیہ اکثر الحنفیۃ والشافعیۃ لنا اجماع التابعین

علی جواز متعۃ العمرۃ و قد کان عمر و عثمان نہی عنہ انتہی اس کلام سی یہہ معلوم ہوتا ہی کہ متعۃ الحج کو عمر نے

حرام کیا اسلئی کہ لفظ جواز سی معلوم ہوتا ہی کہ قبل اجماع جواز کی حرام تہا اسواسطیکہ غالب استعمال مین جواز

تا لمانعت کے ہوتا ہی پس فاضل رشید نے جو شوکت عمریہ مین لکہا ہی کہ نہی عمر سی مراد تنزیہی ہے قبیل رکی

۹۹

فی الظلام سی ہے اور بعد تسلیم اسبات کی کہ نہی سے مراد کراہت ہی ہے بہر بدعت نی گریبان خلیفہ ثانی کو نہ چھوڑا
اسواسطی کہ تصریح تمتع کی قران اور احادیث سابقہ اور آیۃ سی ثابت ہی اور اجماع بھی عدم کراہت پر منعقد ہو گیا پس
خلیفہ ثانی کون تہی کہ اوس سے ممانعت فرمائی اور بھی جامع الاصول مین عبد اللہ بن شقیق سی نقل ہے قال کان عثمان
نہی عن المتعۃ وکان علی یامر بہا فقال عثمان لعلی کلمۃ فقال علی لقد علمت انا تمتعنا مع رسول اللہ
فقال اجل ولکنا کنا خائفین ہذہ روایۃ مسلم حاصل یہہ ہی کہ عثمان منع کرتا تہا متعہ سی و جناب ولایت مآب
حکم فرماتی تہی ساتہہ اوسکی پس کہا عثمان نی جناب امیر علیہ السلام سی ایک کلمہ پس کہا علی نی ہم نی تمتع کیا ساتہہ رسول خدا
کی کہا عثمان نے ہان لیکن تہے ہم اوس وقت مین ترسان انتہی معناہ نووی نی کہا ہی کہ مراد خوف سی خوف
ہی و ابن حجر نی توجیہہ نووی کو پسند نہین کیا اور لکہا و قال ہے روایۃ شاذۃ اور حقیقت تو یہہ ہی کہ حجۃ الوداع
مین خوف مشرکین کا نہ تہا اور تمتع حجۃ الوداع مین تہا اور قرطبی نے کہا ہی کہ مراد خوف سے یہہ ہی کہ عثمان خائف
تہی اس امر سی کہ ثواب افراد کا اعظم ہو جائی اجر تمتع سی قال القرطبی قولہ خائفین ای عن انیکون اجر من افرد اعظم من اجر
من تمتع پس خلاصہ کلام یہہ ہی کہ فرمانبرداری رسول الثقلین علیہ الصلوۃ فی الملوین کے صاحب حیا وقت حیات آنحضرت
مین بہی رضا اور رغبت سی بجا نہین لاتی تہی اور ہرگاہ کہ قول نبی ہے لو استقبلت ما استدبرت لاحللت کما حلوا کہ صحاح
اہلسنت مین مذکور ہی دال ہے تمتع پر اور افضلیت تمتع پر بہی اس سے زیادہ کوئی قول نبوی نہین پس خائف ہونا
حضرت عثمان اور اونکی اخوان کا زیادتی ثواب افراد سی اوپر تمتع کی خالی تعصب سی نہین ہی باوجود اس بات کے
پھر بہی مطلوب ہمارا حاصل ہے لان من انکر حکم النبی و اعتقد بخوف نقصان الثواب فہو من الہالکین
یعنی جو شخص کہ انکار کری فرمان واجب الاذعان حضرت رسول اکرم علت غائیہ ایجاد عالم سی اور عقد لاوی خوف نقصان
ثواب کا پس وہ ہلاک ہونی والون سے ہی ہذا ہو المقصود ثبوت متعۃ الحج اور جامع الاصول مین ہی ناقلا عن الموطاء و
النسائی قال جمع رسول اللہ بین حجۃ و عمرۃ ثم توفی قبل ان ینہی عنہا وقبل ان ینزل القران بتحریمہ
وفی اخری جمع بین حجۃ و عمرۃ ثم لم ینزل فیہا کتاب ولم ینہ عنہا النبی قال فیہا رجل برایہ ما شاء وفی
اخری ان رسول اللہ تمتع و تمتعنا معہ فقال فیہا قائل برایہ اور محصل ان سب روایتون کا یہہ ہی کہ رسول خدا نے حج
تمتع کو عمل مین لائے اور قران مجید اوسکی حرمت مین نازل نہین ہوا بعد اوسکی اپنی رای سے ایک مرد نی تشریع
اختیار کی اور اوسکو حرام کیا جیسا کہ سیاق عبارت سے صاف حرمت ثابت ہوتی ہے اور صحیح مسلم مین تو بہت سے
روایتین مین کہ اونسی صاف ظاہر ہوتا ہی کہ عمر نی متعۃ الحج کو حرام کیا بعد اسکی کہ حضرت نی حکم فرمایا چنانچہ جابر

۱۰۰

جناب عمر نائب ہے تمام اہل اسلام میں بہشت می جاوینگے اوسی کتاب کے ثبوت متعۃ الحج میں ریب تم فرماتے ہیں ابن شاہ
ملا جمع الباب فرمائی کہ عمر نے اپنی رای مبارک سے کس متعہ کو حرام کیا پہلے متعہ کو یا دوسری کو اگر پہلے کو حرام کیا اور اپنی
رای سے تشریع اختیار کی تو پھر عجیب کام ہے فرمانا کہ یہہ دونوں اب تک شروع ہیں کسی نے انکو حرام نہیں کیا کسطرح صحیح ہوگا
اور اگر دوسری کو حرام کیا باوجود اسکی کہ پیغمبر خدا صلعم اسکو عمل میں لائی تھے اور نہی اوسکی حرمت کی نہیں کی تھی تو یہہ بھی
تشریع اور بدعت ہی اور مخفی نرہے کہ احادیث میں نہی عمر سے ساتھ کراہیت کی بعض فضلای اہل سنت نے
اعتراف کیا وحال انکہ یہہ زعم اونکا باطل ہے کیونکہ قال قائل ہر آیہ ما ہستا اسکے صاف ظاہر ہوتا ہی کہ عمر نے اوسکو حرام
کیا حق تو یہہ ہی کہ اہل سنت اسمقام پر دست و پا گم کردہ ہیں کبھی یہہ کہتی ہیں کہ نہی عمر سے مراد نہی ساتھ کراہت
کی ہے یعنی پہلی متعہ کو عمر نے مکروہ معلوم کیا پھر جب علمای شیعہ انکی گریبان کو پکڑتے ہیں کہ انا احرمہما سے صاف
حرمت پائی جاتی ہے تو کہتی ہیں کہ حرمت اس قول میں باعتبار متعہ نساء کی ہے اسلئے کہ تثنیہ سے کبھی واحد کا ا
رادہ ہوتا ہی اور جب علمای شیعہ کہتی ہیں کہ سرخسی وغیرہ نے مبحث حج میں تصریح کی ہے کہ متعتان کا تثنیہ سے ارادہ دو متعہ
نساء اور متعۃ الحج ہی جیسا کہ یوں کہتا ہی قد صح ان عمر نہی الناس عن المتعۃ فقال متعتان کانتا علی عہد
رسول اللہ صلعم انا انہا عنہما متعۃ النساء ومتعۃ الحج تو پھر سوای عاجزی اور شرمندگی کے کچھہ جواب نہیں دیتے
ہذا ما حصل لی فی ہذا المقام بفضل الملک العلام اور تحقیق مقام کی تتبع سیر اور اخبار پر مخفی نہیں
ہی کہ شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے شرح مشکوۃ میں لکھا ہی کہ حاصل مضمون اوسکا یہہ ہی کہ پیغمبر خدا صلعم بعد
اسکی کہ مکہ معظمہ میں پہونچی اور عمرہ کو ادا فرمایا حکم کیا اصحاب کو کہ جو شخص اپنے ساتھہ قربانی نلایا ہو عمرہ
تمام کرکی اپنی احرام سی باہر آئی اور فسخ حج بعمرہ کری اور میں نہیں جانتا تھا کہ حکم الہی اسطرح صادر ہوگا اور اگر
جانتا میں کہ باہر ہوجانا احرام سے تم لوگوں کو شاق اور گران ہوگا تو میں بھی قربانی نلاتا اور اپنی احرام سے
باہر ہوجاتا اور فسخ حج بعمرہ کرتا اور شارح صحیح مسلم یعنی نووی نے بھی لکھا ہی کہ نبی صلعم فرماتی تھے انی امرت
الناس بامر فاذاہم یترددون پس صاحبان انصاف اور تارکان راہ اعتساف ملاحظہ فرمائیں کہ حکم خدا اور رسول میں
تردد ہونا صریحا اسلام سی خارج کرتا ہی جو لوگ متردد ہوئی تھی اونکی شان میں کیا کہنا چاہیئی اور صحیح بخاری اور
مسلم اور ترمذی اور نسائی وغیرہ میں جابر انصاری سے اور ابن عباس اور حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے
روایت طولانی منقول ہے کہ خلاصہ مضمون اوسکی یہہ ہی کہ جب حضرت رسولخدا صلعم متوجہ حج وداع کی ہوئے

یعسوب الدین امام المتقین غالب کل غالب علی ابن ابیطالب علیہ السلام میقات مین پہونچی تو آپنی نیت کی کہ احرام باندہتا ہون مانند رسولخدا کی اور حضرت پیغمبر خدا سو شتر اپنی ساتہہ لائی تہے پس حضرت امیر المومنین کو شریک اپنی ہدی مین کیا اور یہہ مناقب مختصہ حضرت سی ہے کہ مقام افتخار مین کہا جاتا ہی اور جب کہ حضرت نی آدمیونکو طواف اور سعی تعلیم فرمایا اور سعی سے فارغ ہوئی تب حضرت نے اوپر مروہ کی کہڑی ہوئی اور فرمایا کہ اگر پہلے مین جانتا کہ حق تعالی حکم کریگا عدول حج تمتع کا تو ہدی اپنی ساتہہ نہین لاتا پس جو کوئی کہ ہدی اپنی ساتہہ نہ لایا ہو تو اوسکو چاہیئی کہ عدول کری نیت کو ساتہہ عمرہ کی اور محل ہو پس سراقہ ابن مالک نے پوچہا کہ یا رسول اللہ یہہ حکم مخصوص اس سال کا ہی یا ہمیشہ رہیگا حضرت نی اپنی انگشت مبارک کو ایک ہاتہہ کی دوسری ہاتہہ مین داخل کیا اور فرمایا کہ داخل ہوا عمرہ بیچ حج کی اسیطرح اور ہمیشہ اسیطرح پر رہیگا اور جبکہ حضرت امیر علیہ السلام نی اپنی احرام کو تابع احرام حضرت رسولخدا کی کیا تہا حضرت نی فرمایا کہ تو بہی اپنی احرام پر باقی رہ اور حضرت رسولخدا نی ۶۳ شتر اپنی دست مبارک سی نحر فرمائی اور حضرت امیر علیہ السلام نی باقی کو نحر کیا انتہی ملخصہ یہہ حدیث ہی ہماری مذہب کی موید ہی اور ضاد یہ اہلسنت جو یہہ کہتی ہین کہ عمر نی یعنی ثانی جو متعۃ الحج کی تہی اوسکو حرام کیا جیسا کہ خود مجیب نے بہی ذکر کیا ہی تو اسکی ابطال کی لئی یہہ روایت کافی ہے ابن اثیر نی جامع الاصول اور نہایہ مین ذکر کیا ہی انہ قال سراقۃ بن مالک للنبی ارأیت متعتنا هذه لعامنا ام للابد فقال لا بل لابد الابد و فی اخری لابد الابد الدهر ای هی آخر الدهر انتہی حاصل مضمون اس عبارت کا یہہ ہی کہ سراقہ ابن مالک نے حضرت رسولخدا سی پوچہا کہ یہہ متعہ اسی سال کا ہی یا ہمیشہ رہیگا حضرت نی فرمایا کہ ہمیشہ رہیگا اور قسطلانی حدیث کا مستلزم ہی جواز فسخ حج بعمرہ کی تعیین اور یہہ حدیث منافی ہے قول اہلسنت کی کہ بلا تامل کہتی ہین کہ فسخ حج کا مختص اوسی سال مین تہا پس اگر صاحبان انصاف انصاف سی ملاحظہ فرماوین تو مجموع ان روایات سی معلوم ہو جاتی کہ عمر نی دونو متعون کو حرام کیا اور احادیث نزاع مثال کی سابق مین ذکر کر چکا ہون تمام کہ متعۃ الحج حلال ہی احادہ حدیثہ در نہین ہی وهذا الشیء فی رد الدلیل مع توکل علی الرب الجلیل اور یہہ جو آپ نی فرمایا کہ دلیل اسکی حرمت کی کریمہ و اتموا الحج والعمرۃ للہ اور امر نبوی کما اخرجہ النودی ہے تو اسکا جواب یہہ ہے کہ غایۃ ما فی الباب اس آیہ سی حکم قران اور افراد کا ثابت ہوتا ہی اور اس شرعت سی یہہ لازم نہین آتا کہ تمتع منع ہو جاوے اس لیے کہ احادیث سابقہ اور آیہ ماضیہ فمن تمتع بالعمرۃ الی الحج سی بخوبی واضح ہو چکا کہ متعۃ الحج حلال ہے اور مجموع روایات سابقہ سی یہہ بہی ثابت ہوا کہ خلیفہ ثانی نے دونو متعونکو متعۃ الحج کی حرام کیا پس تخصیص کرنا آپ کا کہ معنی فسخ

۱۰۲

حدیث ابی موسی کی اطرح سی لکہا ہی فطن سنہ رسول اللہ ص ایضاً والدٗ علی ذلک لانہ لم یحل حتی بلغ الہدی محلہ
لکن الحج بسبب عن ذلک کما اجاب بہ ہو حیث قال ولولا ان معی الہدی لاحللت فدل علی جواز الاحلال
لمن لم یکن معہ ہدی قال الناصب الغوی اللئیم ہر باوجود اسکی اگر فرمائی کہ احرم معنی اخبر کی مجاز ہے حقیقت
کی ہو تو بھی ہم مجاز کو نہیں مانتی پس اس تقدیر پر اگر یہہ معنی لیجئیگا تو ارشاد ائمہ میں کہ نحن المحللون حلال اللہ والمحرمون
حرامہ ہی کیا کیجئیگا اگر معنی حقیقی پر رکہئیگا تو ممنوع ہی الا اسصورت میں جو جناب فاروق پر وارد ہوتا ہی وہ بعینہ حضرات
ائمہ پر وارد ہی اور اگر معنی مجازی پر رکہئیگا تو مسلم لیکن مانحن فیہ میں اس ارادہ کا کون مانع ہی در صہد اپنی والد بزرگوار کو
یہ جواب دیجئیگا کہ وہ اسی قول ائمہ کی تفسیر اپنی کتاب حسام میں باین عبارت افادہ فرماتی ہیں یعنی در عہدہ جناب ائمہ اثبات
یا ان اخبار فرمایند بڑی افسوس کا مقام ہی کہ ملازمان والا اپنی گھر کی بہی خبر نہیں لیتی اور کا ذکر اقول بفضل اللہ العلیم
ہم اس امر کا انکار نہیں کرتی کہ احرم کی معنی اخبر کی کہین ہوتے ہی نہیں بلکہ مین انکار اس امر کا کرتا ہوں کہ متعتان
کانتا علی عہد رسول اللہ ص وانا احرمہما اسمین معنے اخبر کی نہیں ہوسکتی کئی وجہ سی اول یہہ کہ آپ نی فرمایا کہ
حضرت عمر نی خبر نسخ کی دی ہی حالانکہ یہہ متعہ منسوخ نہیں ہوا جیسا کہ سابق میں بہت سی حدیثیں ذکر کر چکا ہوں
اور واسطی الزام آپکے ایک حدیث اور بہی ذکر کرتا ہوں کہ اوس سے صاف معلوم ہوتا ہی کہ متعہ منسوخ نہیں ہوا حمیدی
اور مسلم نی اپنی صحیحین میں اور بخاری نے بہی کئی طریق سی جواز متعہ نساء کی روایت کی ہے ان عمر ہو الذی
ابطلہا بعد ان فعلہا جمیع المسلمین بامر النبی ص الی حین وفاتہ وایام ابی بکر اس حدیث سی آشکار ہوتا ہے

۱۰۳

کہ زمانہ رسول خدا ص اور ایام ابی بکر میں بحکم پیغمبر خدا ص لوگ متعہ کرتی تہی اور ہرگز منسوخ نہیں ہوا بلکہ روایت عمران
بن حصین سے کہ سابق میں ذکر کچھ چکا ہوں شاہد قوی ہماری مدعا پر ہی اب فرمائی کہ معنی احرمہما کی اخبر عن حرمتہما
کیونکر ہوسکتی ہیں اور بمفاد اصحابی کالنجوم بایہم اقتدیتم اہتدیتم اگر شیعیان آل طہ علیہم السلام پیروی عمران بن حصین
وعبد اللہ بن مسعود وغیرہم کی کہ یہہ اصحاب متعہ کرتی تہی کرین تو ضرور ہی کہ مہتدی ہونگی دوسری یہہ کہ معنی احرمہما
کی اخبر عن حرمتہما کی ہوتی تو چاہئی کہ اس معنے کو عرب عربا سمجھہ لیتی اسلئی کہ وہ اہل زبان اور محاورہ دان تہے
حالانکہ خلیفہ مامون ابن ہرون الرشید کہ بتصریح ابن کثیر شامی کے متبحر علوم فقہ وکلام و فرایض ونحو وعربیت وشعر و
علم نجوم وسایر اقسام ریاضی کا تہا اور تاریخ مامونی بہی اوسکی طرف منسوب ہے اور تفضیلت جناب ولایت مآب میں بہت سے
اشعار تصنیف کئی چنانچہ یہہ شعر بہی اوسکا ہی ؎ خلیفۃ خیر الخلق والاول الذی + اعان علی رسول اللہ

و ابو بکر اور یہی خلیفہ زادہ سفیان اور مرد شامی کہ عارف محاورہ عرب ہے وہ بہی اس معنی کو قول خلیفہ ثانی مین
نہ سمجھی پس معلوم ہوا کہ قول خلیفہ ثانی مین معنی حقیقی مراد ہین نہ کہ یہہ کہ امر بہا کی معنی اخبر عن حرمتہا کی اوسوقت
مین ہو سکتی ہین کہ جب سیاق و سباق اوسسے ابا کری اور ظاہر ہی کہ قول خلیفہ ثانی مین عبارت انا نقدم اعنی کانتا
علی عہد رسول اللہ مانع ہی اس معنے کی ارادہ کی اور نحن المحللون حلالہ والمحرمون حرامہ مین عبارت مابعد محللون اور
محرمون کے کہ حلالہ اور حرامہ ہی تائید کرتی ہے ارادہ معنی اخبار کی یعنی ہم خبر دینی والی ہین حلت اوس چیز کی کہ حلال کیا
خدا نی اوسکو اور خبر دینی والی ہین حرمت اوس چیز کی جسکو حرام کیا خدا نی انتہی جیسی خدانی اندک مایہ عقل کا دیا ہی وہ سمجہتا ہے
کہ یہان محللونسے مخبرون بالحلۃ اور محرمونسے مخبرون بالحرمۃ دوسرے معنی مراد نہین ہو سکتی ومن ادعی فعلیہ البیان
پس ظاہر ہوا کہ قول حضرات ائمہ علیہم السلام کو قول حضرت عمر فاروق پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے اور فارق ان
دونون مین یہہ ہی کہ ہماری ائمہ ہدی علیہم السلام کی قول مین تحلیل حلال و تحریم حرام ہی اور تمہاری امام کی کلام مین تحریم حلال
ہی محصل اس بیان کا یہہ ہی کہ باب تفعیل کے کئی خواص ہین ازانجملہ ایک نسبت ماخذ ہی یعنی خبر دینا کسی شئے کی منسوب
ہونی سے ساتھہ ماخذ کی مثل فسقتہ کہ مراد اس سے خبر دینا اور بیان کرنا ہی اوس کے فسق کا اور دوسرا خاصہ اسکا تحویل ہے
یعنی کسی چیز کو ماخذ کر دینا مثل نصرتہ کہ مراد اس سے نصرانی بنا دینا ہی اوس شخص کا جو نصرانی نہ تہا اور سخن شناس و
زبان دان پر مخفی نہین کہ حلال کی تحلیل مصداق ہے خاصہ نسبت کا جیسا کلام ائمہ مین ہے اگر اسکو تحویل لین تو تحصیل
حاصل لازم آتی ہے کہ وہ محال اور حلال کے تحریم مصداق تحویل ہے جیسا کلام خلیفہ مین ہے اگر اسکو نسبت فرض کرین
تو معنی مختل اور یہہ کلام کاذب ٹہرتا ہی کیونکہ حلت پر باقی رہنا متعہ کا زمان رسول خدا سے تا زمان خلافت خلیفہ ثانی
روایات متظافرہ اہل سنت سی ثابت ہو چکا فثبت الفارق وبطل القیاس والحمد للہ علی ذلک اور کیونکر فارق نہو گا
کجا مصداق علی خیر البشر کجا قایل لولا علی لہلک عمر این القران الناطق و این من ہو للقران سارق این من اعطاہ اللہ
الولایۃ والامامۃ این المتخلفون عن جیش اسامۃ این الثریا من الثری این المتعامہ من الکری ؎ ببین تفاوت رہ
از کجا است تا بہ کجا **قال الناصب الغوی اللئیم** گر یہی مخبری حضرت والا ہو گی + تار و پود بدن سب
تہ و بالا ہو گی + **اقول بفضل اللہ العلیم** اگر نظم و شاعری اور پہکڑ کے طرف طبیعت آپکے بہت مایل ہے
تو رسالہ برق لامع مرزا فصیح اور دو چار عربی بیان شمیر کی دیکہہ لیجیی کہ اوسکی دیکہنی سے آپکے تسکین بخوبی
ہو گی دگر کوئی پہکڑ باز ہوتا تو جب نسب آپکے بزرگونکا بیان کرتا **قال مولانا المجتہد الجری بالتکریم**
[illegible]

۱۰۴

۲ تفصیل ما حصل لازم

عمر نے کہا کہ وہ حلال ہے اوس شخص نے کہا کہ تمہارے باپ نے تو اوسکو منع کیا ہے ابن عمر نے کہا کہ تو مجھکو بتا اگر میرے
باپ نے اوس سے ممانعت کی اور کیا اوسکو پیغمبر خدا نے آیا میں ترک کروں سنت پیغمبر کو اور تابع ہوں اپنے باپ کے
قول کا قال الناصب الغوی اللئیم جناب اجتہاد مآب کی دیانت سے بہت دور ہے کہ اسقدر نقل لفظ
اور معنی میں خیانت کریں صحیح ترمذی میں حدیث حرمت متعہ کی البتہ ابن عباس سے یوں موجود ہے کہ قال انما کانت
المتعة فی اول الاسلام کان الرجل یقدم البلدة لیس له بها معرفة فیتزوج المرأة بقدر ما یری
انه یقیم فتحفظ له متاعه وتصلح له شیئه حتی اذا نزلت الآیة الا علی ازواجهم او ما ملکت ایمانهم الآیة قال
ابن عباس فکل فرج سواهما فهو حرام اور جس حدیث کو علامہ زمان والا نے نقل کیا ہے ہرگز کتاب مذکور کے ابواب النکاح
کیا باب متعة النساء میں بھی نہیں ہے ان ابواب الحج کے باب ما جاء فی التمتع میں تصریح متعة الحج البتہ بایں عبارت موجود
ہے کہ عن ابن شہاب ان سالم بن عبد اللہ حدثه انه سمع رجلا من اهل الشام وهو یسئل عبد اللہ ابن عمر
عن التمتع بالعمرة الی الحج فقال عبد اللہ ابن عمر هی حلال الی آخر ما نقلتم پس یہہ حدیث متعة النساء کہاں
ٹہری شاید اسی مواخذہ کے ڈر سے ترجمہ لفظ عن التمتع بالعمرة الی الحج کو حذف کیا اور مغالطہ دینے کو حرف لفظ متعہ کا
لیا سبحان اللہ جب یہہ حال مجتہدوں کا ہو کہ دیدہ و دانستہ حدیثوں میں دخل کریں تو مقلد کس گنتی میں ہیں ہاری گہٹنا

١٠٥

بہوتی آنکھہ کہاں کی بات کہاں پہنچائی ہے یہہ خوش گفتہ است سعدی در زلیخا ۔ الا یا ایہا الساقی ادر کاسا و
ناولہا ۔ انتہی اقول بفضل اللہ العلیم کتب احادیث کی تتبع پر مخفی نہیں کہ اکثر احادیث میں مسائل متعددہ
مذکور ہوئے ہیں مگر محدثین نے ہر مسئلہ کی باب میں اوسی کو ذکر نہیں کیا بلکہ جس ایک مسئلہ کی باب میں چاہا ذکر کر دیا
اور استخراج و استدلال کرنیوالے اون مسائل کے البتہ جدا جدا ہر ایک مسئلہ کی باب میں اوس حدیث کو ذکر کیا
کرتے ہیں پس کیا استبعاد ہے کہ اوس روایت کو اگرچہ ترمذی نے باب ما جاء فی التمتع میں نقل کیا ہو مگر حقیقۃ اسمین
دو مسئلہ کا ذکر رہا ہو اسطور پر کہ یسئل عبد اللہ بن عمر عن التمتع بالنساء و بالعمرة الی الحج کسی کاتب نے
سہوا بالنساء کا لفظ ساقط کر دیا اور بالعمرة الی الحج کو لکھا اور کسی نے اسکا عکس کیا اور بعد چندے اوسی نسخہ کا شیوع
ہوا جسمیں بالنساء کا لفظ نہیں ہے اور رفتہ رفتہ وہ نسخے مفقود ہو گئے جنمیں بالنساء کا لفظ مذکور تہا اس جہت سے
تمہارے فضلا کو یہہ کہنے کی جگہ ملی کہ یہہ روایت محرفہ ہے ورنہ تحریف کی گنجایش یہاں اصلا نہیں ہے کیونکہ بجز
اس روایت کے کوئی دوسری روایت دلیل اثبات حلت متعة النساء کتب اہل سنت میں مذکور نہوتی تو البتہ

بعثت سی ناصد وہی خلیفہ ثانی تک جلت متعہ حد تواتر معنوی کو پہونچ گئی ہی تو کوئی عاقل یقین نہیں
کرسکتا ہی کہ اس روایت مین شیعون نی تحریف کی ہو اصل اسکی یہہ ہی کہ فاضل روزبہان موصلی شافعی نے
ابطال الباطل مین اس روایت سی انکار نہین کیا اور دوسرے طرح سے اسکا جواب لکھا اس جہت سی باعتماد اوسکے
تسلیم کی تیقن ہوا کہ اگرچہ فی زماننا نسخ متداولہ مین نہو مگر زمان سابق مین یہہ روایت نسخ ترمذی مین موجود تھی
والا ایسا متعصب فاضل سنیونکا انکار سی باز نہ آتا لیکن متاخرین اہلسنت بلالحاظ اوس کی نسخ متداولہ پر اعتماد
کرکی یہہ اعتراض کرتی آئی ہین اور جواب معقول سنتی آئی ہین اس شخص نی جو اس اعتراض کو ایسی طور پر رنگ
دیکے ذکر کیا ہی کہ گویا اسکی نتایج طبع سی ہی یہہ محض اسکی طمع بیجا و خیال خام ہی تہمت خیانت کی ایسی عالم
جلیل القدر جناب سلطان العلماء کی شان مین اس نافہم نے روا رکھی یہہ غلط فہمی اسکے ہی کیونکہ خیانت اوسکو کہتی ہین
جو اسکی شیخین نے کی ہے جیسا کہ صحیح مسلم مین ذکر منازعت حضرت عباس اور حضرت امیر مین کر کی ہی قال عمر
فلما توفی رسول اللہ ص قال ابو بکر انا ولی رسول اللہ ص فجئتما تطلب میراثک من ابن اخیک و
یطلب ہذا میراث امرأتہ من ابیہا فقال ابو بکر قال رسول اللہ ص ما نورث ما ترکناہ صدقۃ
فرأیتماہ کاذبا غادرا خائنا واللہ یعلم انہ صادق بار راشد تابع للحق فلما توفی ابو بکر وانا ولی
رسول اللہ ص وولی ابی بکر فرأیتمانی خائنا واللہ یعلم انی لصادق بار تابع للحق فولیتہا حتے
جئتنی انت وہذا وانتما جمیع امرکما واحد حاصل مضمون یہہ ہی کہ عمر نی کہا ہر گاہ کہ پیغمبر خدا ص نی وفات پائی
ابو بکر نی کہا کہ مین ولی رسول خدا ص کا ہون پس آئی تم دونو طلب کرتا ہی تو اے عباس میراث اپنی برادرزادہ کی اور طلب
کرتا ہی یہہ شخص یعنی جناب امیر المؤمنین میراث زوجہ اپنی کے باپ سی اوسکی پس ابو بکر نی کہا کہ آنحضرت ص نی
فرمایا کہ ہم میراث نہین چھوڑتی جو کچھ متروکہ ہمارا ہی وہ صدقہ ہی پس تم دونو اوسکو کاذب اور غادر اور خائن جانتے
ہو اور خدا جانتا ہی کہ وہ راست گو اور نیکوکار اور رشد اور تابع حق کا تہا پس جب وہ بہی مرگیا اور مین اوسکے
جگہ پر بیٹہا پس مجھکو بہی تم دونو نی کاذب اور غادر اور خائن معلوم کیا اور خدا جانتا ہی کہ مین صادق اور نکوکار
اور تابع حق کا ہون پس آیا تو میری پاس اور یہہ آیا اور حالانکہ تم دونو باہم اختلاف نہین رکہتی اور امر تم دونو کا ایک
ہی نہت ترجمہ پس حضرت فاروق کے بیان سے ثابت ہوا کہ جناب ولایت مآب شیخین کو کاذب و غادر و خائن
جانتی تھے اور تم اس سے اگر انکار کروگی تو تکذیب تمہاری فاروق اعظم کی لازم آویگی دہو کا تری اسکی سوا اور
حضرت جلیل المناقب کی خوشی دلیل تسلیم قول خلیفہ کی ہے پس ثابت ہوا کہ خیانت کی نسبت شیخین کی طرف

طرف قدیم سے ہی اور تمہاری علماء کہ بڑے داوی ہیں بطریق اولی اس نسبت کے سزاوار ہیں اور حقیقت امر یہہ ہے
کہ نسخ صحاح ستہ کے مختلف ہیں چنانچہ ابن اثیر نے جامع الاصول میں تصریح اسکی کی ہے لکھا ہے رأیت فی کتابہ
احادیث کثیرة لم اجدها فی الاصول التی قرأتها وسمعتها ونقلت منها وذلک لاختلاف النسخ
والطرق اور بھی جامع الاصول میں ہے سألت ابن عباس عن المتعة ای متعة الحج فرخص فیہا وکان ابن الزبیر
ینہی عنہا فقال هذه ام ابن الزبیر تحدث ان رسول الله صلعم رخص فیہا وفی روایة عن المتعة ولم یقل
عن متعة الحج وفی اخری لا ادری متعة الحج او متعة النساء اخرجه مسلم بس نظر اسکی کہ نسخہ صحاح کے بہت مختلف
ہیں اور اکثر احادیث ما نحن فیہ میں بھی اختلاف ہے اگر نسخ صحاح قدیمہ میں یہہ حدیث درباب متعة النساء کی ہو
تو مقام عجب نہیں ہے جیسا کہ فاضل روزبہان کا انکار کرنا اس کلام پر شاہد قوی ہے اور روایتیں بخاری کی بہت تحریفات
سے مملو ہیں جیسا کہ تفسیر آیہ نساءکم حرث لکم فأتوا حرثکم انی شئتم میں نافع سے ابن عمر سے منقول ہے
قال اتدری فیم انزلت قلت لا قال انزلت فی کذا وکذا ثم مضی وعن عبد الصمد حدثنی
ایوب عن نافع عن ابن عمر فأتوا حرثکم انی شئتم قال یأتیہا فی اور حمیدی کہ جامع صحیحین ہے لکھا ہی قال
ابن الحجر وقع فی روایة الجمع بین الصحیحین یأتیہا فی الفرج وهو من عنده بحسب فہمه ثم وقفت
علی سلفه فیه وهو البرقانی فرأیت فی نسخة الصغانی زاد البرقانی فی الفرج ولیس مطابقا لما فی
نفس الروایة عن ابن عمر لما ساذکره وقد قال ابو بکر بن العربی فی سراج المریدین اورد البخاری
هذا الحدیث فی التفسیر فقال یأتیہا فی وترک بیاضا والمسئلة مشهورة صنف فیہا محمد
بن شجون جزءا وصنف فیہا محمد بن شعبان کتابا وبین ان حدیث ابن عمر فی اتیان المرءة فی دبرها
انتہی الغرض اختلافات اور نقص اور تحریفات آپکے کتابوں میں بہت ہی خصوصا نسخ صحاح کی نقائص اور خطایا
کی انتہا نہیں چند نسخہ میں یہہ حدیث درباب حلت متعہ کی نہو تو یہہ لازم نہیں آتا کہ کسی نسخہ میں نہو اور یہہ جو
ابھی فرمایا کہ صحیح ترمذی میں حدیث حرمت متعہ کی البتہ ابن عباس سے یوں موجود ہی کہ قال انما کانت المتعة الخ
تو یہہ آپکے چالاکی پیش رفت نجائیگی اسلئی کہ اس حدیث کو صحیح جاننا اور نسبت دینا طرف ابن عباس کے کئی وجہ سے
باطل ہے اول یہہ کہ روایت ترمذی کی تمیز حجت ہی ہمپر نہیں دوسری یہہ کہ ابھی ثابت ہو چکا ہی کہ تمتع بعد
ازواج ہی جیسا کہ صاحب کشاف نے تصریح اسکی کے ہی اور بھی بہت سی احادیث سے ثابت ہو چکا کہ متعہ

١٠٧

سے روایت ہے ما کانت المتعۃ الا رحمۃ رحم اللہ بہا ہذہ الامۃ ولولا نہی عمر عنہا ما زنی الا
شقی پس ان تصریحات سے معلوم ہوتا ہے کہ متعہ منسوخ نہیں ہوا اور نسبت دینا اس حدیث کا طرف ابن عباس
کی تصنعات اور وضعیات اہل سنت سے ہے تیسرے یہہ کہ کتاب جامع الاصول میں شعرہ بن سعید سے مروی
ہے کہ قام عروہ بن الزبیر ان اخاہ عبد اللہ قام بمکۃ فقال ان ناسا اعمی اللہ قلوبہم کما اعمی
ابصارہم یفتون بالمتعۃ یعرض برجل فناداہ فقال انک لجلف جاف فلعمری لقد کانت المتعۃ
تفعل علی عہد امام المتقین یرید رسول اللہ فقال لہ ابن الزبیر فجرب بنفسک فواللہ لئن
فعلتہا لارجمنک باحجارک انتہی حاصل مضمون اس عبارت کا یہہ ہے کہ کہا عروہ ابن الزبیر نے کہ عبد اللہ بہائی
اوسکا مکہ میں کھڑا ہوا اور کہا تحقیق کہ بعضے آدمی خداوند تعالی نے دلونکو اونکی مانند آنکہونکی کور کیا ہے فتوی دیتے ہیں
حلت متعہ کا اور مقصود اوسکا اس کلام سے تعریض تہا ایک شخص کے تہی پس اوس مرد نے آواز دیا اور کہا کہ تحقیق
تو کمینہ ہے قسم ہے جان اپنے کی کہ متعہ ہوتا تہا عہد میں امام متقین کہ وہ رسولخدا ہیں پس ابن الزبیر نے اوس
کہا کہ تو نے اپنی ذات سے تجربہ کیا قسم ہے خدا کی کہ اگر تو متعہ کریگا البتہ میں سنگسار کرونگا انتہی مخفی نہ رہے کہ قائل
خبیر پر پوشیدہ نہ رہے کہ جس مرد کی ساتھہ ابن الزبیر نے تعریض کی وہ ابن عباس رضی اللہ عنہ تہے کہ اسطرح
عمر میں بصارت سے معذور ہو گئے تہے اب اس حدیث سے صاف پیدا ہے کہ عہد رسولخدا میں متعہ کیا جاتا تہا اور
حضرت ابن عباس آخر عمر تک فتوی متعہ کا دیتے تہے پس بعض فضلاء اہل سنت جو یہہ کہا ہے کہ نقل عن ابن عباس
انہ رجع فی آخر عمرہ عن القول بالمتعۃ تو یہہ مختلقات کی قبیل سے داخل موضوعات میں ہے چوتھے یہہ کہ فاضل
روزبہان نے کتاب ابطال الباطل میں لکھا ہے مذہب الشافعی ان نکاح المتعۃ حرام لکن لا حد فیہ لانہ
ذہب الی ان کل جہۃ صححہا عالم سنی بدلیل قوی واباح الوطی بہا فلا حد وان اعتقد
التحریم وذلک کالوطی فی النکاح بلا ولی کمذہب ابی حنیفۃ وبلا شہود کمذہب مالک
وفی المتعۃ کمذہب ابن عباس یعنی مذہب شافعی کا یہہ ہے کہ نکاح متعہ حرام ہے مگر اوسپر حد نہیں لگتی کہ اوس
نزدیک جس جہت کو عالم سنی نے تصحیح کیا ہو ساتہہ دلیل قوی کے اور مباح کیا ہو وطی کو پس اوسپر حد نہیں
اگرچہ واطی اعتقاد کہتا ہو کہ یہہ وطی حرام ہے جیسا کہ وطی کرنا نکاح بے ولی میں مثل مذہب ابی حنیفہ
کی اور نکاح بے شہود میں مانند مذہب مالک کی اور وطی کرنا متعہ میں مثل مذہب ابن عباس کے

نکاح متعہ بھی عہد ساقط ہو گئیں مذہب ابن عباس کو نظیر کیوں قرار دیتا علاوہ ان سب کے کہتا ہوں کہ کون سا
امر اس آیہ میں حرمت پر دلالت کرتا ہی اگر یہہ کہیئے کہ الا علی ازواجہم سی معلوم ہوتا ہی تو مین کہونگا کہ لفظ
فیتزوج المرأۃ بقدر ما یری سی کہ خود کہ اسکو غبی نی ترمذی سے بروایت ابن عباس نقل کیا ثابت ہوتا ہے
کہ متمتع بہا زوجہ مین داخل ہے پس معلوم ہوا کہ قبل نزول آیہ الا علی ازواجہم کی لفظ زوجہ کا اطلاق متمتع بہا پر کلام
عرب مین شایع تہا ایسی حالت مین متعہ کا نسخ الا علی ازواجہم سی کیونکر ہو سکتا ہی لاجرم موضوعیہ نسخ ثابت ہوئے
ثابت ہوئی ہذا ما حصل لی فی ہذا المقام بفضل العزیز العلام و سیاتی غیر ذلک ان شاء اللہ تعالی **قولہ** خوش
گفت است سعدی در زلیخا + الا یا ایہا الساقی ادر کاسا و ناولہا + **اقول** زقول باطل خود شرم کن آخر نمی بینی
کہ عشق آسان نمود اول ولی افتاد مشکلہا **قال الناصب الغوی اللئیم** اتنا بھی نہین جانتی کہ عبداللہ
ابن عمر بھی تو متعہ کے حرمت مین احادیث متعددہ مشہور ہین اور کتب معتمدہ مین مذکور ہی کہ منہا ما اخرجہ الامام احمد
فی مسندہ عن عبدالرحمن بن نعیم الاعرجی قال سأل رجل ابن عمر عن متعۃ النساء فغضب وقال واللہ ما
کنا علی عہد رسول اللہ صلعم زانین ولا مسافحین و منہا ما اخرج ابن ابی شیبہ عن نافع ان ابن
عمر سئل عن المتعۃ فقال حرام و منہا ما اخرج البیہقی عنہ انہ قال لا یحل لرجل ان ینکح امرأۃ الا
بنکاح الاسلام و یمہرہا و ترثہ پھر اباحت اوسکی اونسی کیونکر مروی ہو **اقول بفضل اللہ العلیم**
خر عیسی اگر بمکہ رود + چون بیاید ہنوز خر باشد + عجب طرح کی بات ہی کہ اپنی مونہہ میاں مٹھو اپنی کتابو نسے
احادیث وضعیہ بنا کی آپ سند لاتی ہین کہ یہہ خصم کی نزدیک سب دروغ ہین کیا روایات مختلفہ مین تناقض نہین
معمول بہ ہو سکتے ہین اگر ترمذی نے حضرت عمر کی حمایت کی لئے اونکی بیٹی سے اسطرحکی روایتین بہی
نقل کردین تو اس سے کیا ہوتا ہی اور یہہ بہی محتمل ہے کہ ایک وقت مین خلیفہ زادہ عنیان کلمہ انصاف زبان پر
لایا ہو بعد اوسکے جادہ انصاف سے باہر ہو گیا ہو علاوہ یہہ ہی کہ پہلی روایت جو آپنے ذکر کی ہے آپکے مدعی
کی موافق نہین اسلئے کہ حلت متعہ کی عہد جناب رسالتمآب مین کتاب سے ہے بسنت اور قول فاروق متعتان کانتا
علی عہد رسول اللہ ص سی ثابت ہی پس اطلاق زنا اور سفاح کا اوسکی اوپر حرام تہا ساتہہ اسکی اگر ابن الخلیفہ نی
خلاف اسکی کہا تو تشریع کی ایسے شرع کی کلام کا کیا اعتبار اسکی سوا اوس روایت اولی سی یہہ بہی مراد ہو سکتے
ہی کہ ہم سب زمان نبوی مین متعہ کیا کرتی تہی تو اگر جائز نہوتا تو زانی ہونا ہمارا لازم آتا اور ہم زانی نہ تہے
لا محالہ حلت متعہ ثابت ہی **قال الناصب الغوی اللئیم** یہ آپکے پہلے فرمائی ہین بلکہ بہت کہنہ کر

آبائی شیخ حلی نے کتاب نہج الحق مین لکھا ہی کہ شافعی کے نزدیک نماز سفر مین قصر کرنا معصیت ہی اور
والد بزرگوار جناب کے کتاب صوارم مین شیخین کیطرف نسبت کر کر یہ عبارت افادہ فرماتی ہین کہ ابن عمر ابن
عاص شخصیست کہ بخاری و مسلم ہر دو در صحیحین خود ازو روایت نمودہ اند کہ گفت سمعت رسول اللہ صلعم یقول
ان آل ابیطالب لیسو باولیآء حالانکہ کتب شافعی مین نہ معصیت کا نام ہی نہ ان دونو کتابون مین نام ابیطالب
کا مگر خدا آپکے تقصیر معاف کری **اقول بفضل اللہ العلیم** اگرچہ آپ کی آبائی روحانی اخلافی
مین بے نظیر ولاثانی تھے مگر آپ بھی اونسے اس فن مین کم نہین ہین بلکہ اپنے قدما کی قدم بقدم چلی جاتی
ہین کیون نہو اوت کا پوت اوت نسل شہو ہی دیکھیی یہان آپنے کیا خوب نئی بات اپنی دل سے پیدا کی
ہی اور کیا اچھا مضمون باندھا ہی اگر آپ کا شعر آپ کی ثنا مین یون پڑھا جائی تو زیبا ہی ؎ جھوٹھہ تو کیون
نہ کہی جھوٹھہ تیری ساتھہ رہا للہ الحمد کہ یہہ معرکہ پہر ہاتھہ رہا **قولہ** شیخ حلی نے کتاب نہج الحق مین لکھا ہے
کہ شافعی کی نزدیک نماز سفر مین قصر کرنا معصیت ہی انتہی **اقول** اس قول مین پہلی کذابی یہہ ہے
کہ علامہ حلی کا لقب شیخ قرار دیا مگر اسمین آپ مقلد ہین منتہی الکلام والی کے چنانچہ ابن حجر کی نعاط کی شرح مین
یہہ نکتہ حاشیہ منتہیہ مین بیشتر مذکور ہو چکا ہی دوسرے جھوٹھہ مین سچ یہہ ہی کہ آپنے بڑا کام کیا ہی کہ اپنے
اقدمین کی سر پر بہی تقدم کا قدم رکھا بیان اوسکا یہہ ہے کہ علامہ حلی علیہ الرحمہ نے اصلا اس کتاب مین یا کہین
کسی کتاب مین نہین لکھا کہ شافعی کے نزدیک نماز سفر مین قصر کرنا معصیت ہی اور ایسی صاف و صریح یہہ افترا باندھ
کر اس تہمت سی اونکو متہم کر دیا واہ واہ این کار از تو آید و مردان چنین کنند اصل منشاء اس دروغگوئی کا آپکے اسیقدر
ہی کہ کتاب مذکور مین جواز قصر نماز سفر مین معصیت کہ مذہب ابیحنیفہ کا ہی اسکی بیان مین سہو ناسخ سی نام
بدل گیا کہ شافعی کا نام ابی حنیفہ کی نام کی جگہہ مرقوم ہوا صاحب ابطال الباطل نے اوسپر ارتکاب کذب کا
اعتراض کیا تھا سید نور اللہ شوستری نی اوسکا جواب لکھا مگر صاحب شوکت عمریہ نی اوس جواب
معقول کو ناشنیدہ قرار دیکر اسی اعتراض کا یون اعادہ کیا و از آن جملہ است آنچہ علامہ حلی قصر صلوۃ را در سفر
معصیت در کتاب نہج الحق بطرف شافعی نسبت کردہ الی آخرہ آپ اوسی سمجھہ نسکی دوسری طرح سی افادہ کیا
کیا خوب فہم آپکا ہی کہ مقید اور مطلق مین فرق نکر سکے کہ کلام سفر معصیت مین تھا اوسکو سفر مطلق مین
سمجھکر قصر کو معصیت ٹھہرا دیا یعنی ہاوہ کو سجال ٹھہکر ترتیب کو بدل کے اپنا کام نکال لیا ایسی بے اولی سمجھہ کو
اہل فہم العوبۃ الصبیان اور ضحوکۃ الثکلان کہتی ہین اب ہمنی معلوم کیا کہ حق بجانب آپ کی ہی کہ شوکت عمریہ

بحریہ اور منتہی الکلام و تہلکہ مجتہدی سلطان العلماء سے بحث کرنیکا حوصلہ کیا ایسی سمجھ والے جو کچھ ارادہ کریں کر سکتے
ہیں ع تا مباحث فہم گشتم روزگارم تیرہ شد ٭ دل خوشی گو یا کہ از چیزے نفہمیدن بود ٭ باقی رہا جواب فاضل
روزبہان موصلی کے اعتراض کا سو احقاق الحق میں سید مرحوم خوب لکھہ گئے ہیں اسکا خلاصہ یہ ہے کہ یہہ کذب نہیں
بلکہ سہو ناسخ ہے کیونکہ اگر معاذ اللہ کذب ہوتا تو آگے چلکے اسی کتاب میں علامہ کیوں لکھتے ذہبت الامامیۃ الی
ان العاصی بسفرہ کالخارج لقطع الطریق او السعایۃ فی قتل المسلم او الطلب فجور و شبہہ لا یجوز لہ التقصیر فی الصلوۃ ولا فی الصوم
وقال ابوحنیفۃ و اصحابہ والثوری والاوزاعی لا فرق بین الطاعۃ والمعصیۃ اب اس عبارت سے صاف ظاہر ہوا کہ اس
بیضہ کے عبارت میں سبقت قلم و سہو ناسخ سے شافعی کا نام ابوحنیفہ کی نام کے جگہ لکھا گیا بلکہ کلام صاحب
ابطال الباطل سے اسی طرف مشیر ہے کہ اوسنے کہا قد ذہب بیان ہذہ المسئلۃ قد نسب الی الشافعی فیما مضے
ونسبناہ الی الکذب انتہی اور صاحبان فہم و دانش خوب جانتے ہیں کہ ہر فعل کے غایت و غرض ہوتی ہے اگر
علامہ علیہ الرحمہ خاص شافعی کے رد کی در پے ہوتے تو البتہ گنجایش اس مظنہ کی ہو سکتی تہی کہ دوسرے کا قول
شافعی پر باندہکر اوسکو ملزم کرینگے واسطے ارتکاب کذب کیا وحال آنکہ ظاہر ہے کہ علامہ کو جمیع اہلسنت کے
اقوال کا رد کرنا مطلوب ہے تو ایسی حالت میں اسکی نام کی جگہ اوسکا نام اور بالعکس لکہنے سے
بجز اسکی کہ سبقت قلم سے سہو ایسا ہو گیا ہرگز احتمال ارتکاب کذب کا
نہیں ہے علاوہ اسکی جب اونکی کتاب منتہی المطلب میں اور تذکرۃ الفقہا میں صاف و صریح اس حکم کو مذہب
ابوحنیفہ لکہا ہے تو کسی طرح بجز سہو ناسخ کی احتمال دوسرا نہیں ہو سکتا ہے ہکذا عبارتہ فی المنتہی و ابوحنیفہ یجوز للعاصی
فی سفرہ القصر انتہی ہاں یہہ البتہ علامہ علیہ الرحمۃ والغفران فی کتاب کشف الحق و نہج الصدق میں افادہ فرمایا ہے
کہ ذہبت الامامیۃ الی وجوب القصر فی سفر الطاعۃ وقال الشافعی ہو بالخیار بین القصر والاتمام
وقد خالف قولہ تعالی فمن کان منکم مریضا او علی سفر فعدۃ من ایام اخر او جب الاتمام اللہ للحق مصوم لا صلی
وکل من وجب القصر فی الصوم وجب فی الصلوۃ انتہی موضع الحاجۃ معلوم ہوتا ہے کہ شافعی کے عیب چہپانیکے
واسطے کہ اوسنے خلاف قرآن کی خیار بین القصر والاتمام کو کیا اور مرتکب گناہ کا ہوا آپنے یہہ چند کلمات بیہودہ
زبان سے ارشاد فرمائے ف پوشیدہ نرہے کہ قصر رباعیات کا سفر میں واجب ہے کتاب سے سنت سے اجماع سے
لیکن چونکہ صاحب عبادت میں بہت رغبت رکہتے تہے اسلئے خلاف خدا و رسول کی رکعات نماز کو سفر میں
بحال رکہا شیخ عبدالحق دہلوی نے شرح مشکوۃ میں لکہا ہے ان عثمان صلی فی ایام الحج فی منی اربع رکعات

111

فی الصحابة الذین معه ایضا صلوا اربعا کانت عائشة ایضا اتمت وجاء عن رسول الله انه اتم
فی السفر ایضا اور صحیح بخاری میں ابن عمر سے منقول ہے انه قال صلیت مع النبی ع بمنی رکعتین ومع ابی بکر
وعمر ومع عثمان فی صدر من خلافته ثم کان یتم اس حدیث سے ظاہر ہوتا ہے کہ عثمان کے پاس کوئی عذر اتمام
صلوٰۃ کا سفر میں نہ تھا مگر شارح دہلوی نے بپاس خاطر اپنی خلیفہ کی توجیہات سخیفہ و تاویلات ضعیفہ ذکر کیا ہے
اور بعد ان توجیہات کی خود اون سبکو رد کیا و هکذا عبارته قد اختلف فی وجه اتمام عثمان فقیل لانه کان
تاهل بمکة او لانه کان امیر المؤمنین فکل موضع له دار او لانه عزم علی الاقامة بمکة ورد هذه الوجوه
اما الاول فبان النبی ع کان یسافر بزوجاته وقصر والثانی بان النبی ع کان اولی بذلک والثالث
بان الاقامة بمکة علی المهاجرین حرام ولان هذه الوجوه لا تجری فی صلوٰۃ عائشة علی انه ظنون
لا دلیل علیها انتهی کلامه آفتاب اوج سروری جناب مفتی سید عباس شوستری جواہر عبقریہ فی رد تحفہ اثنا عشریہ
میں بایں عبارت افادہ فرماتی ہیں کہ پیروان اصحاب ثلثه را آفرین که این وجوه ثلثه اگرچه بدولت و اقبال عثمانی هم
خالی از لطف نیست اما وجه دوم بسیار لطیف واقع شده و از آن کمال محبت و اعتقاد گوینده اش نسبت بخلیفهٔ ثالث
چه این قایل حضرت عثمان را بسبب اینکه امیر مؤمنان بود مالک تمام روی زمین و جمیع قطار ارضین گردانیده است و هر
شهر و منزل را منزل و شهر وی ساخته و بزعم این سنی سرور امم و رسول اکرم و علت غائیه ایجاد عالم این مرتبه رفیعه را نیافته
تا بشیخین جلیلین چه رسد و سببش ظاهر این است که امارت بحسب لغت و عرف دولت و مال را میخواهد و جاه و
جلال و اقبالیکه اعلی حضرت کیوان منزلت جناب خلیفه ثالث داشتند نه بدست پیغمبر اطهر آمده و نه نصیب کسی از اصحاب
کبار شده بود پس در حقیقت امیر المؤمنین ایشانند نه دیگری انتهی کلامه الشریف پس اگر شافعی نے شاید بپاس خاطر
خلیفه ثالث کی قصر کو معصیت جانا ہو تو مضایقه نہوگا اب میں کہتا ہوں که اپنی خبر لیجیے کتابوں کو اہل سنت کی
ملاحظه کیجیے که احادیث موضوعه بہت سے موجود ہیں جیسا که ابن ابی الحدید نے شرح نہج البلاغه میں اعتراف اسکا
کیا ہے اور کہا وضعت البکریة لصاحبها احادیث نحو لو کنت متخذا خلیلا لاتخذت ابا بکر
فانهم وضعوه فی مقابلة حدیث الاخاء ونحو سد الابواب فانه کان لعلی ع فقلبته البکریة الی
ابی بکر ونحو ائتونی بدواة وبیاض اکتب لابی بکر کتابا لا یختلف علیه اثنان فانهم وضعوه فی مقابلة
الحدیث المروی عنه فی مرضه ائتونی بدواة وبیاض اکتب لکم کتابا ما تضلون بعده ابدا فاختلفوا عنده
وقال قوم منهم لقد غلبه الوجع حسبنا کتاب الله ونحو حدیث انا راض عنک فهل انت راض عنی

یعنی وضع کیا ہی فرقہ بکریہ نی واسطی صاحب اپنی کی بہت سی احادیث مثل حدیث لوکنت متخذا الخ کی کہ اس فرقہ نی
وضع کیا ہی مقابلہ حدیث مواخات کی یعنی برادر کرنا حضرت رسولخدا کا حضرت علی علیہ السلام کی تئین اور مانند سدالابواب
کی کہ یہہ مخصوص واسطی حضرت علی علیہ السلام کی تہا اور بکریہ نی واسطی ابوبکر کی وضع کیا ہی اور مانند ائتونی بدواۃ
وبیاض اکتب لابی بکر کتابا الخ کی کہ وضع کیا ہی اونہون نی مقابلہ اوس حدیث کی کہ مروی انحضرت سی ہی کہ اپنی مرض
مین فرماتی تہی لاؤ دوات وبیاض تا نامہ لکہوئین واسطی تمہاری کہ گمراہ نہو بعد اوسکی اور مانند حدیث انا راض عنک
الحدیث انتہت ترجمتہ اسی طرحسی بہت سی حدیثین اہل سنت وجماعت نی فضیلت اصحاب ثلثہ مین ذکر کی ہین اور اپنی
محل مین مذکور ہین اب علماء امامیہ رضوان اللہ علیہم پر یہہ طعن کرنا کہ خلاف واقع کی مسائل مین غلطی کرتی ہین
سراسر بیجا ہی اور اسکی تمہاری مرشد ہین کہ احادیث کو فضایل اصحاب ثلثہ مین وضع کر کی ذکر کرتی ہین اور یہہ جو آپنی
فرمایا کہ ان دونو کتابو نمین نام ابیطالب کا نشان نہین پس یہہ فرمانا آپ کا واسطی چہپانی رسوائی بخاری ومسلم کی
ہی کیونکہ یہہ دونو راویان کفرہ فجرہ سی روایت کیا کرتی ہین حیرت ہی کہ آپ ان دونو کتابونکو ملاحظہ نہین فرماسکتی
نشان ان دونو کتابو نمین نام ابیطالب کا ہی مگر چونکہ علماء محدثین اہلسنت حذف اور اسقاط اور تحریفات احادیث
مین کیا کرتی ہین اسی جہت سی روایت موضوعہ مین ان آل ابیطالب لیسوا باولیاء کی کہ راوی اسکا عمرو بن عاص
ہی لفظ ابیطالب کو حذف کیا ہی اور بعض شراح نی ابی البیاض اور بعض نی ابی العاص اور بعض مصنفین نی ابیطالب
ذکر کیا ہی پس حکم کرنا آپ کا کہ نام ابیطالب کا اوسمین نہین ہی غیر مسلم ہی ابن ابی الحدید نی کہا ہی اما عمرو بن العاص
فروی عنہ الحدیث الذی اخرجہ البخاری والمسلم فی صحیحیہما مسندا متصلا بعمرو بن العاص قال سمعت
رسول اللہ یقول ان آل ابیطالب لیسوا باولیاء انما ولی اللہ وصالح المؤمنین انتہی کلامہ اسی طرحسی
ابن حجر نی بہی اس روایت کو ذکر کیا ہی حیث قال قال ابوبکر بن العربی فی سراج المریدین کان فی اصل
حدیث عمرو بن العاص ان آل ابیطالب فغیر الی فلان انتہی اور مخفی نرہی کہ عمرو بن العاص عداوت جناب امیر المؤمنین
علی علیہ السلام سی بہت رکہتا تہا اسلئی یہہ روایت اوسنی وضع کی اگر آپ سند اسکی چاہتی ہون کہ
بخاری اور مسلم راویان ملاحدہ سی روایت کیا کرتی ہین اور بنای اعتقاد اور اعمال اپنی کو اوسی پر چہوڑتی ہین
تو بگوش ہوش سنئی کہ ابن ابی الحدید نی ذیل خطبہ حضرت علیؑ کی کہا ہی فنظرت فاذا لیس لی معین حاصل اوسکا
یہہ ہی کہ شیخ ہماری ابوالقاسم بلخی نی فرمایا کہ عمرو بن العاص ہمیشہ ملحد رہا اور ہرگز الحاد اور زندقہ مین تردد نہین

۱۱۳

کری اور اپنی اعتقاد کو اوس پر چھوڑی اور یہی بخاری عمران بن حطان سی روایت کیا کرتا ہی حالانکہ وہ رئیس خوارج
کا تھا ابن ملجم لعین کی مدح کیا کرتا تھا چنانچہ صاحب عینی شارح صحیح بخاری فی الحقیقت ہے اور اوسکی ترجمہ کے باب مین
لکھاہی کہ عمران بن حطان کان رئیس الخوارج وشاعرهم وهو الذی مدح ابن ملجم قاتل علی بن ابیطالب
بالابیات المشهورة اور مطابق حدیث خیر الانام الخوارج کلاب النار بخاری کو کیا ضرورت دامن گیر ہوئی کہ اس خارجی
بی باک اور سگ نار کی سی روایت کری اور اوراق کتاب کو ایسی لعین خبیث کی روایت سی آلایش دی البتہ شارح
عینی نے انصاف کیا حیث قال فے الفصل المذکور لیس للبخاری حجة فی تخریج احادیثه ومسلم لم یخرج
حدیثه ومن کان له صدق فی اللهجة فقد افحش فی الکذب فی مدح ابن ملجم اللعین والمتدین کیف یفرح
بقتل مثل علی بن ابیطالب حتی یمدح قاتله اور بخاری نی معاویہ علیہ ما علیہ سی یہ روایت کیا ہی حال آنکہ جناب
اعمال معاویہ کی کسی پر پوشیدہ نہیں ہے ربیع الابرار میں ہی فلیت عن معاویہ انه صعد علی المنبر فقال یا ایها الناس
ان الله خلق ابداننا وخلق فیها ارواحا فما تملک الناس ان یخرج منهم فقام صعصعة من صوحان فقال
اما بعد فان خروج الارواح فی المتوضات سنة وعلی المنبر بدعة انتهی مختصر مضمون یہہ ہی ایک روز منبر پر
بر وقعہ گوز عظیم معاویہ سی سرزد ہوا نہایت بیحیائی سے شرم نکیا عذر بدتر از گناہ یہہ لایا کہ ایہا الناس حق سبحانہ تعالی
نی ارواح کی تیئن بدنوں میں پیدا کیا ہی پس قدرت ضبط کی نہیں رکھتی ہیں پس صعصعہ نی اوٹھکر کہا کہ خروج ریح کا
بیت الخلا میں طریق جاری ہے اور منبر پر بدعت ہی دوسرا طرفہ یہہ ہی کہ حافظ شمس الدین ذہبی کتاب مغنی میں روایت کی
ہی فی الضعفاء والمجاهیل واصحاب اللین هکذا جعفر بن محمد بن علی بن الحسین الهاشمی ابو عبد الله
ثقة لم یخرج له البخاری یعنی بخاری و حضرت سی روایت نہیں کرتا اور ذہبی نی کتاب میزان میں بجناب
جعفر بن محمد بن علی بن الحسین الهاشمی کی لکھا ہی ابو عبد الله احد الائمة الاعلام بر صادق کبیر الشان لم یحتج
به البخاری ای مسلمانان صاحب انصاف روح پاک رسول مختار کی انصاف فرمائین کہ بخاری امام بحق جناب
جعفر صادق علیہ السلام سی احتجاج نکیا اور عمران بن حطان مداح قاتل امام الانس والجان سی روایت کی آباء و
زعم میں امام ابن امام ابن امام ابن امام ابن امام کذاب نہی معاذ الله اور قاتل امیر المؤمنین صادق اللهجہ تھا ان جناب
امام جعفر صادق علیہ السلام کو اصحاب ثلثہ کا محب جانا اور عمران بن حطان کو دشمن حضرت امیر المؤمنین اور دو
ہر سہ خلفاء راشدین کا پایا تو اوس سے کیونکر روایت نکرتا اور اونسے نقل کرنے میں کسطرح مطمئن رہتا مگر
[illegible] بنگی اور کتاب [illegible] مفسر مشہور سی اسطرح سی ہے کہ بخاری فی صحیح بخاری

مین ایک ہزار دو سو خوارج سی روایت کیا ہی بالجملہ یہہ قصہ روات کا بہت ہی دور دراز ہی محتاج تفصیل کا نہی
فضول مطولات ہی اور ظاہر ہی کہ آپ سی عیب پوشی بخاری کی نہو سکیگی مگر آپکے علما آنا ہیہ پر جو اتہام باندہا اسکی
سزا ایسی غافل نہ رہی خدا اسکی سزا آپ کو دیگا اور ہرگز آپکی گناہ نہ بخشیگا ٭ خیر لطف رغبتی عدی بن حاتم
وز الکلاب للعادیات وقد فعل ٭ قال الناصب الغوی اللئیم رہی یہہ بات کہ یہہ حدیث متعۃ الحج کی
مین ہی لیکن عبد اللہ نی کیون اپنی باپ کی حق مین یہہ بی اعتنائی کی جواب اسکا یہہ ہی کہ وہ شامی عامی تہا تفصیل
متع کی نہ جانتا تہا سمجہا کہ مطلق تمتع حرام ہی اور محرم اوسکی حضرت عمر ہین اسواسطی جب عبد اللہ نی کہا ہے اوسکی
جواب مین مطلقاً فرمایا کہ یہہ حلال ہے اوسنی بطریق اعتراض کی کہا کہ ان اباک قد نہی عنہا تب عبد اللہ نی اوسکی
ملامت کرنیکو کہا کہ ارایت ان کان ابی نہی عنہا وصنعہا رسول اللہ ص امر ابی اتبع ام امر رسول اللہ ص تب کہا
اوسنی بل امر رسول اللہ پس کہا عبد اللہ نی لقد صنعہا رسول اللہ ص گویا اوسکو الزام دیا کہ جس تمتع کو رسول اللہ
نی کیا تہے وہ تو اب تک جاری ہے میری باپ نے کیونکر حرام کیا پس معلوم ہوا کہ یہہ ارشاد عبد اللہ کا اوسکی الزام
کو تہا کچہہ بے اعتنائی کی طور پر نہ تہا اب جیسی متعۃ النسا کی تحریم کی طعن سی حضرت عمر بری الذمہ تہی ویسی ہی متعۃ الحج
کی طعن سے بری الذمہ ہین ٭ حق پر کیونکر نہون یہان حق بہی بری ساتہ رہا ٭ للہ الحمد کہ یہہ معرکہ بہی ہاتہ رہا

115

اقول بفضل اللہ العلیم رہی ثابت ہو چکا کتب احادیث سنیہ مین روایت حلت متعہ کی عبد اللہ بن
عمر سے منقول ہے پس بیہودہ سرائی آپکی بیجا ہی بڑی حیرت کی بات ہی کہ اوس خلف رشید نے یہہ دہوکہی بار
اس مقام پر کی خلیفہ زادہ سفیان کو لازم تہا کہ تفصیل اسکی اوس شامی کو بتلا دیتی نہ یہہ کہ دونو متعونکو
متعۃ الحج کی خلط کر کی اوسکو دہوکہا دیتی اور آپ کو لازم ہی کہ دلیل اثبات اس امر کی لائی کہ وہ سائل شامی
عامی تہا تفصیل تمتع کی نہ جانتا تہا اور نہین تو آپکی خامی ہے کہ اوس شامی کو عامی قرار دیتی ہین اور حقیقت
تو یہہ ہی کہ آپ اپنی کتابونکو ملاحظہ نہین فرما سکتی بسبب قصور عدم ملاحظہ کتب معتمدہ اہل سنت کی دہوکہ کہا
گئی ہین فاضل رشید نے شوکہ عمریہ مین کہ جواب بارقہ ضیغمیہ ہے اسطرحسی لکہا ہی کہ این اختلاف ابن عمر با حضرت
عمر از قبیل اختلاف مجتہدین فیما بینہم در مسایل اجتہادیہ است انتہی پس اس بیان سے معلوم ہوتا ہی کہ درمیان
بیٹی اور باپ کی اختلاف تہا پس کیونکر ہو سکتا ہی کہ اوس مرد شامی کو ابن عمر نی الزام دیا ہو اور صاحب خربت
حیدریہ نی صاحب شوکہ عمریہ کو اسطرحسی مجحوج کیا ہی اما ارباب انصاف بمقابلہ پیغمبر خدا ص اجتہاد را مطلقاً روا
نمیدارند ملا آنکہ ... یہہ مقام تفصیل کو چاہتا ہی اور یہہ مختصر لائق اسکی نہین

کہ اس مقال کے تفصیل ہو اسلئی محول ہے کہ کتاب احقاق الحق اور عماد الاسلام وغیرہ مین دیکھہ لیجئی پس خلیفہ ثانی نے متعۃ النسا

اور متعۃ الحج کی تحریم سی قیامت تک بری الذمہ نہونگی ع کہ رنگی نشستن نگردد سفید **قال مولانا المجتہد الحبری**

بالتکریم اور صحیح مسلم وغیرہ مین لکھاہی کہ جابر بن عبداللہ نی فرمایا کہ ہم متعہ کرتی تھی مدت تک عہد پیغمبر خدا مین اور

عہد ابو بکر مین بعوض ایک مشت خرمی کے یا آٹی کے تاوقتیکہ منع کیا اوسکے عمر نی بیچ مقدمہ عمرو بن حریث کی پس

روایت سی معلوم ہوتا ہی کہ اصحاب ہوتین متعہ کرنا زمانہ آنحضرت مین تہا اور تمام عہد ابو بکر اور اوائل عہد عمر مین تک

منع کرنیکی جاری تہا پس صاحب انصاف کو یہ سعید کافی ہے اور بحث وجدل کا کچھ ٹھکانا نہین فقط وہو العالم انتہی

کلامہ الشریف **قال الناصب الغوی اللئیم** جابر بن عبداللہ نی جواز متعہ کی روایت کی فتوی جواز کا نہین

دیا خود ملازمان والا بارہا صحیفہ مین باین عبارت افادہ فرما چکی ہین کہ روایت کردن چیزی مستلزم فتوای

راوی بمضمون آن نیست انتہی کلامہ السخیف **اقول بفضل اللہ العلیم** اس مقام پر مضامین آپ کی عبارت

کی بالکل پوچ اور واہی ہین اسواسطیکہ جب جابر نی کہا کہ ہم متعہ کرتے تھی رسول خدا کی وقت مین اور

ابی بکر کی وقت مین یہانتک کہ عمر نی اوسی منع کیا تو مقصود ہمارا کہ اثبات حلت اس عمل کے اوس زمانہ مین

تہی پس اس بزرگ کی خبر سی ثابت ہوا اس مقام مین اونکی فتوی کی ضرورت نہین خبر و حکایت اونکی باعتبار

صدق لہجہ و ایمان و عدالت کی کافی ہے چنانچہ شیخ عبد الحق دہلوی نے کتاب شرح مشکوۃ کی کتاب الصید

والذبایح مین لکھاہی مذہب اصح آنست کہ اگر صحابی گوید کہ ما میکردیم چنین در زمان شریف آنحضرت ما این را حکم

رفع است زیرا کہ ظاہر اطلاع آنحضرت و تقریر اوست بر آن انتہی پس معلوم ہوا کہ یہہ متعۃ النساء تمام عہد ابو بکر

اور عہد خلیفہ ثانی مین ماجرای عمرو بن حریث تک جائز تہا محرم اسکی حضرت عمر ہین اور جناب سلطان العلماء نے

جو حدیث جابر بن عبداللہ کی زیب رقم فرمائی ہی تو وہ فقط ثبوت اس امر کی لئی ہے کہ متعۃ النساء عہد پیغمبر

اور عہد خلیفہ اول اور عہد خلیفہ ثانی مین ماجرای عمرو بن حریث تک جائز تہا بعد اسکی عمر نی منع کیا انہی عنہا اخ

انیکون ذلک زرعًا ای فسادا پس اسی رو سے خلیفہ ثانی نے متعۃ النساء سی ممانعت کی سو الحمد للہ کہ ثبوت دعوی

کا بخوبی ہو گیا حقیقت حال یہہ ہی کہ عینی شارح صحیح بخاری نی باب غزوہ خیبر مین ابو سعید خدری اور جابر سے

روایت کی ہے کہ انا تمتعنا الی نصف من خلافۃ عمر حتی نہی عمر الناس فی شان عمرو بن الحریث [illegible]

سی انصاف طلب ہی کہ ابو سعید خدری اور جابر بن عبداللہ انصاری تو اصحاب جلیل سے تہی اور بقول عبد الحق

دہلوی اون دونو صحابیونکو حلت متعہ سی اطلاع تہی اور رواج اوسکا زمانہ شیخین مین ثابت ہوا اور حرام

١٠٦

حرام کرنا خلیفہ ثانی کا بھی بروایت انہیں اصحابوں کی معلوم ہوا اور بمقتضای کلهم عدول اجماع اونکی عدالت پر ہوا العیاذ
باللہ اونکو فاسق اور مرتکب زنا نہیں کہہ سکتی ہیں ظاہر ہوا کہ خلیفہ ثانی نے خود حرمت متعہ کو اختراع کیا اور رسول خدا
کی وقت میں اسکا رواج بخوبی تہا والحاصل کہ فی ہذا المقام تفصیل لعزیز العلام فالبصیر والجبین الانصاف و خلیو
من الاعتساف قال الناصب الغوی فی اللئیم سیحی ہی یہہ کیونکر کہہ سکتا ہی حال آنکہ روایات تجسیم و
تشبیہ وغیرہما کہ خلاف ضروریات دینیہ ہیں کتب شیعہ میں حد سی زیادہ موجود ہیں چنانچہ کلینی نے ابی عمارہ سے
روایت کی کہ اونسنی کہا سمعت امیر المؤمنین یقول انا ید اللہ وجنب اللہ اور اوسی کتاب میں اسود بن
سعید نی ابی جعفر علیہ السلام سی روایت کی کہ نحن لسان اللہ نحن وجہ اللہ نحن عین اللہ وعلی ہذا القیاس و پس
معلوم ہوا کہ روایت کی مستلزم فتوی کو نہیں ہوتی ہے جو کار بفضولی من برآید مراد روی سخن گفتن ناید
انتہی کلامہ اقول بفضل اللہ العلیم یہہ بیہودہ گوئی اور افترا پردازی انکی فریب عوام کی واسطے
ہی اسلئی کہ ان روایات سی تجسیم ثابت نہیں ہوتا ید اللہ فوق ایدیہم تو آیہ قرانی ہے اور حضرت امیر کو نفس اللہ
ید اللہ اور اسد اللہ مشہور ہی کہ علماء فریقین اسکا انکار نہیں کرسکتی معلوم ہوتا ہی کہ مجاز اور حقیقت میں آپ کو
تمیز حقیقت میں نہیں ہوا جیسا کہ کہتی ہیں کہ قران مجید خدا کی زبان ہے تو کیا حقیقت میں اللہ کی زبان ہے
بلکہ مراد اوس سی یہہ ہی کہ اوس خدا نے اپنی قدرت کاملہ سی قران مجید کو پیغمبر کی پاس پہنچا حقیقت حال یہہ ہے
کہ چونکہ کینہ دیرینہ خاندان رسالت سی وراثۃ عن الغادرین الخائنین آپکی دلمین ہے آپ چاہتی ہیں کہ فضائل
اور مناقب ائمہ ہدی علیہم التحیۃ والثنا کی بالکل مخالف اور فضائل سی محو ومنسی ہوجائیں لیکن واللہ متم
نورہ ولو کرہ المشرکون ہاں آپکے مذہب کی کتابوں میں البتہ روایات تجسیم کی بتصریح موجود ہیں جیسا کہ
غنیۃ الطالبین میں لکہا ہی کہ اہل سنت اعتقاد کرتے ہیں کہ حق تعالی نے اپنی پیغمبر کو کہ برگزیدہ ہیں سب
پیغمبروں سی ساتہہ لیکر اپنی عرش پر روز قیامت میں بیٹہیگا لما روی عن عبد اللہ بن عمر عن النبی انہ
قولہ عز وجل عسی ان یبعثک ربک مقاما محمودا قال یجلسہ معہ علی السریر اور حجاج نی لکہا ہی اس
حدیث میں اذا کان یوم القیمۃ نزل الجبار علی عرشہ وقدماہ علی الکرسی وہو نی بینکم فیقعد بین یدی
علی الکرسی اسی طرح سی صدہا روایتیں تجسیم اور تشبیہ کی کتب معتمدہ اہل سنت میں مذکور ہیں انشاء اللہ تعالی
[illegible]

۱۱۷

لطیفہ اور اسمقام پر ایک لطیفہ واقعیہ ہی کہ اوسکو ذکر کرتا ہون یقین ہے کہ اپنی دلمین علماء اہلسنت بہت
خفیف ہونگی اور وہ یہہ ہی کہ شیخ مفید علیہ الرحمہ ارشاد مین ارشاد فرماتی ہین کہ بعض علماء یہود نزدیک ابی بکر
کی آئی اور کہا کہ تو ہی خلیفہ اس امت کا ہی ابوبکر نی فرمایا کہ ہلی پس اوس یہودی نے کہا کہ توریت مین پاتا ہون کہ خلفاء
انبیاء اعلم امت کے ہوتی ہین پس خبر دی تو ہمکو کہ خدا آسمان پر ہے یا زمین مین ابوبکر نے سادہ لوحی سے ارشاد فرمایا
کہ خدا آسمان پر ہی یہودی نے کہا کہ اس وقت مین زمین اوس سے خالی ہے اور اس قول پر لازم آتا ہے
کہ خدا ایک مکان مین ہو دوسری مکان مین نہو پس ابوبکر نی کہا کہ یہہ کلام زندیقون کا ہی اور دور ہو جاؤ نہین تو
مین سزا دونگا پس یہودی متعجب ہوئی اور اپنی دلمین کہا کہ یہہ خلیفہ پیغمبر کہلاتے ہین آخر تمسخر کرتے ہنستی ہوئے
پہری اثنای راہ مین حلال مشکلات جناب لاثانی علیہ الصلوٰۃ والسلام سی ملاقات ہوئی حضرت نی ارشاد فرمایا
کہ تیری سوال کو مینی معلوم کیا اور جواب ثانیہ کو بہی جانا اور مین کہتا ہون بدرستیکہ خدای عزوجل خالق مکان
ہی برتر ہی اس سے کہ احاطہ کری اوسکو کوئی مکان اور وہ ہر مکان مین ہے نہ اسطرحسی کہ مماس اور مجاور اوسکا ہو بلکہ
اسطرحسی کہ علم اوسکا محیط سب مکانونکا ہی اور کوئی مکان اوسکی تدبیر سی خالی نہین اور مین خبر دیتا ہون اوس
خبر سے کہ کتابون مین تمہاری مذکور ہے پس اگر پہچانونگی تو ایمان لاؤگی یا نہین یہودی نی کہا کہ ایمان لاؤنگا
فرمایا آپنے کہ بعض کتابون مین تمہاری مذکور ہی کہ موسی بن عمران علی نبینا وآلہ وعلیہ السلام ایک روز بیٹھی تھے
کہ ناگاہ ایک فرشتہ مشرق سی آیا پس حضرت موسیٰ نی پوچھا کہ کہانسی آتا ہی اوس فرشتہ نی کہا کہ خدای
عزوجل کے نزدیک سے آتا ہون بعد اوسکی دوسرا فرشتہ جانب مغرب سی نمود ہوا پس پوچھا حضرت موسی علیہ السلام
نی کہ کہانسی آتا ہی اوسنی کہا کہ خدای بزرگ کی پاس سے آتا ہون بعد اوسکی ایک فرشتہ اور ظاہر ہوا اور
کہا کہ آتا ہون آسمان ہفتم سی خدای بزرگ کی یہانسے بعد اوسکی پہر ایک فرشتہ آیا اور کہا کہ آتا ہون طبقہ
ہفتم زمین سی خدای عزوجل کے پاس سے پس حضرت موسی علیہ السلام نی فرمایا کہ تسبیح کرتا ہون اوس خدا کے
کہ اوس سے کوئی مکان خالی نہین پس یہودی نے کہا کہ مین گواہی دیتا ہون کہ یہی ہے حق اور تو سزاوار
خلافت ہی انتہیٰ ترجمہ کلامہ الشریف اس بیانسی یہہ امر واضح ہوا کہ مقولات تجسیم اور تشبیہ کی جو کتب اہلسنت
مین ہین ماخوذ کلام خلیفہ اول سے ہین **قال الناصب الغوی اللئیم** اور جابر یا بعض اصحاب دیگر کہ عہد پیغمبر
خدا صلعم اور عہد ابوبکر مین متعہ کرتے تہی حقیقت اوسکی یہہ ہی کہ یہہ فعل اونکا مدت معلوم تک بعد حرام ہونے

اطلاع نہتی جیسی عباس کو اول اطلاع نہتی جب حضرت امیرؑ نی فرمایا کہ انک رجل تائہ ان رسول اللہ نہی عن المتعة
تب اپنی رجعت فرمائی چنانچہ شرح مقاصد مین جابر سی روایت کی ہے کہ ما خرج ابن عباس من الدنیا حتی رجع
عن قولہ فی الصرف والمتعة اور صاحب کشاف وغیرہ مفسرین نی لکہا کہ وہ عند الموت فرماتی تہے اللہم انی اتوب
الیک من قولی بالمتعة وقولی فی الصرف اور علاوہ برین خود مسلم مین سبرہ جہنی سی روایت ہی انہ غزی مع
النبی یوم فتح مکة قال فاقمنا بہا خمسة عشر یوما فاذن لنا رسول اللہ فی متعة النساء ولم یخرج
حتی نہانا عنہا اور قسطلانی مین بروایت بیہقی حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سی موجود ہی کہ انہ سئل عن
المتعة فقال ہی الزنا بعینہ اور حدیث تہذیب اور استبصار کی جو گذر چکی شاہد عادل ہے غرض معلوم ہوا کہ
یہہ حدیث جابر کی پیش از وقت تاکید حرمت متعہ ہی پس ارشاد جناب کا کہ اس روایت سی معلوم ہوتا ہی الی آخرہ
محض بے ٹہکانی کی بات ہی ؎ پایان نہین جدال کا انصاف شرط ہی + بی اصل بات اشتر کرین کا حرف ہے

اقول بفضل اللہ العلیم ماشاء اللہ خوب احادیث کو سمجہتی ہین ناہی ثابت کر چکا ہون کہ جتنی آیات آپنی
استدلال کی لئی اسمقام پر ذکر کی ہین وہ سب آپکے مدعا کی موافق نہین بلکہ آیہ محکمہ فما استمتعتم اور روایت
جو کہ مستقصے امام غزالی مین مذکور ہے اور سوا اسکی جتنی حدیثین کہ ذکر کر چکا ہون اونسے ثابت ہوتا ہے
کہ متعہ حلال ہے اور تشریع اوسکی اور حرمت کہ حضرت عمر نی کی اور یہہ کہنا تمہارا کہ اصحاب مین جو متعہ رائج تہا حقیقت
اوسکی یہہ ہی کہ یہہ خلل اون کی عادت معلوم تک بعد حرام ہوئی متعہ کی تہا لیکن بسبب عدم شہرت حرمت کی
اطلاع نہتی جیسی عباس کو الخ سراسر بیجا اور کلام جہلا سی ہے اسلئی کہ حضرت امیرؑ کی فرمانی سی انکار جب
فرمانا خلاف عقل ہے اسلئی کہ مسلم سی ثابت ہوتا ہی کہ خلافت عبد اللہ بن زبیر تک حضرت ابن عباس فتوی جواز
کا دیتی رہے اور اوس وقت مین بصر سی مکفوف ہو گئی تہے پس عقل عاقل ہرگز قبول نہین کر سکتی کہ باوجود اسکے
کہ جناب ابن عباس شاگرد اون حضرت سی تہے اور اختصاص اونحضرت بہت تہا بسبب نہی جناب ولایت مآب
کی رجوع نہ کرین اور زمانہ خلافت عبد اللہ بن زبیر تک اصرار فرمائین پس معلوم ہوا کہ حضرات اہل سنت نی حدیث
رجوع ابن عباس کو وضع کیا ہی کیف لا حال انکہ صاحب فتح القدیر لکہتا ہی ولا تردد فی ان ابن عباس ہو القائل
المعرض بہ وکان رضی کف بصرہ فلذا قال ابن الزبیر کما اعمی ابصارہم وہذا انما کان فی حال خلافة
عبد اللہ بن الزبیر وذلک بعد وفات علی المرتضی کرم اللہ وجہہ فقد ثبت انہ استمر القول علی جواز

119

ارشاد فرمانی این بعد از آن احتمال رجوع بعد از ماجرای ابن الزبیر نقل نموده و بعقل هیچ عاقلی در نمی‌آید که با وصف

کمال اختصاص و تلمذ او بخدمت آنحضرت ع از نهی آنجناب رجوع از قول متعه نکند و تا زمان ابن زبیر بر آن اصرار ورزد

و بعض خود راجع و تائب از آن شود ان هذا لشیء یحیله العقول انتهی کلامه الشریف علاوہ اسکی کہتا ہوں کہ یہ قول

باطل آپکے زمانہ میں پیغمبر کے زمانہ نصف خلافت عمر تک متعہ ہوتا ہو اور کم سے کم دس گیارہ برس میں تو ہوئی ہوگی تو

دراز تک مطلع ہونا اصحاب کا متعذر ہی ہاں یہہ البتہ ہو سکتا ہے کہ بعد خلیفہ ثانی کے کوئی صحابی ہو کہ اطلاع رہی

مگر قول فخر الدین رازی کا تفسیر کبیر میں ثم قال رجل برأیه ما شاء خلیفہ جی کے اطلاع کو وہ بہم کر رہا ہی اور بہی اگر

پیغمبر خدا نے متعہ کو حرام فرمایا ہوتا اور اصحاب کو اسی مدت دراز تک اطلاع نہوتی تو ارشاد فیض بنیاد جناب امیر ع

ولا نہی ابن الخطاب عنها ما زنی الا شقی یعنی اگر عمر متعہ کو منع نکرتا تو زنا نکرتا مگر شقی اور یہ بحث کہ تفسیر درمنثور

اور تفسیر ثعلبی وغیرہ میں موجود ہی بلا معنی اور مہمل ہوجاتا اور رجوع حضرت ابن عباس کا جواب فی سعید بن جبیر و

اپنی کتاب سے نکالکے استدلال لائی ہیں باطل اور چند وجوہ سے نکی دلیلیں اصحاب کی کہ حضرت ابن عباس

متعہ کو حرام جانتی تھے اور رجوع و توبہ نہیں فرمایا سابق میں ذکر کر چکا ہوں عاقل منصف کے لئے وہی کافی ہیں مگر

بنا و کل جدید لذیذ دو ایک دلائل یہاں سے ذکر کرتا ہوں **اول** یہہ کہ فخر الدین رازی نے تفسیر کبیر میں تفسیر آیہ

فما استمتعتم میں دو قول نقل کئے ہیں بعد قول اول کے اسطرح لکہا ہی القول الثانی ان المراد بهذه الآیة

حکم المتعة وهو عبارة عن ان یستأجر الرجل المرأة بمال معلوم الی اجل معین فیجامعها واتفقوا علی انها

کانت مباحة فی ابتداء الاسلام روی ان النبی لما قدم فی عمرته تزین نساء اهل مکة فشکا اصحاب الرسول

طول العزوبة فقال استمتعوا من هذه النساء واختلفوا فی انها نسخت ام لا فذهب السواد الاعظم

من الامة الی انها صارت منسوخة وقال السواد منهم انها بقیت مباحة کما کانت وهذا القول

مروی عن ابن عباس وعمران بن الحصین انتهی اور سابق میں جو حدیث ابن عباس کے اسطرح جو مذکور ہو چکے

ما کانت المتعة الا رحمة رحم الله بها هذه الامة ولولا نهی عمر عنها ما زنی الا شقی اور عمران بن حصین کے

روایت جو ذکر کی گئی ہے کہ لم ینه عنها حتی مات تو یہہ موید قول فخر رازی ہے اور حاصل مضمون عبارت فخر رازی

کا کہ قول دوسرا یہہ ہے کہ مراد اس آیہ سے حکم متعہ ہے اور متعہ عبارت ہی اسسے کہ اجارہ میں لے مرد عورت کو ساتھ مال

اسکے مدت معین تک پس جماع کرے ساتھ اس عورت کے اور اتفاق تمام امت کا اس امر پر ہے کہ متعہ مباح تھا

۱۲۰

مکہ معظمہ مین تشریف لائی واسطی عمرہ کی تو زنان مکہ نی آرایش و زینت کی پس اصحاب رسولخدا نی طول عزوبہ مین
شکایت کی تب حضرت نی فرمایا کہ متعہ کرو تم ان عورتون سی اور اختلاف کیا لوگون نی کہ یہہ متعہ منسوخ ہوا یا نہین
پس سبب سواد اعظم کا امت سی کہا یہہ کہ منسوخ ہوا اور کہا ہی شواذ ان نے کہ اباحت اوسکی باقی ہے اور یہہ اباحت
ابن عباس اور عمران بن حصین سے مروی ہے انتہت ترجمہ عاقل منصف مخفی نرہی اس سی صاف معلوم ہوتا ہی کہ حضرت
ابن عباس اسکو حلال جانتی تہی اور سابق مین جناب ابن عباس اور عمران بن حصین سے جو روایت ذکر کر چکا ہون شاہد تو
اسکے ظاہر ہی اور طرفہ یہہ ہی کہ شہاب الدین احمد تحفۃ المحتاج شرح المنہاج مین بعد چند عبارت کی لکہتی ہین حکایۃ الرجوع
عنہ لم یصح اور ابن حجر نی فتح الباری مین لکہا ہی عن عبد الرزاق عن ابن جریج اصحاب ابن عباس من اہل مکۃ و یمن
علی اباحتہا اور شرح الدقایق مین ہے اسیطرح جسی تغیر سیر ذکور ہی ان دلایل سے صاف معلوم ہوتا ہی کہ
حضرت ابن عباس نے رجوع نہین فرمایا ہے ہمارا کام سمجہانا ہی یار و اب آگی چاہو مانو یا نہ مانو بلکہ دوسری
یہہ کہ تو بہ کرنا جناب ابن عباس کا جیسا کہ صاحب کشاف نے لکہا ہی غلط محض ہے اور آثار اسکی کذب کا روشن ہے اسلیئی کہ
وہ از راہ دلیل کے حکم حلت کا فرماتی تہا اور جبکہ کوئی مجتہد دلیل و برہان سے حکم کری تو وہ معصیت نہین ہے پس کیا حاجت
تہی کہ وہ حضرت توبہ فرماتی علاوہ اسکی کہتا ہون کہ کونسی دلیل حضرت ابن عباس پر ظاہر ہوئی کہ بسبب اسکے
انہی رجوع کیا اور قبل اسکی جناب ابن عباس کو مخفی تہی جناب ابن عباس تو سردار مفسرین تہی کیونکر یقین حاصل ہو سکتا
ہی کہ آیہ ناسخ و منسوخ کو نجانتی رہی ہونگی حال آنکہ جناب پیغمبر خدا نی اونکی شان مین فرمایا ہی اللہم علمہ الحکمۃ و
الکتاب اخرجہ عمر و زادہ تاویل القران و فی حدیث آخر اللہم بارک فیہ و انشر منہ واجعلہ من عبادک
الصالحین و فی دعا علما و فہما فی الدین و ابن عمر کلہا احادیث صحاح و فی روایۃ اخرجہ الحافظ الثقفی
فہما و علما اور یہہ دعا پیغمبر جلیل مرشد حضرت جبرئیل حضرت ابن عباس کی شان مین ذخایر العقبی محب الطبری کے
بیچ مذکور ہی قال ابن عبد البر قال مجاہد عن ابن عباس رایت جبرئیل عند النبی مرتین و دعا لی
رسول اللہ بالحکمۃ مرتین و کان عمر بن الخطاب یحبہ و یدنیہ و یقربہ و یشاورہ مع اجلۃ الصحابۃ
و کان عمر بن الخطاب یقول ابن عباس کہول و لسان سئول و قلب عقول الی آخر ما قال اور کلام شیخ
عبد الحق دہلوی سی شرح مشکوۃ مین مستفاد ہوتا ہی کہ عبد اللہ بن عمر نی بعض مسائل مین رجوع طرف ابن عباس کے
کیا اور عمر ابن راشد نی کہا کہ عایشہ نزدیک میرے اعلم حضرت ابن عباس سے نہین اب اسی خدا سی ڈرین اور انصاف

علم کے دعا فرمائے تھی کہ نسخ متعہ کا ہوتا تو ان کو کیونکر معلوم نہوتا اور جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے جو
روایت ذکر کیا ہے سو اسکی کہ محمول بر تقیہ ہو عقل عاقل کیونکر قبول کر سکتی ہے کہ جناب لاثانی مآب اطہر جسے ارشاد فرماتے
ہیں لولا نہی ابن الخطاب عن المتعۃ ما زنی الا شقی جیسا کہ در منثور سیوطی وغیرہ میں مذکور ہے اور جناب امام بحق ناطق خلاف
جد امجد اپنے کی کیونکر فرماتے کہ ہی لنا بعینہ هذا بهتان عظیم لا یقبله عقل سلیم و طبع مستقیم و بعد التسلیم
و التنزل فالمعنی هی لنا عند اهله کذا فی الضربة الحیدریة نہایت حیرت ہے کہ دل آپ کا تعصب اور عناد سے مانند
پتھر کی سخت ہو گیا ہے کہ باوجود ان دلایل ظاہرہ اور براہین باہرہ کی کچھہ خیال میں نہیں لاتے اور موم سمجھی تھے تیری دل کو
سو پتھر نکلا ✤ وہ موم ہے ان پتھر کی تو برابر نکلا ✤ **قال مولانا المجتہد البحری بالتکریم** بعد لکھنے جواب استفتا
کی اضافہ کرنا بعض مضامین کا مناسب معلوم ہوا اسیواسطے بطور خاتمہ کی لکھا گیا کہ جلال الدین سیوطی نے تاریخ الخلفا
میں بیچ فصل اولیات عمر کی لکھا ہے کہ عمر پہلا وہ شخص ہے کہ جسنے پڑھنا تراویح کا ماہ رمضان میں مقرر کیا اور پہلا
وہ شخص ہے کہ جسنے متعہ کو حرام کیا اس سے ثابت ہوتا ہے کہ آخر عہد ابو بکر تک تراویح نہ تھی اور متعہ حلال اور جاری
تھا کسواسطے کہ اگر متعہ عہد جناب رسالتمآب میں حرام ہو گیا تھا تو عمر پہلے حرام کرنیوالے نہ ٹھہرتے اور تمام عہد ابو بکر
اور بعض عہد عمر میں جاری کیونکر رہتا اور اکثر صحابہ کبار مانند جابر ابن عبد اللہ انصاری وغیرہ کی کیوں متعہ کرتے
قال الناصب الغوی اللئیم یہہ عجیب نا انصافی کی بات ہے کہ جواب ٹی جاتی پھر بات بنائی جاتی ہے باتفاق
اہل سنت اور بتصریح ابن والد بزرگوار کی کتاب حسام سے معنی تحریم اور تحلیل کے ملاحظہ کر چکے کہ مراد اوس سے اخبار
یا اظہار ہے پھر استدلال باینا فی القائل او تجشم بیجا حاصل کے کیا معنی مقصود سیوطی کا اولیات سے اول من اخبر بحرمۃ المتعۃ
یعنی عمر اول وہ شخص ہے کہ جسنے حرمت متعہ کی خبر دی اور اسیطرح معنی اول من سن قیام شہر رمضان ہے یعنی عمر
اول وہ شخص ہے کہ جسنے سنت تراویح کو ظاہر کیا اسواسطے کہ کتب احادیث اہل سنت میں بتواتر ثابت ہے کہ اصل
تراویح کی پیغمبر سے ہے کہ خلاف امر نقل کی تین شب آپنے اوسکو بجماعت ادا فرمائی اور ترک مواظبت کی یہہ علت
بتائی کہ انی خشیت ان یفرض علیکم پھر جب آفتاب نبوت نے غروب کیا تو یہہ عذر جاتا رہا حضرت عمر نے
بحکم قاعدہ اصولیہ شیعہ سنیہ الحکم المعلل بعلۃ یزول بزوال علتہ اس سنت کا احیا فرمایا اسمیں کیا گناہ لازم آیا
شیعوں نے تو وہ چیزیں نکالیں کہ جنکی شرع میں کچھہ اصل نہیں انتہی کلامہ السخیف **اقول بفضل اللہ العلیم**
باطل ہے انچہ مدعی گو یہہ عجیب طرح سے ہٹ دھرمی ہے کہ نہو کی کہانی بنائے اور پھر بھی باز نہ آئی دلائل
[illegible]

قول کا ائمہ کی قول پر قیاس مع الفارق ہی کما مر شرحا اور یہان جگہ ہے دو ایک دلیل بطور جدید بیان کرتا ہون
کہ خلیفہ ثانی کے قول مین معنی تحریم کی از روی خاصہ باب تفعیل کے کہ تحویل ہے حقیقۃ بمعنی جعل الشئ حراما کے
ہین جیسا ابواہ یہودانہ و ینصرانہ مین ہے اور جو خاصہ اس باب کا نسبت بماخذ ہی جس اخبار کی معنی مستنبط ہوتے
ہین مثل فسقتہ کی یہان مراد نہین ہو سکتی اور قول ائمہ جو حسام مین منقول ہے نحن المحللون حلالہ والمحرمون حرامہ
اوسمین اصلا معنی تحویل مراد نہین ہو سکتی وہان نسبت بماخذ کی معنی مراد ہین دلیل اول یہہ ہی کہ اگر معنی تحریم کی خلیفہ
ثانی کی قول مین اظہار اور اخبار کی ہوتے تو اہل بصرہ کہ اہل لسان اور واقف محاورہ عرب ہے اسکی خلاف کیون سمجھتے
چنانچہ محاضرات راغب اصفہانی مین مذکور ہی کہ یحیی بن اکثم نی ایک شیخ بصرہ سی کہا تو متعہ کو حلال جاننی مین کس
شخص کا پیرو ہی شیخ بولی کہ مین حضرت عمر کا پیرو ہون تب یحیی بن اکثم نے تعجب سے کہا کہ یہہ کیونکر ہو سکتا ہی حال
آنکہ عمر تو اوسکے حرام کرنے مین بہت سخت تہا شیخ بصری نی کہا روایت صحیح مجھکو پہونچی ہے کہ عمر نی منبر پر
چڑہ کر کہا ہی متعتان کانتا الخ پس مینے گواہی عمر کی اوسکی حلت پر قبول کی اور اوسکی حرام کرنیکو نہین مانتا
ہون انتہی اہلسنت کی خدمت سراپا شوکت مین عرض ہے کہ انصاف سی سرکشی نہ کرین تحکم کو چہوڑین اور دیکہین
کہ شیخ بصری اہل زبان عارف بلغت عرب نے خلیفہ جی کو حرام کرنیوالا متعہ کا ٹہرایا نہ خبر دینی والا اور یحیی بن
اکثم کی سکوت سی ثابت ہوتا ہی کہ اوسنی بہی اس لفظ سی دوسری معنی کے سمجہنے کی گنجایش نہ دیکہکر سکوت کیا
اب آپ کی مثل آپکے مرشد و برادر آپ پر صادق آتی ہے کہ جواب نائی بہائی بات بہائی جاتی ہم بات نہین
بناتی تم بنی بات کو بگاڑتے ہو اسلیئے ہمکو کجروی سے روکتی ہین اور یہہ حدیث بہت مشابہت رکہتی ہے اوس
حدیث سی کہ جو صحیح ترمذی مین درباب قصہ پرو شامی اور خلیفہ زادہ سفیان کی مذکور ہوچکی مجہکو اسکا ڈر نہین ہے
کہ آپ اپنی عادت موروثی پر آکی کہین گے کہ یہہ حدیث متعۃ النساء مین محاضرات راغب اصفہانی مین نہین ہے
کیونکہ اگر آپ اس سے منکر ہونگے تو اور کتابین آپکے بہت موجود ہین جس سے ہمارا ادعا ثابت ہی والمنۃ للہ المنان
وہو المستعان دوسری دلیل یہہ کہ اگر معنی اول من حرم المتعۃ کی یہہ ہون کہ اول من خبر بحرمۃ المتعۃ اور معنی اول من
سن قیام شہر رمضان کی یہہ ہون کہ عمر اول اوس شخص کا ہی جسنی سنت تراویح کی خبر دی تو ظاہر ہی کہ وہ اول
خبر دینی والی اور اظہار کرنیوالی آپکے مذہب کے موافق نہین ہین اسلیئے کہ پہلی ظاہر کرنیوالی اور اول خبر دینی والے
تو اہل سنت کی نزدیک خود پیغمبر خدا ہین اور جبکہ رسول خدا ہی اول خبر دینی والی اوسکی حرمت کے ٹہری تو خلیفہ

۱۲۳

اگر کوئی متوہم یہہ توہم کرے کہ مقصود سیوطی کا یہہ ہے کہ بعد رحلت جناب رسالتمآب کے پہلے جس شخص نے یہہ امر
منع کی جرأت کی ہے وہ عمر ہی اور پہلی باتیں جن عمر نے کہ بعد انتقال سرور کائنات کی سنت تراویح کو ظاہر کیا وہ عمر ہے
تو میں کہونگا کہ یہہ توہم باطل ہے اسلیے کہ مقصود سیوطی کا تو یہہ معلوم ہوتا ہے کہ عمر نے خلاف خدا ورسول کے بدعت
اختیار کی اسواسطے کہ سیوطی نے تاریخ الخلفا میں فصل اولیات میں بعد اول من سن قیام شہر رمضان کے اسطرح سے
لکھا ہے کہ اول من عسعس باللیل یعنی عمر اول وہ شخص ہے کہ شب گردی کو اختیار کیا حالانکہ یہہ خلاف قرآن واحادیث
ہے خداوند عالم فرماتا ہے لا تجسسوا یعنی تم لوگ شب گردی نہ کرو اور کسیکے عیب جوئی نہ کرو پس اس قول میں آپ
یہہ نہیں کہہ سکتی کہ عمر اول وہ شخص ہے کہ جسنے جرأت کی شب گردی کے اسواسطے کہ عیاذاً باللہ پیغمبر خدا اسکی مرتکب
نہیں ہوئے تا کہ وہ اسکی جرأت کرتا یا اسکا اظہار کرتا پس جبکہ اول من عسعس میں معنی اختیار یا اظہار کی نہیں ہوسکتے
تو جتنی باتیں کہ سیوطی نے ذیل اولیات میں ذکر کی ہیں سب انہی معنی حقیقی پر ہیں جیسا کہا ہے کہ پہلی جسنے
جمع کیا امت کو نماز جنازہ میں چار تکبیروں پر برابر فرمائی کہ اس جملہ میں اجرأت کی گنجایش کہاں ہے اور بعد جمع کی اجماع
بالجمع کیا اس عقدہ ہی جسکو اولیات میں قرار دیں لطیفہ ابن ابی الحدید وغیرہ نے لکھا ہے کہ ایک شب خلیفہ ثانی
شب گردی کرتے تھے ناگاہ ایک گھر سے کچھ آواز ان کے کان میں پہونچی پس دیوار کود کے اسکے گھر میں پہونچے ایک
مرد کو ایک عورت کے ساتھ دیکھا کہ شراب اپنے پاس رکھے ہوئے ہے خلیفہ ثانی نے فرمایا کہ اے دشمن خدا تو گمان کرتا ہے
کہ خدا تجھسے پوشیدہ ہے اور تو مشغول معصیت ہے اس مرد نے کہا کہ عجلت نکرو اگر جو میں ایک خطا کی تو تو نے
تین خطائیں کی اسلیے کہ خدا نے فرمایا ہے تجسس نکرو اور تو نے تجسس کیا اور خدا فرماتا ہے کہ وأتوا البیوت من ابوابہا
یعنی داخل گھر کی ہو دروازے سے اور تو دیوار پھلانگ کے آیا ہے اور خدا فرماتا ہے کہ اذا دخلتم بیوتاً فسلموا
یعنی ہر گاہ داخل گھر کی ہو پس سلام کرو اور تو نے مجھکو سلام نہیں کیا عمر نے کہا کہ اگر عفو کروں کیا تجھے کو دن تو
اختیار خیر کا تو کریگا اوسنے کہا ہاں واللہ کہ بار دیگر اس کام کو نہ کرونگا کہا کہ جا عفو میں نے کیا انتہی انصاف سے
کہیے کہ یہہ تینوں خطائیں خلیفہ کی خلاف خلافت پناہی کی ہیں یا نہیں شب گردی میں اور جانشینے رسول مقبول
میں فرق زمین و آسمان ہے یا نہیں اور یہہ تینوں خطائیں مخالف قرآن وسنت رسول خدا کی ہیں یا نہیں اگر
خلاف آنحضرت کی نہیں ہیں تو کہیے کہ عیاذاً باللہ رسول اللہ نے ان تینوں افعال زشت کو کب کیا پس جبکہ
بخوبی ثابت ہوا کہ مقصد سیوطی کا اختراع اور بدعت ہی ہے جتنی باتیں کہ اوسنے ذیل اولیات میں ذکر کے
ہیں خلاف خدا ورسول ہیں اور سب بدعت محرمہ ہیں اور طرفہ یہہ ہے کہ بعض مریدوں نے خلیفہ جی کے جسکا جواب

جواب اسطرحسی لکہا ہی کہ ہرگاہ خلیفہ ثانی کار خنا ئین بنایا اور بی صبر تہی نہ جانا کہ اصابطہ دینا میں واقع ہوا جسمین
سی اجتہاد اونکا شب گردی پر منحصر ہو گیا مین کہتا ہون کہ وہ اہل اجتہاد سی نہ تہی بالفرض اگر اہل اجتہاد سی ہی ہون
تو اجتہاد فعل حرام مین خلاف کتاب خدا اور سنت رسول مجتبی کے کہان جایز ہے ہان اگر آپ یہہ کہینگے کہ تینون
آیتین مثل متعہ کی منسوخ ہین تو یہہ آپکا مہملہ قدیمی اور بہت کہنہ آیا ہی یہان پیش نہ جائیگا کیونکہ حضرت فاروق
نی بہی ان تینون آیتونکو منسوخ نہین کیا ہی اور نہ قرآن واحادیث ان کی ناسخ ہین بعد ہذا ما ینجلی فی هذا المقام بفضل
العزیز المیسر المعاون المرجو من خلص الخلوص من اهل الایمان ان ینظر بعین الامعان ویجتنبوا عن مکابرات
ذوی الاذناب من اهل الاضغان قوله اس سبب گشت اہل سنت مین تواتر ثابت ہی اقول عاقل خبیر پر مخفی
نہ رہی کہ تراویح بدعت محرمہ ہے کما سال اهل الکوفه من امیر المؤمنین علی علیه السلام ان ینصب لهم اماما یصلی
بهم نافلة شهر رمضان لما اجتمعوا فزجرهم وعرفهم ان ذلک خلاف السنة فترکوه واجتمعوا الاقتهم
وقدموا بعضهم فبعث بهم ابنه الحسن فدخل علیهم المسجد ومعه الدرة فلما راوه تبادروا الابواب
وصاحوا واعمراه اب ہوشکی بابین کیجئی انصاف کی ملاحظہ فرمائی تعصب اعدا کو برطرف کیجئی کہ رسول خدا نی جس کام کا
حکم نہ فرمایا ہو اور جناب امیر علیہ السلام نی اوسکو خلاف سنت فرمایا ہو تو اوسکا عمل مین لانا باطل ہے یا نہین اور ظرفہ
یہہ ہی کہ فاضل نورہان ثانی اسکی جواب مین اسطرح بیموقع و بیمحل لکہا ہی کہ اگر صحیح ہو تو جایز ہی کہ اجتہاد حضرت
امیر المؤمنین علیہ السلام کا منع کی طرف ہو گیا ہو اسواسطی کہ مقام اجتہاد کا ہی اور اعتراض مجتہد پر جسوقت کہ خلاف مجتہد
کری نہین ہی اہل انصاف سے کہتا ہون کہ کیا وجہ ہی کہ حضرات اہل سنت ارشاد امیر المؤمنین علیہ السلام پر عمل نہین
کرتی ہین اور اجتہاد خلیفہ ثانی کو مانتی ہین حالانکہ پیغمبر خدا نی ارشاد فرمایا ہی اقضاکم علی اور ظاہر ہی کہ قاضی کو
مقضی پر عاقل ترجیح نہین دی سکتا چہ جائیکہ قاضی ہونا نہ ہونا ہی تیمم کی مسئلہ سی اور کلالہ کی تفسیر سے ظاہر ہی علاوہ
اسکی حدیث صحیح مقبول فریقین ہی کہ آنحضرت نی فرمایا کہ مینی دو چیزین گران درمیان امت کی چہوڑی ہین ایک
کتاب خدا دوسری عترت طاہرہ اگر دونون پر عمل کروگی تو ہرگز گمراہ نہوگی میری بعد پس معلوم ہوا کہ متمسک ثقلین
شیعہ اثنا عشریہ ہین کہ جناب امیر المؤمنین علی علیہ السلام کی قول کو مانتی ہین اور اونکی خلاف کو نسبت تخلید نار جہنم
جانتی ہین جامع الاصول مین کہ ناقل صحاح ستہ ہی [illegible] روایت کی ہی کہ [illegible] حاصل مضمون اوسکا یہہ ہی کہ وہ کہتا
ہی تحقیق کہ رسول خدا نی [illegible] رمضان مبارک مین [illegible] اور مینی اونحضرت کے عقب قیام کیا بعد اوسکی ایک مرد آیا

١٢٥

ہو ہونا تو آپ بھی نماز میں عجلت کی اور اپنی منزل میں داخل ہوئی پس نماز پڑہی آپ نے گہ اوسطرحکی نماز کبہہ
نہیں پڑہی الخ عاقل منصفون پر مخفی نہ رہی کہ اس حدیث سے ثابت ہوتا ہی کہ حضرت رسول اکرم نے نماز سنت میں اجازت
جماعت کی نہیں دی بلکہ جب حضرت کو دریافت ہوا کہ لوگ اقتدا کرکی نماز پڑہتی ہیں آپ اپنی مکان میں داخل ہوئے
اور بجماعت اوس نماز کو ادا نہ کیا اور بہی اوسی کتاب میں عبد الاعلی سے روایت کی گئی ہے کہ محصل اوسکا یہہ ہی کہ حجرہ
بنا لیا نبی نے بوریا کا خوشبو عفان سے کہا کہ مسجد میں بنا لیا عبد الاعلی نے کہا کہ رمضان میں پس تشریف لائے
حضرت اور حجرہ میں نماز پڑہنے لگے پس لوگون نے اتباع اور اقتدا کی پہر بہت سی لوگ آئی اور نماز پڑہی پہر حضرت ایکدن
تشریف نہیں لائی لوگون نے آواز بلند کی اور بہت سا شور و غل مچایا پس نکلے حضرت رسول خدا غضبناک اور فرمایا اے
لوگو نماز پڑہو تم اپنی اپنی گہر میں اسلئی کہ نماز مرد کی گہر میں بہتر ہے مگر نماز وہی کہ جو مسجد میں بہتر ہے انتہی ملخصہ اس
حدیث سے صاف ظاہر ہے کہ حضرت جماعت پر غضبناک ہوئی اور جہڑ کا کر حکم فرمایا کہ ہر ایک اپنی گہر میں نماز پڑہا
کری اس سے ثابت ہوا کہ جماعت نماز سنتی میں بدعت ہی والاعذار الباردہ از کیکہ لا یعبأ بہا و نے مروی آیۃ لکنہا
ان رسول اللہ اتخذ حجرۃ فی المسجد من حصیر فصلی رسول اللہ فیہا لیالی فاجتمع علیہ ناس ثم فقدوا
صوتہ لیلۃ فظنوا انہ قد نام فجعل بعضہم یتنحنح لیخرج فلم یخرج فلما خرج للصبح قال ما زال بکم الذی
رایت من صنیعکم حتی خشیت ان یکتب علیکم ولو کتب علیکم ما قمتم بہ فصلوا ایہا الناس
فی بیوتکم فان افضل الصلوۃ صلوۃ المرء فی بیتہ الا المکتوبۃ انتہی بعد اسکی اوسی کتاب میں بہت سے
روایتین ہیں کہ اون سے ثابت ہوتا ہی کہ یہہ بدعت جماعت تراویح کی بحکم خلیفہ ثانی حادث ہوئی ذکر سبکا مفضی
الی الملال ہے اب اہل استنان کی خدمات میں گذارش ہے کہ صلوا صیغہ امر ہے دلالت وجوب پر کرتا ہی جیسا کہ اکثر
محل میں یہہ بات ثابت ہو چکی ہے اور گہر میں نماز پڑہنی کے امر کی علت اس حدیث میں خشیہ وجوب نہیں ہی جیسا
کہ مصدر ہونا جملہ فان افضل الصلوۃ صلوۃ المرء فی بیتہ کا فاء سببیہ کی ساتہہ بعد جملہ فصلوا فی بیوتکم نص صریح ہے
اس مدعا پر اور یہہ افضلیت جیسی حالت طلوع شمس رسالت اور ہنگام استوای خورشید نبوت میں تہی ویسی بعینہا
بعد غروب آفتاب رسالت کے ابتک باقی ہے ایسی صورت میں وہ کلام اس عنی کا کہاں باقی رہا کہ علت خشیت ان
یفرض کے زایل ہو گئی کیونکہ سیاق حدیث سے ظاہر ہی کہ خشیت علت نہیں ہے اسواسطیکہ اوسکی اوپر حتی ہی اور
حتی کو سببیت کی واسطی کسی نی علمای عربیہ اصولیت سے نہیں لکہا اور بالفرض اگر خشیت علت ہوگی تو عدم خروج
لیصلوہ کی ہوگی کہ ادہیکی اعتذار میں فرمایا ہی ہذا ما ظہر لی فی ہذا المقام بفضل المفضل المنعام دیمرتہ ازجا ل

او بال الائمة الهداة الهمام الکرام اور اثبات بدعت تراویح بین خود فاروق کا قول بدعة نعمة البدعة جیسا کہ کتب معتمدہ اہل
سنت مثل احیاء العلوم للغزالی او اختلاف الفقہاء للطحاوی و المسند لاحمد بن حنبل و کتاب الکبری لابی طیب الطبری الشافعی وغیرہا مما
لا یخفی پر مذکور ہو اکافی و وافی ہے اور ابن ابی الحدید المعتزلی نے تفسیر بدعت مین توجیہ بارد کی ہے ابطال مین اوسکے
وجوہ مسطور ہین تحریر کرنا اور اہل سنت کی خدمت مین بطور ہدیہ گذراننا مناسب ہے قال ابن الحدید و انه و لو کان معتزلیا
لکنه فی العمریة موافق بالاشعریة اما کون صلوة التراویح بدعة و طلاق عمر علیہا ہذا اللفظ فان لفظ
البدعة تطلق علی مفہومین احدہما ما خولف به الکتاب و السنة مثل صوم یوم النحر و ایام التشریق
فانه و ان کان مطلوبا الا انه منهی عنه و الثانی ما لم یرد فیه نهی بل سکت عنه ففعله المسلمون
بعد وفاة رسول الله فان ارید بکون صلوة التراویح بدعة المفہوم الاول فلا نسلم انها بدعة
بهذا التفسیر الخبر الذی رواه المرتضی غیر معروف لا یمکنه ان یسنده الی کتاب من کتب المحدثین
و لو قدر علی ذلک لاسنده و لعله من اخبار اصحابه من محدثی الامامیة و الاخباریین منهم و الالفاظ
التی فی آخر الحدیث و هی کل بدعة ضلالة و کل ضلالة سبیلها الی النار مرویة مشهورة و لکن علی تفسیر
البدعة بالمفہوم الاول و قول عمر انها البدعة مروی مشهور و لکن اراد به البدعة بالتفسیر الثانی انتهی کلامه
ملخص ان بیان کا یہہ ہے کہ بدعت کی دو معنی ہین ایک تو یہہ کہ کتاب و سنت کی مخالفت ہو دوسری یہہ کہ کتاب کے مخالف
نہو اور اوسمین نہی بہی وارد نہو بلکہ اوسکی حلت و حرمت سے سکوت کیا گیا ہو پس بعد وفات سرور کائنات کی مسلمانون
نے اوسکو اختیار کر لیا ہو پس تراویح بدعت ہے مگر مطلب خلیفہ ثانی کا یہہ ہی کہ بدعت بالمعنی الثانی ہے کہ اوسمین کچھہ قباحت
لازم نہین آتی اقول بتزییف کلام ابن ابی الحدید معتمدا علی الله الوحید اولا باختیار شق اول کے کہتا ہون کہ حسب صحاح
اہل سنت یہی ثابت ہو چکا کہ حضرت نبی اوس سے نہی فرمائی اور غضبناک ہوئی اور فرمایا کہ تم لوگ اپنی اپنے
گہر مین نماز پڑہا کرو تو اس حکم سے مفہوم ہوتا ہی کہ جماعت سے پڑہنا خلاف سنت ہی یعنی بدعت بمعنی اول ہے ثانیا
باختیار شق ثانی کے کہتا ہون کہ کیفیت عبادات کی توقیفی یعنے منقول شارع علیہ السلام ہی ہے اختراع ای عقل
اوسمین جائز نہین اگر ایسا ہی ہو تو لازم آتا ہی کہ اعداد رکعات نماز مسنونہ مین جیسے زیادتی جائز ہو اور روزانہ
اپنی دل سے نماز کو جتنا کی پڑہا کرین فاللازم باطل فالملزوم مثله علاوہ اسکی عدد رکعات اور کیفیت صلوة تراویح کے
کوئین منقول آنحضرت صلعم سے نہین ہے پس اتفاق ہر ام اور انتہا کلام یہہ ہی کہ اولا اہل سنت ثابت کرین کہ صحابہ
منقول

١٢٧

ہی اور نیز یہہ کہ ہر گاہ حکم فرماتا حضرت کا کہ تم لوگ نماز کو گہرونمین پڑہو اور غضبناک ہوتا حضرت کا کتب اہلسنت سے
ثابت ہو چکا تو اب اوسکی منافات اسقدر جماعت کی ساتہہ جو صریحا ثابت ہی رفع نہین ہوسکتی فثبت البدعة و ہو المقصود

قال الناصب الغوی اللئیم شیعون نی تو وہ چیزین نکالین ہین کہ جنکی شرع مین کچہہ اصل نہین جیسی عید
مباہلہ عید غدیر عید شجاع عید نوروز وغیرہ یہہ کیا انصاف ہے کہ آپ گہڑ لے اور کوئی آخ نہو جو حرام ہو اوسی بجائے
عبادت کیطرف بلادے و مطعون اور مذموم ٹہری اور جو حرام ہی لگادی اور عبادت سی ہٹادی وہ معصوم
اور معصوم بنی **اقول بفضل اللہ العلیم** الحکیم کہ بعد مدت مدیدہ و عرصہ بعیدہ کی وہ فقرہ کہ جس فقرہ کا یہہ ذرہ
بہی اس عزل پر دلیل قوی ہے بڑا تعجب ہے کہ ائمہ اہل سنت تجویز فرماتی ہیں کہ جناب سید المرسلین ص اپنی اجتہاد
سی کوئی امر ارشاد فرمائیں اور اونحضرت سی اوسمیں خطا واقع ہو جیسا کہ کتاب مسلم میں اس امر کی تصریح واقع
ہوئی ہے بلکہ سائر اہل سنت اس بات کو باواز بلند کہا کرتی ہیں اسکے ابطال کی لیئی قول حق سبحانہ و تعالے
[illegible]

یا یوہی کافی ہے اور یہی مخالفت حضرت رسولمختار کی کفر ہی خداوند عالم فرماتا ہی اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول
و المخالف فی الاجتہاد لا یکفر لان المخطی فی الاجتہاد له اجر واحد و المستوجب للاجر لا یکفر
اور یہی اگر آپکو اجتہاد جائز ہوتا تو نزول وحی میں توقف نہ فرماتی لکنہ توقف فی مسئلۃ الظہار و اللعان
اور یہی اگر مسئلہ و احکام شرعیہ کا رای اور اجتہاد آنحضرت سی ہوتا تو پایا ہی کہ عیاذ باللہ پیغمبر مورد تہمت کی
ہوں کہ اونجناب نے شریعت کو وضع کیا اپنی جانب سی اور یہہ امر منافی بعثت ہی جب کلام کو یہی تک
پہونچایا تو چاہیکہ قلم تیز رقم کو منعطف کروں طرف دفع شبہات اون لوگوں کی کہ شاہ عبد العزیز تحفہ میں فرماتی
ہیں و نیز در اینصورت امر بمشورہ صحابہ کہ آیہ و شاورہم فی الامر وارد است چہ معنی خواہد داشت انتہی اس سے
مطلب شاہ صاحب کا یہہ ہی کہ اگر رسول معصوم خطا سی اور مبرا سہو سی ہوتے اور خطا اجتہاد میں نکرتے
تو خداوند عالم آنحضرت کو حکم مشاورت کا نہ فرماتا جواب اسکا یہہ ہے کہ حضرت رسالت پناہ کا مشورہ اپنی اصحاب
سی اسواسطی نہ تہا کہ آنحضرت محتاج اونکی رای کے تہی جیسا کہ شاہ صاحب نے زعم کیا ہی بلکہ اس سبب سے تہا کہ
مشورہ سبب الفت اور محبت کا ہوتا ہی اسلئی جناب باری نے فرمایا کہ تم اون سے ای محمد مشورہ طلب کرو
تا کہ وہ تمسی محبت رکہیں اسواسطی کہ حضرت رسولخدا اکمل خلق تہی اور رای آنحضرت کی اسلم تہی پس
کیونکر یقین ہو سکتا ہی کہ آنحضرت محتاج اون صحابیوں کی رای ہوں ان ہذا الشئی عجاب اور تفصیل
مسئلہ تفویض کے کتاب صوارم الالہیات وغیرہ میں موجود ہی دیکہ لیجئی و دعوای ہمسری پیغمبر نے فرمایے
زمین کو آسمان سے نسبت نہ دیجئی کجا رسولخدا کی برتر کجا قائل لولا علی لہلک عمر کجا صاحب المزمل
و المدثر کجا متخلف عن جیش اسامہ کجا خلیفۃ اللہ فی الارض کجا خلیفۃ الناس بالغرض این من قال ان
لی شیطانا یعتریني فان استقمت فاعینوني وان زغت فقوموني و این من قال و صیتہ سلوني سلوني
قبل ان تفقدوني قال الناصب الغوی اللئیم باوجود نہ اوترنی وحی اور کتاب کی موافق
رای امامیہ کی شیعہ البتہ دعوی ہمسری آل عبا بلکہ پیغمبر خدا کا کرتے ہیں صاحب تفسیر منہج الصادقین
صاف صاف کہہ رہا ہی کہ جو ایک مرتبہ متعہ کرے حسین کا درجہ پاوی اور جو دو بار متعہ کرے رتبہ
حسن کا پاوی اور جو تین بار متعہ کری مرتبہ علی کا پاوی مغور کرنا چاہیئی کہ چار مرتبہ کی متعہ ایک شب
میں جب تین معصوم اور پیغمبر کا مرتبہ حاصل ہو تو ہمسری پیغمبری کی کہنے کی راوی بہول گیا پانچویں

١٢٩

مقام انصاف ہی لیکن حضرات شیعہ اس خیر الاوصاف سی صاف معاف ہین اقول بفضل اللہ
العلیم شیعیان آل طہ علیہم السلام کلا وطرا قنبر کے غلامی اپنا فخر جانتی ہین ہمسری اونحضرت کی انکی
وہم وگمان مین نہین اعاذنا اللہ من امثال ذلک باقی رہی فضیلت متعہ کی کہ اسکی فضائل کتب امامیہ مین
احادیث صحیحہ سی جسقدر منقول ہین اونکی وجہ اجمالا بیشتر مذکور ہوچکی علاوہ اوسکی آپ کی کتابون مین بھی
بیان مین فضیلت بعض امور کی اس طور کی حدیثین منقول ہین اوسمین آپ کیون نہین استہزا و سخریہ کرتے
ہان عداوت اہلبیت ومحبت خلیفہ نی آپ کے چشم وگوش کو بیکار کردیا ہی سوای تشنیع اہل حق کی آپ کو
کچھہ محسوس نہین ہوتا انکی آنکھہ کو خواب غفلت سی کھولکر دیکھیی احیاء العلوم مین مروی ہے من جاءہ
الموت وہو یطلب العلم لیحیی بہ الاسلام فبینہ وبین الانبیاء درجۃ واحدۃ یعنی جس شخص
کی موت سامھنی آئے حال آنکہ وہ شخص طلب کرتا ہو علم کو تاکہ اسلام کو اوس علم سے بہرہ کری پس
درمیان اوس شخص کے اور درمیان انبیاء علیہم السلام کی ایک درجہ ہی اور بھی اوسی کتاب مین روایت
کہ الشیخ فی قومہ کالنبی فی امتہ اور دیلمی وابن حبان نے بھی اسکو نقل کیا ہی اور فخر رازی کہ امام
سنیونکا ہے ابوہریرہ سی روایت کرتا ہی کہ من صلی خلف عالم من العلماء فکانما صلی خلف نبی من
الانبیاء اور بھی احیاء العلوم مین لکھا ہی من تعلم بابا من العلم لیعلم الناس اعطی ثواب سبعین نبیا و
صدیقا اور بھی وسی کتاب مین مذکور ہے اقرب الناس من درجۃ النبوۃ اہل العلم اور یہہ تو آپکے کتابون مین بھی
سطر سطر پر لکھا ہوا ہی علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل اسیطرحسی بہت سی حدیثین ہین کہ اگر استیعاب
کیجائین تو مجلد ضخیم اور کتاب جسیم ہو مگر مشتی نمونہ از خروارے یہان پر بھی کسیقدر ذکر کیا اب عارفین
ملاحظہ فرمائین کہ امامیہ رضوان اللہ علیہم امثال ان حدیث کی جو فضیلت متعہ مین بیان فرماتی ہین کیا گناہ
کرتی ہین سچ ہی کہ کینہائے دیرینہ اور ضغاین پارینہ کہ وارثۃ عن الاسلاف ہاتھہ آیا ہی سینہہائے اہلسنت
مین مخفی اور مکنون ہے اوسکو خیال واہیہ سی نکالتی ہین اور طرفہ یہہ ہے کہ باوجود اس بات کی کہ کتاب
محی الدین عربی کی مملو کفر وزندقہ سی ہے اور اوسنی اپنی خاتم الاولیاء ہونیکا دعوی کیا اہلسنت کی نزدیک
اوسکے علو مرتبہ مین کسیطرحکا تخلل نہوا جیسا کہ قیصری شارح فصوص نے اوسی سے نقل کیا ہی کہ اوسنی فتوحات
مین اسطرح سے کہا ہی بدرستیکہ او دید در عالم رویا دیواری را پر از طلا ونقرہ درحالیکہ آن کامل بود مگر بقدر
دو خشت وہم در آن کتاب گفتہ کہ من شک ندارم در این کہ من آن رائی و شک نمی کنم کہ منم منطبع در

150

موضع ہر دو رحمت و بوجود من کامل گردیدان دیوار رشتم عبرت الوف یا جاختنام الوح یترنی وفکرت انمام
للمشایخ الذین کنت فی عصرهم وما قلت من الرای فعبروا اما عبرت بہ انتہی اور مولوی روم تو ابسے
بہی بڑہکر ہی اونہنی کلمات کفر و زندقہ کی بہت سی کہی ہین مدح شمس تبریز مین یہہ اشعار اونسنی لکھی ہین
دیکہہ لیجیی شعر انبیا داد لبا حیران شدہ در حضرتش + یحیی و یعقوب یوسف حرج مطلق میزند +
عیسی و موسی چہ باشد چاکران حضرتش + جبرئیل اندر فنوالش سحر مطلق میزند + خلاصہ یہہ کہ اہل سنت
وجماعت نی کلمات کفر و زندقہ کی بہت سی کہی ہین اگر استیعاب کئی جاین تو بہت طول ہو اور یہہ جو
ہماری مذہب مین درباب فضیلت متعہ کی ہے کہ اگر کوئی ایکبار متعہ کری تو درجہ حسین کا پاوی الخ
تو درجہ پانی سے مراد یہہ نہین ہے کہ خود امام ہو جاتے جیسہ کہ آپنی اپنی رای عالی سے یہہ مضمون ٹ
ہرایا ہی بلکہ مراد یہہ ہے کہ اگر کوئی ایکبار متعہ کریگا تو قیامت کی دن انشاءاللہ پہلوی ائمہ ہدی مین
رہیگا علاوہ اسکی یہہ حدیث تاکید متعہ کی واسطی ہے جسطرحسی کہ حدیث شریف متفق علیہ شیعہ و سنی کا
لا صلوۃ لجار المسجد الا فی المسجد کہ یہہ حدیث بہی محمول تاکید نماز کی ہے بیچ خانہ خدا کی اور اگر ایسا نہو
تو چاہیئے کہ جو لوگ ہمسایہ مین مسجد کی ہون اور اپنی گہر مین نماز پڑہین نماز اونکی مقبول نہو اب آپ سے
بہت بعید ہی کہ اسطرحسی فرماوین کہ راوی بہول گیا پانچوین مرتبہ بہی کہدیتا تو خدا ہی کا مرتبہ لیتا جب
آپکے مذہب مین یہہ ثابت ہے کہ ایک باب علم کا سیکہنے سے ستر نبی اور صدیق کا مرتبہ حاصل ہوتا
ہی تو مسئلہ حلت متعہ کا کہ فرع امامت اور مستلزم حاصل کرنے تین باب علم کی ہے ایک باب ثبوت امامت
ائمہ ہدی دوسری باب بطلان خلافت خلفای جور تیسری باب جواز متعہ علی خلاف قول محرمہ لا محالہ
مطابق آپکے علما کی روایت کی ان تینون بابون کی متعلم کو دوسو دس نبی و صدیق کا مرتبہ حاصل ہوا
اگر ایسی باجور دستیاب کو کوئی کہی کہ درجہ آل عبا مین شریک ہوگا تو اس کہنی والی کے تحمیق و تجہین آپ
ایسی عاقل کے سوا کوئی نہین کر سکتا اور آپ کو عاقل کہنی کے وجہ اسکی سوا نہین ہے کہ شاعر کہتا ہے
شعر وی در حق ما گہی بدی گفت + دل راز غمش نمی خراشیم + ما نیز نکوی او بگوییم + تا ہر دو دروغ
گفتہ باشیم + قال مولانا المجتہد الحری بالتکریم اور اگر منسوخ ہونی سے ہوتا تو مالک امام اہلسنت
کا نزدیک بہی جائز نہوتا حال آنکہ شمس الائمہ سرخسی اور صاحب ہدایہ اور شارح مقاصد اور صاحب جامع الرموز

فتاوای تاتارخانیہ اور شارح کنز الدقایق اور صاحب حدایق الازہار اور صاحب تبیان الحقایق اور شارح
مختصر وقایہ وغیرہ اپنی مصنفات میں مصرح ہیں کہ امام مالک کے نزدیک متعہ حلال ہی قال الناصب الغوی
اللئیم امام مالک ہرگز مجوز متعہ نہیں بلکہ موطا میں یہہ حدیث حرمت متعہ کی لائی ہیں کہ ان خولة بنت الحکیم
دخلت علی عمر بن الخطاب فقالت ان ربیعة بن امیة استمتع بامرأة مولدة فحملت منه فخرج
عمر بن الخطاب فزعا یجر ردائه فقال هذه المتعة ولو کنت تقدمت فیها لرجمت اور مالکیہ باجمعہم
قائل ہیں کہ متعہ حرام ہی چنانچہ منہج الوفیہ فی فقه المالکیه میں موجود ہی کہ لا یجوز نکاح المتعة وهو النکاح الی اجل
بلکہ صاحب تحفہ افادہ فرماتی ہیں کہ مالک تمتع پر حد تجویز کرتی ہیں اقول بفضل الله العلیم حیرت ہے
کہ آپ بارقہ ضیغمیہ کو ملاحظہ نہیں فرماتی خود جناب سلطان العلما فرماتی ہیں اما آنچه متوهم می شود که چون در
موطای مالک حدیث تحریم متعه هم ذکر یافته پس مذهب او مخالف با آن روایت چه گونه خواهد شد پس جوابش
آنست که روایت کردن چیزی مستلزم فتوای راوی بمضمون آن نیست چنانچه اکثر روایات تجسیم و تشبیه و امثال
آن که خلاف ضروریات دین است در کتب اهل سنت وارد شده معهذا اعتقاد و عمل بر طبق آن ندارد پس استبعاد
وارد نیست بلکه خبر واحد در اصالة المنع حکم قطعی ندانسته بر وفق آن بتخصیص حدیث حکم نکرده باشد انتهی بالفاظه پس
اس بیان سے جواب آپکی قول کا بخوبی ظاہر ہو گیا حاجت تصریح کی نہیں علاوہ اسکی یہہ انکار ویسا ہی ہے
کہ شافعی کے نزدیک بول صبی کا طاہر ہے اور نووی نے کہا کہ یہہ حکایت شافعی سے صحیح نہیں اوسکی جواب
میں عینی نے کہا هذا انکار من غیر وجه لانه لم ینفرد بنقل هذا عن الشافعی من نقل بل نقل عن مالک ایضا
ان بول الصبی الذی لم یطعم طاهر وکذا نقل عن الاوزاعی انتہی پس معلوم ہوا کہ قرون سابقہ میں
شافعی کی نزدیک بول الصبی کا طاہر تہا لیکن بعض متاخرین نے دفعا للطعن اوس سے انکار کیا مگر انکار اونکا کچہ
کام نہ آیا پس ما نحن فیہ میں بہی ایسا ہی ہے کہ بعض متاخرین مالکیہ کہتی ہیں کہ مالک ہرگز مجوز متعہ کی نہیں اور بجہت
تصحیح اس نقل کے صاحب ہدایہ وغیرہ سے امامیہ اثناعشریہ لاتی ہیں تو پہر یہہ روباہ خلقت ادہر ادہر بہاگتی
پہرتی ہیں هذا ما حصل لی فی هذا المقام بفضل العزیز المنعام اور حدیث موطا کی معارض ہے اون احادیث
سے کہ جو راویان معتمدہ اہل سنت سے حلت متعہ میں روایت ہے حدایق الازہار میں کہ شارح مشارق الانوار ہے
آنکہہ کہول کی دیکہو باب اول میں شرح حدیث سبرہ بن معبد الجہنی کے لکہا ہی نکاح المتعة ان یقول لها الی اجل
الی اجل اتمتع بک کذا مدة بکذا من المال وهو کان مباحا ثم نسخ وقد اجتمعت الصحابة بعد علی انه

رضی اللہ عنہم علی انتساخہ والیہ ذہب اکثر العلماء رحمہم اللہ وذہب مالک رحمہ اللہ الی جوازہا انتہی
بعد اوسکی شارح مذکور نے باب خامس میں شرح حدیث یا ایہا الناس انی قد کنت اذنت لکم فی الاستمتاع من
النساء الحدیث کی اسطرحسے لکھا ہی نکاح المتعۃ کان مباحاً فی ابتداء الاسلام ثم صار حراماً واکثر العلماء
علی حرمتہ وبقی مالک رحمہ اللہ علی حلتہ والمتعۃ ان یقول الرجل للمراۃ اعطیک کذا تحدیہا علی
ان اتمتع بک شہراً وکذا یوماً انتہی اور تبیان الحقایق شرح کنز الدقایق میں مذکور ہی وبطل نکاح
المتعۃ وصورتہ ان یقول اتمتع بک کذا من مدۃ ہکذا المال وقال مالک ہو جائز لانہ کان
مشروعاً فیبقی الی ان یظہر ناسخہ واشتہر عن ابن عباس تحلیلہا وتبعہ علی ذلک اکثر اصحابہ من اہل الیمن
ومکۃ وکان یستدل علی ذلک بقولہ فما استمتعتم بہ منہن فاتوہن اجورہن وعن عطاء انہ قال
سمعت عن جابر یقول تمتعنا علی عہد رسول اللہ وابی بکر ونصفاً من خلافۃ عمر ثم نہی الناس
عنہ وہو یحکی عن ابی سعید الخدری والیہ ذہب الشیعۃ انتہی اور بھی جلال الدین سیوطی نے رسالہ
انموذج اللبیب فی خصائص الحبیب میں لکھا ہی کہ شرع فی عہدہ احکام ثم نسخت فعمل بہا اصحابہ ولم یعمل
بہا احد بعدہم منہا فسخ الحج الی العمرۃ عند الجمہور ومتعۃ النساء عند اکثر الائمۃ اور لفظ اکثر ائمہ اس
میں صریح ہی کہ متعہ نساء بعضی ائمہ کی نزدیک منسوخ نہیں ہوا اور معلوم ہی کہ ابو حنیفہ اور شافعی اور احمد حنبل قائل
حلت متعہ کی نہیں ہیں پس اوس سے مالک اور دوسرے علماء اہلسنت ہونگی قال الناصب الغوی اللئیم
بلکہ صاحب تحفہ افادہ فرماتی ہیں کہ مالک متعہ پر حد تجویز کرتی ہیں اور سوا اسکی اس باب میں شہادت علامہ حلی کے
کشف الحق میں کیا کلام ہی کہ فرماتی ہیں وذہبت الامامیۃ الی اباحۃ نکاح المتعۃ وخالف فیہا الفقہاء الاربعۃ اقول
بفضل اللہ العلیم شاہ صاحب نے جو اسمقام پر افادہ فرمایا ہی اوسکا جواب مفتی محمد قلی صاحب کتاب تقلیب المکاید
میں اسطرحسے تحریر فرماتی ہیں کہ شیعیان رامیرسد کہ بگویند کہ بنابر قول این ناصبی دراین کید ممکن است کہ بعضی از
سنیان از راہ کید وخدعہ کتابی تصنیف نمودہ بامام مالک یا یکی از اصحاب اہلسنت دادہ درآن درج کردہ باشند
کہ امام مالک حد بر متعہ واجب میداند تا اوہام عوام کالانعام کہ بحرمت متعہ تقلید عمر حاصل است قوت پذیرد واگر
بعضی مردم قول مالک بحرمت متعہ نقل کردہ باشند نشنوانند شد زیرا کہ در فتاوای مالک اختلاف بسیار است
چنانچہ یافعی در تاریخ خود در وقایع سنہ اثنین وستین ومأتین گفتہ وفیہا ابو یحیی ہارون بن عبد اللہ الزہری
المالکی قال ابو اسحق الشیرازی ہو اعلم من صنف فی مختلف قول مالک انتہی کلامہ اور جبکہ فتاوای مالک

۱۵۳

میں اختلافات ہیں اور دو قسم کی روایتیں اکثر ہوا کرتی ہیں جیسا کہ میزان میں ہے قال الشافعی و مالک
فی احدی روایتیہ ان نکاح المتولدۃ من الزناء یحل مع الکراھۃ اور دوسری مقام پر اسطور سے ہی و من
ذلک قول مالک و الشافعی باباحۃ لحم الضب و الیربوع فیہ روایتان مع قول ابی حنیفۃ بکراھۃ
اکلہما اور ابن حجر فی فتح الباری میں بعد روایات جواز وطی فی الدبر اور تحریم اوسکی کی ابن عمر اور مالک سے
اسطور سے لکہا ہی و علی ھذہ القضیۃ اعتمد المتاخرون من المالکیۃ الخ تو ظاہر ہوا کہ متاخرین مالکیہ اور
کچھہ کہتی ہیں اور متقدمین مالکیہ اور کہتی ہیں اب مطلب علامہ علیہ الرحمۃ و الغفران کا یہہ ہی کہ امام مالک بہی سے علی
احدی الروایتین قائل ساتہہ تحریم متعہ کی ہیں اور وہ روایت متاخرین مالکیہ کی ہے کہ وہ تحریم کی طرف قائل ہوئے
ہیں جیسا کہ خود شوستری علیہ الرحمہ نے کہا ہی کہ خالف المتاخرون من المالکیۃ کا سمجہی ہے فضلاء اور مراد
علامہ علیہ الرحمہ کی سلب کلی نہیں ہی تا کہ مناقض ہماری ہو جی کہ یہو قال الناصب الغوی اللئیم اور
اسیطرح احقاق الحق میں یہہ مذکور ہی اب نسبت تحلیل متعہ کی امام مالک کیطرف گو با تخطیہ کرنا شیخ حلی وغیرہ
کا ہی اور طراز ثانی الانی جن کتابوں کی نام یہاں مذکور فرمائی ہیں اونکی مصنفوں نی فقط بتبعیت صاحب ہدایہ کی درج
کئی ہیں لیکن بعد اوسکی ثبوت میں کلام ہی فرمائی چنانچہ جامع الرموز وغیرہ میں بعد نقل عبارت ہدایہ وغیرہ
کی لکہہ دیا لکن فیہ ثبوتہ کلام جسکو طراز ثانی الانی اتباعا لاسلافہ الکرام تکثیرا شہادۃ کی لئی حذف کیا اور دو اہل جہانی کم
علمونکی بحکم ع تا بد انند در این معرکہ ناہم سفیم * ہر خیانت کا رستہ الیا سیف اس فرقہ ناداں پر کہ باوصف
ان خوبیوں کی نقد جانتی ہیں اور دین و دنیا کا امام برحق گردانتی ہیں اقول بفضل اللہ العلیم حقیقت واقعی
تو یہہ ہی کہ جھوٹ بولنا و راقم کا ذہن عادی ہے آپ کا اور آپ کی بڑی مرشد مترجم صواعق کو اتہہ آیا ہے
کہ ہر سطر میں افتراء محض سازی کرتے ہیں ورنہ سلطان العلماء نی اس عبارت میں جیسا کہ آپ خود بعد اسکے
ناقل ہیں صاف ارقام فرمایا ہی کہ بعضی جو کہتی ہیں کہ صاحب ہدایہ وغیرہ نی نقل مذہب امام مالک میں خطا کی
انتہی تو کیا اس بعض کے اطلاق سے جامع الرموز خارج ہی سبحان اللہ کسقدر شقاوت و خدا ناشناسی
کی ساتھہ یہہ کون کذا ہے کہ بقول حافظ سے * چہ دلاور است دزدی کہ بکف چراغ دارد * چند سطر کی بعد خود اپنی
زبان قلم سے اپنا کذب ثابت کرتا ہی اور متنبہ نہیں ہوتا اور جناب سلطان العلماء کی شان میں جو گستاخیاں اور
بی ادبیاں واسطی خوش کرنی نواصب عمر پرست کی اس لیئے روا رکہی ہیں اوسکی عوض میں بجز اسکہ اسکے
خلیفہ کا جہل اور افتراء و تشریع اور قبایح افعال اور حسب نسب بیان کیا جائی مکافات کی صورت نہیں

نہین نظر آتی مگر بہنے یہہ سب امور حسن بیان پر شعرای شیعہ کی محمول کیا ہی کہ اونہون نی جزاہم اللہ خیرا اس

باب مین بہت کچھہ کہا ہے اس غبی نی البتہ سنا ہوگا یا نہین سنا تو اب سن سکتا ہی ہم اسکی اصل

مطلب کے رد کی ذکر کرتے ہین کتاب احقاق الحق موجود ہی پوچھو اس سے کہ کس صفحہ مین اوسکی اور کس سطر

مین یہہ لکہا ہی کہ امام مالک صحت متعہ کی قائل ہین عبارت احقاق الحق سے صاف آشکار ہی کہ متعہ النسا امام

مالک کے نزدیک حلال ہے وهکذا عبارته ومنها ان ما ذکره من فتوی مالك بصحة المتعة وعدم احتیاج

الحاقہ غیر مسلم کیف وقد نقل عنه القول بحل المتعة صاحب کتاب الهدایة فی فقه الحنفیة والفاضل

التفتازانی الشافعی فی شرح المقاصد وغیرهما فی غیر ذلک ثم ان اتباع الحنفیة والشافعیة والحنابلة

وهم الاکثرون فی شاعة حرمة ذلک وقرن الحد بل القتل علیها خاف المتاخرون من المالکیة

وانکروا الفتوی علی ذلك فتدبر اس عبارت کو ملاحظہ فرمائی کہ صاف اس بات پر دلیل ہے کہ اس شیخ

غبی کو وہ کہنا کتاب احقاق الحق کا میسر نہین ہوا یا بعد ملاحظہ اوس کتاب کے دیدہ و دانستہ عمدا یہہ سب افترا پردازی

اور بیہودہ سرائی اسنی کی ہے اب اس سے پوچھو کہ یہہ کیونکر معلوم ہو سکتا ہی کہ جماعت کثیر مصنفین نے تبعیت

صاحب ہدایہ کی اپنی کتابون مین بلا تحقیق اس مطلب کو لکہا ہی دعوای بلا دلیل کب لائق قبول ہی ٥

١٥٥

دعوای بی دلیل قبول خرد نہین + اپنی مقام پر یہہ اکثر نا پسند نہین + دیکھو شمس الائمہ سرخسی

جسکی مقولہ کو جناب سلطان العلماء نے ذکر فرمایا ہی قبل صاحب ہدایہ کی تہا جیسا کہ متتبع کتب فقہیات و

تواریخ و سیر پر مخفی نہین اور جیسا آپ کہتی ہین کہ اثبات حلت متعہ مین یہہ جم غفیر خاطی ہین ویسا ہی

ہم سب بھی کہتی ہین کہ جن لوگون نے نفی حلت متعہ کی امام مالک سے کی وہی خاطی ہین اور صاحب جامع الرموز

نی جو بعد نقل عبارت صاحب ہدایہ کی لکھہ دیا لکن فیہ شوب کلام تو فرمائی کہ وہ کونسا کلام ہی وہ تو خرط

القتاد اور ہمکو تو اثبات اسکا چاہئی کہ مالک مجوز متعہ کا ہی جیسا کہ احادیث سابقہ سی صاف ظاہر ہی اگر

وہ سب احادیث جو ذکر کر چکا ہون معتبر نہون تو اوسکی دلیل پیش لائی **قال مولانا المجتهد البحری**

بالتکریم اور بعض جو کہتی ہین کہ صاحب ہدایہ وغیرہ نی نقل مذہب امام مالک مین خطا کی سو نہین معلوم

کہ اونسی خطا ہوئی یا انسی مگر ظاہر ہین تو خطا صاحب ہدایہ وغیرہ کی معلوم نہین ہوتی **قال الناصب**

الغوی اللئیم ابہی بتصریح مالک اور مالکیون کی معلوم ہو چکا کہ یہہ حضرات اصلا متعہ کو حلال

نہین کہتی اور ظاہر ہی کہ صاحب ہدایہ تو حنفی المذہب تہا بموجب تصریح ملا زمان والا کی رسالہ بارقہ

ضیغمیہ مین کہ مذہب ابوحنیفہ را حنفیہ بہتر میدانند و مالک را مالکیہ و مذہب شافعی و احمد را شافعیہ و حنبلیہ اوسکے
نسبت قول مالکیونکا احری بالقبول ہے کہ اہل البیت ابصر بما فی البیت اقول بفضل اللہ العلیم ہذا
لنا لا علینا ملا عبدالقادر نی تاریخ بداونی مین لکھا ہی کہ قاضی شیخ حسین عرب قاضی مالکی نے اکبر بادشاہ
کو اجازت متعہ کی دی اور اکبر بادشاہ نی بموجب اونکی اجازت کی بہت سی متعہ کیں اب دیکھو کلام بلاغت نظام
سلطان العلماء کا بارقہ ضیغمیہ مین کیسا صحیح ہی کہ تمنی تسلیم کر کی مالکیہ کی قول کو مذہب مالک کی نقل
مین احری بالقبول ٹھرایا تھا ہمنی اونہین کے مصنفون کی فتوی سے حلال جاننا مالک کا متعہ النساء
کو تواریخ سی بداونی متعصب حنفی کی ثابت کر دیا اسپر بہی تمہاری قوۃ منفعلہ کام نہ کریگی ورنہ تم خجل
نہ ہوگی بقول شخصی قاضی مجہی ہراتا تہا مین ہارا نہین دیکھو دلیل حلت متعہ کی اس مقام پر ایک ایسی بیان
کرتا ہون کہ تم تو کیا تمہاری ساری مرشدون کی اوٹھائے اوٹھ نسکی اور وہ دلیل یہہ ہی کہ شاہ عبدالعزیز
تحفہ مین باین عبارت افادہ فرماتی ہین کہ اہل ہر مذہب را روایات امام خود بوجہ احسن معلوم است اور
ملا سعد تفتازانی نے حاشیہ شرح مختصر الاصول عضدی مین دربارہ جواز بیع امہات اولاد و عدم جواز کے
لکہا ہی اس خلاصہ سی کہ مذہب حضرت امیر المومنین علیہ السلام کا یہہ ہی کہ بیع امہات اولاد کی جائز ہی اسلئی
کہ جواز اوسکی بیع کا شیعہ آنحضرت کی نقل کرتی ہین اور شیعہ مذہب آنحضرت کی تمہین بہتر جانتی ہین انتہی
تحفہ اب پردہ شرم کو رخ سی دور کیجئی انصاف سی کہیئی کہ متمسک ثقلین ہم ہین یا تم جبکہ شیعیان اہل البیت مذہب
آنحضرت کو بہتر جانتی ہین بس جتنی حدیثین کہ آنحضرت سی درباب حلت متعہ کی نقل فرماتی ہین صحیح ہین اور یہی
مؤید اس امر کا ہے کہ متمسک ثقلین ہمین لوگ ہین اور یہہ ہی کہ فاضل شہرستانی نے کتاب ملل و نحل مین اسطرح پر لکھا ہے
کان ابا عبداللہ جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام و ہو ذو علم غزیر فی الدین و ادب کامل فی الحکمۃ و
زہد بالغ فی الدنیا و ورع تام عن الشہوات و قد اقام بالمدینۃ مدۃ یفید الشیعۃ المنتسبین
الیہ و یفیض علی الموالین لہ اسرار العلوم انتہی حاصل مضمون بلاغت مشحون یہہ ہی کہ جناب ابا عبداللہ جعفر
بن محمد الصادق علیہ السلام صاحب علم تہی اور صاحب ادب تہی اور زہد بسیار رکہتی تہی اور تحقیق کہ اقامت فرمائی
اپنی مدینہ منورہ مین ایک مدت تک افادہ فرماتی تہی اپنی شیعونکو کہ وہ لوگ اونہین کیطرف منسوب ہین
اور فیض بخشی کرتی تہی اپنی شیعونکو اسرار علوم سی اس کلام سی صاف معلوم ہوتا ہی کہ تمسک عترت طاہرہ
سی ہم جعفریونکو ہی کہ اونکی قول کو مانتی ہین اور انہی کو احری بالقبول جانتی ہین سہ جعفری باش

باش گرندانظاری ✣ ورنہ در ہر طریقہ گمراہی ✣ **قال الناصب الغوی اللئیم** اسصورت میں غلطی
صاحب ہدایہ کی یہہ معلوم ہوتی ہے کہ علماء امامیہ کا قدیم سے معمول ہے کہ کبھی کبھی ایک مذہب اہل سنت
میں آپ کو متمذہب کر کر ایسی روایتیں نقل کر دیتی ہیں تا ہجہل شیعہ اونہ الزام کی قدرت پاوین چنانچہ
کشف الغمہ میں لکہا ہی کہ الشیخ ابا عبد اللہ محمد الکنجی کان یتلبس لاہل السنۃ بصورۃ الشافعیۃ بالتقیۃ والتزویر
اسیطرح شاید کسی شیعہ نی مالکی بنکر مالک کے طرف جواز متعہ کی نسبت کی ہوگی اسکے شبہ میں صاحب
ہدایہ فی وہو کہا گیا **اقول بفضل اللہ العلیم** حقیقت تو یہہ ہی کہ یہہ طعن آپ کا جناب حق سبحانہ و
تعالی اور ہادی طریقہ رشاد یعنی حضرت رسول مختار صلی اللہ علیہ وآلہ پر ہے [illegible] آپ کے بیان سے معلوم ہوتا ہی کہ تقیہ
اہل سنت کی نزدیک جائز نہیں ہی حالانکہ صحیح بخاری میں تحت قول حق تعالی الا من اکرہ و
قلبہ مطمئن بالایمان اور الا ان تتقوا منہم تقاۃ میں مذکور ہے وہی تقیہ قال الحسن التقیۃ
الی یوم القیمۃ اور قاضی بیضاوی نی تفسیر میں مصرح کیا ہے یعقوب نے تقیہ منع عن موالاۃ ظاہرا
و باطنا فی الاوقات کلہا الا وقت المخافۃ فان اظہار الموالاۃ ح جائز یعنی یعقوب نے تقاۃ
کو تقیہ پڑہا اور حقتعالی نے منع فرمایا دوستی کفار سی ظاہر میں اور باطن میں مگر وقت خوف کے اظہار
موالات کا کفار سے جائز ہے اب میں کہتا ہوں کہ اس آیہ سی صاف آشکار ہے کہ وقت خوف جان کی دوستی
ظاہر کرنی کفار سی جائز ہے بس بقول باطل آپ کی کفار لوگ اعتراض کرسکتے ہیں کہ شاید کوئی سنی کافر
بنکر لکہدی کہ عبادت اصنام جائز نہیں ہے اور یہی دیکہہ لیجئی کہ حضرت موسی کہ بمصداق قول بیضاوی
کان یعالیہم بالتقیۃ بنی اسرائیل سی تقیہ کرتے تہی نہ یہہ کہ معاذ اللہ دین حقسی انحراف اور طرف فرعون
اور اوسکی احزاب کے ائتلاف رکہتی رہی ہوں اسیطرح سی سردار عرب و عجم علۃ غایۃ ایجاد عالم جناب
حضرت رسول اکرم مکہ معظمہ میں پیش از نزول آیہ فاصدع بما تؤمر اخفای دعوت کرتی تہی نہ یہہ کہ
معاذ اللہ طرف کفار کی میل رکہتی رہی ہوں اور دیلمی نے فردوس میں علی علیہ السلام سی روایت کی ہے لا دین
لمن لا تقیۃ لہ اور مومن آل فرعون کہ اپنی ایمان کو پوشیدہ اور مخفی رکہتا تہا جناب باری نے اوسکے
مدح و ثنا کی ہے آپ کی صدیق اکبر کہ عزت و آبرو کا بڑا پاس رکہتی تہے تقیہ کرنیسی کیسی ذلیل ہوے
انکا ذکر اوسکا ایسا مضحکہ نسوان اور بعینہ صبیان ہے کتاب منتفی میں مذکور ہی کہ ہرگاہ سی وہ [illegible]

آنحضرت فرمود کہ ای ابو بکر ما خود طلیم و تاب مقاومت و مجاہدہ آنہا نداریم پس ابو بکر بسیار اصرار
نمود تا آنکہ آنحضرت بمسجد تشریف آورد ابو بکر استادہ خطبہ خواند و در آن ہنگام کفار بر ابو بکر حملہ کردند و عتبہ
بن ربیعہ بہ پشت نعلین خود کہ جا بجا آنرا پیوند کردہ بود ابو بکر را آنقدر زد کہ بینی او باد خسارش برابر شد و از ہم
اصلا امتیاز نداشت جیسا کہ ریاض النضرۃ مین مذکور ہے حتی ما یعرف انفہ من وجہہ یعنی عتبہ بن ربیعہ نے
ابو بکر صدیق کو ایسی پاپوش لگائی کہ ناک اونکی مونہہ سی پہچانی نہین جاتی تہی سبحان اللہ جناب رسالتمآب
باوصف اس بات کی کہ کمال شجاعت اور مرتبہ نبوت کا رکہتی تہے اور اعانت ملائکہ اور نصرت جناب
رب الارباب سی منصور تہی عوض اس بے ادبی کا کفار قریش سے اوسوقت نہ لیا اور بیچاری ابو بکر کو پاپوش
کاری سے نہ بچایا یہہ تقیہ نہین تو کیا ہی و جمال الدین محدث نی بہت سی حکایتین ذکر کی ہین کہ اون
روایتون سی جواز تقیہ بخوبی ثابت ہوتا ہی اگر اونسی اس رسالہ مین ذکر کردن تو بہت طول ہو جائیگا پس
آپسی بہت بعید ہی کہ اسطرح ارشاد فرماوین کہ شاید کسی شیعہ نی مالکی بنکر مالک کیطرف جواز متعہ
کی نسبت کی ہو گی اس شبہہ مین صاحب ہدایہ نی وہو کہا کہا یا اگر ایسی اوہام پر مدار رکہا جاوے تو
کسی عالم کا قول اوسکی مذہب والی پر دلیل الزامی نہو سکیگا و لو فرضنا تمہاری مذہب مین تقیہ باطل
ہی مگر فسق اور افترا و تہمت پر اقدام کرنا تمہارا اور تمہاری اسلاف کا تو مشاہد اور ہر طرحسی ثابت ہی لاجرم
یہہ کلام تمہارا اگر صحیح ہو تو دلیل الزامی عالم سے مفقود ہو جائیگی وہو کہا تری علاوہ اسکی اولا ہم
یہہ کہتی ہین کہ بمفاد التقیۃ دینی و دین آبائی و نص صریح و لا تلقوا بایدیکم الی التہلکۃ تقیہ مذہب امامیہ مین
جائز ہی چنانچہ موسی پیغمبر بہی تقیہ کیا کرتی تہی اگر از راہ تقیہ کوئی شیعہ مالکی بنے تو عجب نہین ہی اور
اگر مالکی بنے گا تو موافق اوسکی مذہب کی اقوال بیان کریگا پس مالک کی نزدیک اگر متعہ درست نہ ہو
اور کوئی شیعہ تقیہ کرکے مالکی بنے تو ظاہر ہے کہ وہ شیعہ عدم جواز متعہ کی روایت کریگا اسلئی کہ اگر وہ
جواز کی روایت کریگا تو مالکی کاہیکو کہلائیگا حال آنکہ وہ مالکی بن چکا ہے اور ثانیا یہہ کہ جناب سلطان العلماء
نیرہ کتابون سے سند لائی کہ مصنفین اون کتابونکی لکہتی ہین کہ امام مالک مجوز متعہ کی ہین پس کیونکر عقل
قبول کری کہ باوجود اسکی کہ یہہ سب عالم اور عاقل صاحب ہدایہ کی اسلاف و اخلاف تہی سبکی سب ہو کہا
کہا گئی بعد طی اس مراحل کے کہتا ہون کہ منصف خبیر اور متتبع سیر و تواریخ پر مخفی نہین ہے کہ مدت مدید
تک تسلط سلاطین جور اور معاندین جناب ائمہ اطہار و فی العشی و الابکار کا تمام اہل اسلام پر تہا اور غال

خال المؤمنین نے تمہاری محدثین کو واسطے وضع احادیث کی مناقب خلفاء ثلثہ میں مامور کیا تہا کما نص علیہ ابن
ابی الحدید وغیرہ اور غرض اس اہتمام سے فقط یہہ تہی کہ مناقب حضرت امیر المؤمنین اور مطاعن خلفاء ثلثہ کی مخفی
ہو جائیں اور یہی علماء محدثین اہل سنت نے حذف اور اسقاط اور تحریفات احادیث میں بہت سعی کی ہیں چنانچہ
جس روایت میں خلیفہ ثانی نے جناب امیر علیہ السلام سے کہا ہی کہ آپ ہمکو کاذب و غادر و خائن جانتے ہیں مسلم
نے کاذبا و غادرا خائنا کی تصریح کی مگر بخاری نے بخوف رسوائی صرف لفظ کذا پر اکتفا کیا اور روایت موضوعہ ان
آل ابیطالب لیسوا لی باولیاء میں کہ راوی اسکا عمرو بن عاص ہے لفظ ابیطالب کو حذف کیا اور بعض شراح نے
ابی البیاض اور کسی نے ابی العاص اور بعض نے ابیطالب کو ذکر کیا اور ابن حجر نے فتح الباری میں لکہا ہے
کہ اکثر لوگوں نے ان آل ابی لیسوا لی باولیاء ساتہہ حذف مضاف الیہ کی روایت کیا ہی اور بعضوں نے
لکہا ہی کہ ان آل ابی فلان لیسوا لی باولیاء اور میں کہتا ہوں کہ یہہ عذر بدتر از گناہ ہی اسلئی کہ حضرت
رسالتماب عیاذا باللہ جاہل نہ تہے کہ یہہ کلمہ مہملہ ارشاد فرماتے اور بعضوں نے جو ابی البیاض لکہا ہی تو اسکے
ابطال کے لئی عبارت فتح الباری کی کافی ہے حیث قال لا یعرف فی العرب قبیلة یقال لها آل ابی بیاض فضلا
عن قریش وسیاق الحدیث یشعر بانهم من قبیلة النبی وهی قریش انتهی پس حق تو یہہ ہی کہ علماء اہلسنت نے اگر
چہ بخوف فضیحت و ذلت کی لفظ ابیطالب کو حذف کیا مگر یہہ عذر اون بزرگوار دنکا بدتر از گناہ ہی پس با
وجود اس اہتمام سلاطین بے دین اور محدثین محرفین کے موجود ہونا مطاعن خلفاء ثلثہ کا کتب معتمدہ اہلسنت
میں عجائب قدرت الٰہی سے ہی اور مانند تربیت پانی حضرت موسی کے خانہ فرعون میں ہے سچ ہی کہ ع
عدو شود سبب خیر گر خدا خواہد * اور یہی ظاہر ہی کہ ائمہ معصومین صلوات اللہ علیہم اجمعین بخوف تلف جان
عمر شریف تقیہ میں بسر فرماتے تہی اور انکار اسکا انکار بدیہیات ہی ایسے حال میں اگر بفرض محال کوئی حدیث
مؤید اور موافق مدعای جناب کے کتب فرقہ حقہ اثنا عشریہ میں ہو تو مقام نازش نہیں ہے بلکہ محمول بر تقیہ
ہوگی ذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم اور اگر انصاف سے دیکہی تو سنی بہی کہیں کہیں
ظاہر میں شیعہ بنتی ہیں اور باطن میں مذہب باطل پر رہتی ہیں جیسا کہ شاہ عبد العزیز نے باب اول
میں احوال فقیہ عمارہ کی بیان میں اسکا اعتراف کیا ہی کہ فقیہ مذکور در اصل شافعی مذہب بود و بطمع مال مذہب
ایشان قبول کردہ داعی شدہ بود و باوصف اینہمہ تا آخر دم در باطن شافعی بود انتہی یہاں سے ثابت ہوا

۱۵۹

جا عمل کرتے ہیں ایسی صورت میں ممکن ہے کہ یہہ کہا جائے سہواً لکھنے سے بعید نہیں ہے کہ باطہارت شیخ ایسے
رو ہیں ہماری کتابوں میں لکھے ہیں اپنے اچھی مسئی اور بڑا الزام کی قدرت پاویں **قال الناصب الغوی**
اللئیم اسیواسطے حواشی ہدایہ اور صدہا کتب فقہیہ میں تخطیہ صاحب ہدایہ کا موجود ہے لیکن ثبوت خطا بعضے
اکابر کا کسی جگہ خصوصاً نقل مذہب غیر میں مستلزم ثبوت خطا دوسری جگہہ میں نہیں **اقول بفضل الله العلیم**
اگر صاحب ہدایہ سے ایسی خطا ہوتی تو چاہیئے تھا کہ اکبر بادشاہ کو اجازت نہ دیتا اور حیرت تو یہہ ہے کہ تمہارے زعم
میں تنہا صاحب ہدایہ نے نقل میں خطا نہیں کی بلکہ سیوطی اور مصنفین کتب سیزدہ گانہ مذکورہ نے کہ وہ سب
صنادید اور سرامد علماء اہل سنت سے ہیں سبکو تم کہتے ہو کہ سہو خطا کی اور ظاہر ہے کہ اتنی جماعت کثیرہ سے
اگر رائے میں ایک طلبہ کی خطا ہو تو عجب نہیں کیونکہ امکان رکہتا ہے کہ ایک طرح کی مقدمات سے ایکطرح کا نتیجہ حاصل
کر بیٹھیں یعنی ایک طرح کی خطا کی ہو بخلاف نقل کے کہ یہی سب اشخاص مختلفہ ازمنہ مختلفہ میں جاتے رہے اور
محتملہ کی طرق مختلفہ سے ایک طور کی نقل کرتے آئے تو بلاشبہہ باعتبار تعدد طرق نقل شاہد اور بر صدق روایت کی ہے
خصوصاً ایسی حالت میں کہ تم انمیں سے کسیکو متہم نہیں جانتے پس اتنی جماعت کثیرہ کا تخطیہ نقل میں باوجود توثیق
سبکی خالی خود غرضی سے نہیں اور کیا لطیفہ ہے کہ خلافت ابی بکر میں دو اہل حل و عقد کی بیعت سے اجماع
کی انعقاد کا مقبلہ کیا جاتا ہے اور تیرہ علماء کا اتفاق کہ ہر ایک انمیں سے امور علمیہ میں صاحب حل و عقد تھا بالقطع
اجماع معتبر ہوا لاجرم اگر وہ اجماع حجت ہے تو چاہیئے کہ یہہ بھی حجت ہو دیکھو تمہارے مذہب ہائے دراخر
تہوڑے تو تمہارے اور صادق آئے اور یہہ جو آپنے فرمایا لیکن ثبوت خطا بعضے اکابر کا الخ ما نحن فیہ میں اسکا
عکس ہے نقل مذہب غیر میں تو سہو کا مقام صاحب ہدایہ نے خطا نہیں کی اپنے مذہب کے تہذیب میں البتہ بہت
خطا کی ہے **قال الناصب الغوی اللئیم** والا تخطیہ ابن بابویہ قمی کا طہارت خمر میں کہ شیخ
ابو جعفر طوسی نے کیا **اقول بفضل الله العلیم** شیخ عبد الحق دہلوی نے جذب القلوب میں
لکہا ہے و امام احمد در مسند خویش از حدیث ابن عمر آوردہ کہ ہم درین موضع بیست آنحضرت نبوزہ از تضیح آورد
... آنحضرت از آنجہت اور اسمیں تضیح کو شبہ اس ہے پس جبکہ آپ کی بزرگواروں نے معاذ الله نسبت شرب
خمر کی طرف جناب رسالتمآب کی کی تو آپ کو شیخ ابن بابویہ پر رونا نہیں ہے علاوہ اسکے داؤد اصفہانی
اور ربیعہ استاد شافعی علی احمد قولیہ قائل طہارت شراب کے ہیں جیسا کہ میزان میں لکھا ہے اما اختلفوا
فی نجاسۃ الخمر مع قول الائمۃ الاربعۃ بنجاستہا ... مع قول داود بطہارتہا مع تحریمہا فالاولی

فالاول اشد والثانی مخفف من جہۃ عدم وجوب التطہیر منہا وثالثاً لا یلزم من تحریمہا نجاسۃ
عینہا کالمیسر والانصاب والازلام وانما ہی نجسۃ من حیث صفتہا کما قال تعالی انما المشرکون نجس انتہی
اور بعض روایات امامیہ کہ ظواہر سے اونکی طہارت نکلتی ہو تو محمول تقیہ پر ہی اسلئی کہ بنی امیہ شرب خمر پر بہت حریص ہے
اور ربیعۃ الرای کہ فقہاء مدینہ مین سے تہا اور بعض شیوخ مالک کے یہہ لوگ حکم طہارت خمر کا دیتی تہے اور یہہ سب معاصر
حضرت صادق علیہ السلام کی تہی اور اکثر شیعیان اہلبیت خلفاء امویہ و عباسیہ و راونکی ملازمونسی معاشرت نہ
رکہتی تو جینی نپاتے لاجرم اون فساق کی مجالست کے جہت سی شراب کا لگ جانا انہون کی کپڑونمین اور بدن مین محل
اشتباہ نہین ساتہہ اسکی اگر وہ بیچارہ مؤمنین بقصد تطہیر کا کرتے تو یقیناً وہ دشمنان دین انکو مخالف اپنا
دیکہہ کر اذیت پہونچاتی بلکہ عجب نہین کہ قتل کرتی اسی جہت سی بطور جواز اکل میتہ اون واقع ہوا کہ بروقت
ضرورت اوس کپڑے مین نماز پڑہین نہ یہہ کہ شراب کو طاہر جانین پس ابن بابویہ علیہ الرحمہ کتاب من لا یحضرہ الفقیہ
مین جو اسطور سی اجمالاً لکہتی ہین لا باس فی ثوب اصابہ الخمر مراد اوسسے یہہ نہین ہے کہ شراب طاہر ہے
بلکہ مراد اونکی یہہ ہی کہ نجس ہے مگر تقیہ معفو مثل خون کمتر درہم بغلی کے ہی اور دلیل اس امر پر یہہ ہی کہ خود ابن بابویہ
قائل ہین کہ اگر خمر چاہ مین گر پڑی تو سب پانیکو کہینچنا چاہئی اور بغیر نزح کی وضو وغیرہ طہارت اوسسے
جائز نہین ہے جیساکہ تمام کتب فقہ امامیہ اور کتاب من لا یحضرہ الفقیہ اسی مضمونسی مملو ہے پس یہانسی صاف
ظاہر ہوگیا کہ شراب نجس معفو ہی بوقت ضرورت تقیہ نماز اوس جامہ سی پڑہ سکتی ہین اور یہہ امر کچہہ منافی
نقلین کے نہین ہے اسلئی کہ وقت ضرورت کی اکثر مسائل شرعیہ مستثنی ہو جاتی ہین حاصل کلام کا یہہ ہی کہ مذہب مشہور
و مختار معظم اصحاب کا نجاست خمر پر ہی اور بعض علماء امامیہ اگر کم ساتہہ طہارت خمر کی کرتے ہون تو اس سے استبعاد
کرنا اہل سنت کو بیجا ہی اسلئی کہ داؤد اصفہانی وغیرہ علماء اہل تسنن بہی طہارت خمر کی قائل ہین اور معاذ اللہ
پیشوایان اہلسنت نی تو نسبت شرب خمر کی طرف حضرت رسول مختار کی بہی کیا ہی جیساکہ اوپر اسکا ذکر
ہو چکا پس عارفین ملاحظہ فرمائین کہ شناعت اسکی زیادہ ہی یا وہ اسکی کہ کتاب ابطال الباطل مین ابن روزبہان
نی لکہا ہی مذہب ابی حنیفۃ ان الحرام بالنص ہو الخمر والخمر ہو المتخذ من العنب اشتد و اسکر المزبد
فہذا حقیقۃ الخمر عندہ فما لم یزبد لا یکون خمراً و لا یحصل الاسکار قط بدون الازباد اس عبارت سی معلوم
ہوتا ہی کہ شراب اگر انگور کی نہو اور اوسمین زبد نہو تو وہ موافق مذہب ابی حنیفہ کی حلال ہی فرادان حیرت ہی کہ بقول

١٦١

اوسیکو کہتی ہین جو انگور کی ہو قایم نہین ہوئے بلکہ انصاف یہہ ہی کہ حقیقت خمر کی یہی سمجہنا چاہئی کہ جو چیز بسبب
نشہ کی مخمور کرے وہی خمر ہی عام اس سے کہ عنبی ہو یا غیر عنبی اور عام اس سے کہ زبیہ ہو یا نہو خمر ہی اور یہہ ہی وسکا کہنا کہ نشہ بغیر
ازدیاد کی نہین ہوتا محض غلط ہے اب خبر نہ آئی کہ شراب کسکی مذہب مین حلال ٹہری **قال الناصب الغوی**
اللئیم ما تخطیہ شیخ ابوجعفر طوسی کا بحث عدم جواز مسح یا آب جدید مین کہ شیخ بہاء الدین عاملی نے کیا اور بعد بسط
مقال کے شرح اربعین مین کہا وغفلة مثل ذلک الشیخ الجلیل عن هذا عجیب ولکن الجواد قد یکبو انتہی الفاظ
قد تبینوا ما تع خطا کا موضع آخرین بلکہ سائر مواضع مین نہو گا اور اپنی ہاتہون اپنی پانو پر تیشہ مارنا پڑیگا شاید ایسے
اندیشہ سی والد بزرگوار جناب کے پہلی ہے کتاب صوارم مین پیش بندی کر گئی کہ کم مذہبی خواہد بود کہ بعضی از روایات
بی اصل وما قول در آن نباشد اور بنا بر اسی قاعدہ کی جا بجا صوارم اور حسام مین تاویل حدیث ثمہ کی کر کے صاحب تحفہ کو جواب
دیا ہی پس ارشاد ملا زمان والا کا کہ مگر ظاہر ہین تو خطا صاحب ہدایہ وغیرہ کی معلوم نہین ہوتے انداز وہی اس تصریحات
فریقین سے در حقیقت خطا صاحب ہدایہ وغیرہ کی اس تا بین معلوم ہوئی آگی آپ مجتہد ہین جو چاہین فرمائین سہ ما تم
القول ما قالت حذام **اقول بفضل اللہ العلیم** یہہ عبارت جو آپنے ذکر فرمائی ہے شرح اربعین مین
مذکور ہی اور فقرہ مذکورہ تمہارا لیکن ثبوت خطا بعضی کا جزکا لکسی جگہ خصوصا نقل مذہب غیر مین الخ اسی پر منطبق
ہی مگر اس سے کچہہ آپکا مطلب ثابت نہین ہوتا اسلئی کہ دلائل سے ثابت کر چکا ہون کہ صاحب ہدایہ نی یہان خطا
نہین کی بلکہ موید قول صاحب ہدایہ کی ایک قول اور بہی ہے کہ اوس سے ثابت ہوتا ہی کہ امام مالک مجوز متعہ کا ہے
شیخ عبد الحق دہلوی نے کتاب رجال رواة احادیث مشکوة المصابیح مین لکہا ہی ابن جریج بضم الجیم الاولی
وفتح الراء وسکون التحتانیة قال یحیی بن سعید هو اثبت من مالک الی ان قال وکان
یبیح المتعة ویفعلها توفی بمکة سنة خمسین ومائة وقال الشیخ ابن حجر فی فتح الباری ناقلا
عن القاضی عیاض قال والخطابی ویحکی عن ابن جریج جوازها انتہی پس ابن جریج کہ ائمہ اعلام مین سے
تہا اور ثابت تر اور قوی الملم مالک سے تہا اوسنی متعہ کو مباح کیا پس امام مالک تصریح اون احادیث کی کہ جنکا
ذکر ہو چکا ہی اگر متعہ کو روا کہین تو سر اسر لایق پذیرائی ارباب عقول اور علماء فحول کے ہوگا نہ سزاوار تخطیہ آپ
معلوم ہوا کہ انکار آپ کا اور آپ کس شمار مین ہین آپکے مرشد ونکا انکار فقط اسلئی ہے کہ مبادا کوئی مستبصر ملاحظہ
کرے کہ ہر گاہ امام مالک اقدم اور افضل ائمہ اربعہ کا تہا اوسنی متعہ کو مباح کیا تو انکار ائمہ ثلثہ کا خالی عناد
اور تعنت سی نہین ہی اب ان تصریحات سی خطا صاحب ہدایہ کی اس نقل مین اصلا معلوم نہین ہوتی

ہوتی اب ان سب کلمات قوم کو تم نظر غور انصاف سے دیکھو ع کچھ نہیں کے تہیں بر حق کہو کیا ہی **قال**
مولانا المجتہد الحری بالتکریم اسلئی کہ ملا عبد القادر نے تاریخ بداونی مین لکھا ہی کہ قاضی
شیخ حسین عرب قاضی مالکی نے اکبر بادشاہ کو اجازت متعہ کی دی اور اکبر بادشاہ نے بموجب اونکی اجازت
کی بہت سی متعہ کیئی **قال الناصب الغوی اللئیم** یہہ بنای فاسد بر فاسد ہی کیونکہ اول
صحت قصہ کی مسلم نہین اکبر بادشاہ مالکی المذہب نتہا کہ اوسکی حال پر یہہ حکایت منطبق ہو اور بر تقدیر
تسلیم جسقدر ملا زمان والا نی بلا روضیغمیہ مین عبارت تاریخ بداونی کے نقل کے اوس سے متعہ کرنا اکبر بادشاہ کا
ایک مرتبہ یا زیادہ ہرگز ثابت نہین ہوتا یہہ آپ کا حاشیہ ہے ہان یہہ البتہ معلوم ہوتا ہی کہ بعد رد و بدل
بسیار بادشاہ کی خاطر سی بعضی دنیادار عالمون نی مالک کے طرف نسبت کر کر حکم اباحت کا دیا **اقول**
بفضل اللہ العلیم سبحان اللہ آفرین صد آفرین معلوم ہوا کہ علاوہ فضل و کمال کے آپکو تاریخ دانی مین
بہی خوب دخل ہے شیخ عبد القادر بداونی سنی المذہب ہے اپنی کتاب مین مصرح ہی کہ اکبر بادشاہ نی بحکم
قاضی شیخ حسین عرب قاضی مالکی کے بہت سی متعہ کیئی اوسکی کتاب تاریخ بہت معروف و مشہور ہی انکار
اسکا سوای آپکے کسینی نہین کیا مؤلف دبستان نے بہی احوال اکبر بادشاہ مین لکھا ہی وہم علما فتوی دادند
کہ بطریق متعہ آنقدر کہ زن خواستن معتبر باشد مباح است واین در مذہب امام مالک جائز است انتہی اب
یہہ آپ کا کہنا کہ اول صحت قصہ کی مسلم نہین غیر مسلم ہی اور بہت حیرت ہی کہ آپ فرماوین اکبر بادشاہ
کی مالکی اور نہ مالکی ہونی سی ہمکو غرض نہین مدعا ہمارا یہہ ہی کہ قاضی شیخ حسین عرب قاضی مالکی نے اجازت
متعہ کی دی اور اوسکا فتوی اکبر بادشاہ کی نزدیک معتبر ہوا اور بمفاد اہل البیت ابصر بما فی البیت مالکی کا قول
بہ نسبت ائمہ ثلثہ باقیہ کی اس نقل مذہب مالک مین احری بالقبول ہے اور یہہ جو آپنی فرمایا کہ بر تقدیر تسلیم الخ
تو ابہی سمجھا چکا ہون کہ قاضی مالکی نے اجازت اکبر بادشاہ کو دی اور اکبر بادشاہ کی متعہ کرنی یا نہ کرنے
سی ہمکو کچھہ غرض نہین اوسکا ذکر تبعا و بالعرض ہے اصل مراد ہماری فتوای قاضی مالکی سے متعلق ہی تہوڑی سی
عبارت اوس کتاب کے ذکر کر دیتا ہون تا کہ عارفین اور منصفین ذی خبرت ملاحظہ فرماوین کہ ہم جادہ
انصاف سے باہر ہین یا تم لہذا عبارتہ رفتن شیخ بہاء الدین زکریا ملتانی در بغداد بملازمت شیخ الشیوخ
شہاب الدین سہروردی و اخذ قراءت فاتحہ بمذہب شافعی از آن بزرگ و طعن علما و رسمی در

وقاضی یعقوب از ان روز باز معزول شد حتی الحال قاضی حسین را وکیل ساختند او موافق مذہب خویش بجواز متعہ
ہم حکم کرد انتہی موضع الحاجۃ اس عبارت کو ملاحظہ فرمائی کہ صاف معلوم ہوتا ہی کہ مالک متعہ کو جائز کہتا تہا
اسلئی کہ فقرہ موافق مذہب خویش ہویدا ہی کہ مذہب قاضی حسین عرب مالکی کا یہہ ہی کہ متعہ جائز ہی علاوہ
اسکی تمنی لکھا کہ بعضی دنیادار عالموں نے مالک کے طرف نسبت کر کر حکم اباحت کا دیا انتہی اس کلام سی ظاہر ہوتا ہے
کہ اوس عرصہ کی تمہاری علمانے بادشاہ کی خوش آمد کی اسکو ہم مانتی ہین وہ بیچاری کیا تہی اونکی اندین بہت
کچھہ خوش آمد ین کرکی دین فروشی کرنے آئی ہین مگر اس نقل مین مذہب مالک کے اونہون نی کچھہ ارتکاب کذب
نہین کیا بڑا مرتبہ اون کی صدق کا تصدیق قاضی مالکی ہے علاوہ اسکی اگر اونکو جھوٹھہ بولنا ہوتا تو مالک کے تخصیص
کیا تہی شافعی و حنبلی کو بہی شامل کر دیتی جسمین مزید خوش آمد ظہور مین آتی بلکہ کوئی روایت اباحت حنیفہ یا صاحبین
کیطرف مین منسوب کر دیتی تو البتہ خوش آمد کما ینبغی عمل مین آتی واذلیس فلیس اور تاریخ براونی سے صاف معلوم
ہوتا ہی کہ بہت سے فاضلوں نی یہہ لکہا کہ متعہ امام مالک کے نزدیک حلال ہے جیسا کہ اوسی کتاب مین مذکور ہی کہ
مآل چندین روایات مختلفہ و مذاہب گوناگون بہ سخن تمام میشود متعہ نزدیک امام مالک و شیعہ باتفاق مباح
و نزدیک امام شافعی و امام اعظم حرام انتہی موضع الحاجۃ الحاصل بمقتضای الناس علی دین ملوکہم اون فاضلونکو
اگر خوش آمد منظور ہوتی تو نسبت طرف مذہب اکبر بادشاہ کی دیتی کہ یہہ متعہ اوس مذہب مین حلال ہے پس معلوم
ہوا کہ امام مالک مجوز متعہ ہین اگر مجوز نہ ہوتی تو یہہ لوگ اوسکے طرف نسبت تحلیل متعہ کے نہ دیتی **قال الناصب**
الغوی اللئیم لیکن اسکا کیا اعتبار ہی شستری نے مجالس المؤمنین وغیرہ مین بعینہ اسیطرح حکی باتین
ناموں کے خاطر سے اپنی علماء کیطرف نسبت کر کر لکھین کہ بعضے علماء شیعہ باوجود علم و فضل کی خلفای عباسیہ
کی تالیف کو مسائل شرعیہ مین مساہلت اور توجیہ کرتے تہی پہر جب یہہ توجیہ اون عالمونکی اور وہ فعل عباسیونکا
شیعونپر حجت نہین تو بر تقدیر ثبوت یہہ فعل اکبر بادشاہ کا کہ خلاف ثقلین ہے اہل سنت پر کیونکر حجت
ہوگا دنیا پرست لوگ خوش آمد اور در آمد کی واسطی بادشاہونسی ایسی باتین بہت کہتی ہین کیا ذہن شریف
سی نکل گیا جو بارہ صیغیہ مین یون فرمایا جہ بحسب مجاری عادات معلوم است کہ بمقتضای الناس علی دین ملوکہم
قلوب اکثر ناس راغب و مایل میباشد برضاجوئی حکام و سلاطین روزگار و بطرف جمع نمودن زخارف دنیای ناپایدار
پس در وضع اخباریکہ موافق مرضی حکام باشد استبعادی نیست * گہر سے بہول ہشک ہے تو اندہیرا ہوگا *
[illegible] سے بہت آپ کو کہنا ہوگا * مقام غور ہے کہ ملازمان والا حکام اودہ کی خوشنودی کی واسطی کیا کیا

۱۶۴

کیا گیا اور لوٹ پہیر کرتی تہی یہانتک کہ قرآن بین نقصان ثابت کر کر سبکو ناقص الایمان بنا دیا نبی برکتی سی شہر
برباد ہوا کفار کا ہر طرف شور و فساد ہوا مضمون ؎ و بلدۃ لیس لہا انیس الا الیعافیر و الا العیس ہو رہا
ہی ہر اہل ایمان دل ریش ہے بشارت زدہ ابتک نہین ڈری خدا سے کر رہی ہی جسمین عجم جا بجا زیادہ موہنہ نہ کہلوا سے
نہین تک ہنسی و بچتی **اقول بفضل اللہ العلیم** یہی ثابت ہو چکا کہ اون لوگون نے خوش آمدی حکم متعہ کا
نہین دیا قیاس اسکا شوستری کی قول پر قیاس مع الفارق ہے اور فعل اکبر بادشاہ کا بہت مناسب اور موافق
ثقلین کے ہی جیسا کہ سابق اسکی دلائل بسیار اور براہین بیشمار سی ثابت ہو چکا مگر ہمکو تو اوسکے فعل سے کچھ غرض
نہین بلکہ فتوای قاضی سے ہمکو مطلب ہے سو وہ الحمد للہ علی حجۃ اکی عبارت تاریخ بداونی سی بخوبی آشکار ہو گیا
اور یہی ثابت ہو چکا کہ ابن جریج کہ ائمہ اعلام سی تہا متعہ کو اوسنی بہت مباح کیا پس باوجود ان تصریحات فراوان
اور تفصیلات بی پایان کی انکار آپکا خالی عناد اور انحراف طریقہ سداد سی نہین ؎ ایسی کمپنی سی کچھ نہین حاصل +
آپ کی قول سب کے سب ہی باطل **قال الناصب الغوی اللئیم** پانچ چار حدیثین حرمت متعہ کی اہلبیت
سی مطالعہ کیجئے بیہقی نے جناب امیر علیہ السلام سی روایت کی قال نہی رسول اللہ عن المتعۃ و انما کانت لمن
لم یجد فلما نزل النکاح و الطلاق و العدۃ و المیراث بین الزوج و المراۃ نسخت **اقول
بفضل اللہ العلیم** بیہقی کو ہم نہین جانتی اوسکی روایت کو نہین مانتی اگر تمہارا امام تہا تو روایت
اوسکی تم پر حجت ہوگی ہرگاہ یہہ حدیث کتب معتبرہ امامیہ مین پائی نہین جاتی تو اس جگہہ ذکر کرنا تمہارا فضول
ہی صاحبان انصاف سی کہتا ہون کہ امامیہ رضوان اللہ علیہم اختصاص کہتی ہین ساتہہ ائمہ معصومین علیہم السلام
کی اور مسایل علوم دینیہ کو اونہین حضرات سی حاصل کیا ہی جیسا کہ سابق مین کئی طریقون سی ثابت ہو چکا ہے
اور ابن کثیر نی کہا ہی کہ جناب امام محمد باقر علیہ السلام اور حضرت امام علی بن موسی الرضا علیہما السلام و الثنا
مجد و مذہب امامیہ کی ہین اور سابق مین یہہ بہی ثابت ہو چکا ہی کہ امامیہ مذہب ائمہ اثنا عشر علیہم السلام کو بہتر
جانتی ہین اور نفحات جامی مین لکہا ہی کہ حاصل اوسکا یہہ ہی کہ امیر نوروزنی علاء الدولہ سمنانی سے
کہا کہ تو خرگوش کے گوشت کو کہاتا اوسنی کہا کہ مین نہ کہاونگا تب امیر نے کہا کہ کیا وجہ ہی کہ تو اسکو نہین
کہاتا اوسنی جواب دیا کہ بقول امام جعفر صادق علیہ السلام کی یہہ حرام ہی اب حضرات سنیہ کی خدمت سراپا
برکت مین عرض ہے کہ آفتاب پر خاک نہ ڈالین دیدہ انصاف سی ملاحظہ فرماوین کہ راکب سفینہ اہلبیت

اوسکی گوشت کو موش فرماتی ہین پس اس بیان سی روشن ہو گیا کہ مذہب اہلبیت کا تحلیل متعہ ہی اسلئی
کہ شیعیان اہل بیت اونکی مذہب کو بہتر جانتی ہین اور انہین حضرات با برکات سی انکو تمسک ہے پس اگر دو ایک
روایتین مخالف اجماع امامیہ کے کتب امامیہ مین ہون تو وہ محمول تقیہ پر ہونگی تو امثال اہلحقی کہ ائمہ مدوحین
اہل سنت اور اجلہ متقدمین سی ہماری ہی ایسون کی روایت سی ہمپر کیا قدح ہو سکتی ہے جیسا کہ سابق مین حدیث
تحریم لحوم حمر اہلیہ و متعہ کی کہ آپنی استبصار سی نقل کیا تہا اوسکا جواب بخوبی شرح و بسط سی ذکر ہو چکا ہی وہین بہر
لاحظہ فرمائیی اور حمل تقیہ پر کچہہ محل استعجاب بہی نہین ہے اسلئی کہ اجلہ صحابہ مثل عمران بن حصین و عبد اللہ بن عباس
و عمار بن یاسر وغیرہ اظہار مسئلہ متعتین اور رعول و تیمم اور امثال اوسکی مین فظ غلیظ سی کسقدر ڈرتی تہی چنانچہ
سابق مین بخوبی تفصیل جمیل سے ثابت ہو چکا ہی **قال الناصب الغوی اللئیم** اور حازمی
نی حسن و عبد اللہ سی اور اونہون نی اپنی باپ محمد بن حنفیہ سی اور اونہون نی اپنی باپ علی مرتضی سی روایت کی
کہ ان علیا قال لابن عباس انا علمت ان رسول اللہ ص نہی عن لحوم الحمر الاہلیۃ و عن المتعۃ اور صاحب تحفہ
نی بواسطہ انہین راویونکی حضرت علی علیہ السلام روایت کی کہ قال امرنی رسول اللہ ان انادی بتحریم المتعۃ اور
بیہقی نے ابوذر سی روایت کی کہ قال انما احلت لاصحاب رسول اللہ ص متعۃ النساء ثلثۃ ایام ثم نہی عنہا اور
قسطلانی نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سی روایت کی کہ انہ سئل عن المتعۃ فقال ہی الزنا بعینہ جیسا اوپر
مذکور ہوا اور یہان بہی واسطی برکت کی اعادہ کیا ہ اعد ذکر نعمان لنا ان ذکرہ + ہو المسک ما کررتہ یتضوع
انتہی **اقول بفضل اللہ العلیم** رواۃ ان روایتون کی سب عمری سنی ہین ہمکو ان روایتون
کی صحت پر اعتماد نہین اس جہت سی مقام استدلال الزامی مین ان روایتون کا ذکر محض لا ینفع اور فضول ہے
خصوصا صاحب تحفہ سروقہ کی شدت عداوت غلامان اہلبیت سی ممثل ہے اور افترائین ابی النظیر ہم کیونکر انکے
روایت کو تسلیم کر سکتی ہین علی الخصوص ایسی حال مین کہ اہل سنت جناب امیر علیہ السلام سی نقل کرتی ہین لولا
نہی عمر ابن الخطاب عن المتعۃ ما زنی الا شقی جیسا کہ در منثور وغیرہ مین مذکور ہے اور سابق مین بخوبی ثابت ہو چکا
کیونکر عقل باور کری کہ امام بحق ناطق حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام خلاف اپنی جد امجد کی متعہ کو زنا کہین ہذا
ہو البہتان العظیم اب مین کہتا ہون کہ احادیث بیشمار و روایات بسیاری حلت متعہ کی ثابت ہو چکی مگر بمفاد اسکی
کہ کل جدید لذیذ یہان پر بہی بطور تازہ ذکر کرتا ہون معلبی کہ اکابر علماء اہل سنت سی تہا جیسا کہ عبد الوہاب
سبکی نی طبقات کبری مین لکہا ہی انہ کان اوحد زمانہ فی علم القرآن ذیل آیہ متعہ فما استمتعتم بہ منہن

۱۶۶

منہن فانوہن اجورہن تفسیر مین لکہا ہی عن عمران بن حصین قال نزلت آیۃ المتعۃ فی کتاب اللہ تعالی
ولم تنزل آیۃ بعدہا تنسخہا فامر بہا رسول اللہ صلعم ومات ولم ینہ عنہا قال رجل بعد برأیہ ما شاء
قلت فلم یرخص فی نکاح المتعۃ الا عمران بن حصین وعبد اللہ بن عباس و بعض اصحابہ وطائفۃ
من اہل البیت انتہی اس بیان سی یہہ بہی ثابت ہوتا ہی کہ بعض اہلسنت جو کہتی ہین کہ روایت عمران بن
حصین کے باب متعۃ الحج مین ہی متعۃ النساء مین نہین ہے محض افترا ہی اسلئی کہ فاضل ثعلبی نے متعۃ النساء کی باب مین
اس روایت کو ذکر کیا ہی اگرچہ متعۃ الحج مین بہی ہونی سے ہمارا مطلب ثابت ہی کہ خلیفہ صاحب نے دونو متعو کو
ایک سلک مین مندرج کر کی حرام کر دیا اور خلاف رسول مختار صلعم کی تشریع دین مین اختیار فرمایا مگر ہمکو اسکی کہنے کی
کیا ضرورت ہی علماء اہل سنت البتہ جب کہین مفر نہین پاتی تو کہتی ہین کہ اس جگہہ پر مراد متعہ سی متعۃ الحج
ہی اور جب مولیان اہل بیت اطہار ع انکی علماء سی کہتی ہین کہ اچہا یہہ روایت متعۃ الحج مین ہو پہر کیون
خلیفہ ثانی نے متعۃ الحج حرام کیا باوجود اسکی کہ حضرت نی منع نہین فرمایا اور نسخ نہین ہوا تب اسکا بہی
جواب بجز سخن بازی کی کچہہ نہین دی سکتی اور عارفین پر مخفی نہ رہی کہ فقط ثعلبی نے اس روایت کو نہین ذکر
کیا ہی بلکہ فاضل نیشاپوری اور فخر رازی نی بہی ذیل کریمہ مذکورہ مین اسیطرح سی لکہا ہی اور سابق مین
یہہ خاکسار ذکر بہی کر چکا ہی اعادہ اسکا ضرور نہین اور بہی جامع الاصول مین عبد اللہ بن مسعود سی روایت
ہی کہ حاصل مضمون اسکا یہہ ہی کہ کہا ابن مسعود نے ہم جہاد کرتے تہی ساتہہ رسولخدا صلعم کی اور نہ تہی ہماری پاس
کوئی عورت پس کہا ہمنی کہ یا رسول اللہ صلعم ہم استمنا کرین پس آپ نی منع فرمایا اس فعل سے بعد اسکی
رخصت دیا ہمکو کہ تو متعہ کر ساتہہ عورتونکی رخت وغیرہ سی ایک مدت معین تک بعد اسکی تلاوت کیا عبد اللہ
بن مسعود نے اسکو یا ایہا الذین امنوا لا تحرموا طیبات ما احل اللہ لکم یعنی ای گروہ مومنونکی حرام نہ کرو
اوس چیز کو کہ طیب اور پاکیزہ کیا خدا نی اور حلال کیا تمپر انتہی اور پڑہنا اس آیہ کا صریح اس بات پر دلالت کرتا
ہی کہ متعہ زمانہ حضرت رسولخدا صلعم مین طیبات سے تہا کسیکو جائز نہین ہے کہ اسکو حرام کری نووی شرح مسلم مین اسی
روایت کی ذیل مین اسطرح سی لکہا ہی ثم قرأ عبد اللہ یا ایہا الذین امنوا لا تحرموا طیبات ما احل اللہ
لکم اشارۃ الی انہ کان یعتقد اباحتہا کقول ابن عباس وانہ لم یبلغہ نسخہا انتہی وابن حجر نی بہی فتح الباری
مین لکہا ہی ظاہر استشہاد ابن مسعود بہذہ الآیۃ ہہنا انہ کان یری جواز المتعۃ انتہی پس بعض

۱۷

اس سے سمجھی نہیں جاتی خالی جہل یا تجاہل سے نہیں اگر کوئی توہم کرے کہ شاید نسخ کی خبر ابن مسعود کو نہ پہونچی

ہو جیسا کہ شوکت عمریہ میں لکھاہی تو ہم کہیں گے کہ یہہ توہم باطل ہے اسلئے کہ خود شاہ عبد العزیز اپنی تحفہ میں لکھتی ہیں

کہ جناب امیر علیہ السلام نے تحریم متعہ کی ندا دی تہی اور یہی خلیفہ ثانی نے اسکے بعد بہی اسکو حرام کیا تہا اور خلاف عادا

حکم رجم کا بہی دیا تہا اور بقول تمہاری زمانہ نسخ کا بہی بہت گذر گیا تہا اسکے ساتہہ عقل عاقل ہرگز باور نہیں کرسکتی

کہ خبر نسخ کی عبد اللہ ابن مسعود یا ابن عباس کو کہ شب و روز پیغمبرؐ اور معظم صحابہ کی جلیس ہا کرتے تہی نہ پہونچی ہو

تفسیر قرطبی میں ہے انہ روی عن عطاء عن ابن عباس انہ قال ما کانت المتعۃ الا رحمۃ رحم اللہ بہا ہذہ الامۃ

ولولا انہ نہاہم عمر ما زنی الا شقی اور کنز العمال میں علی سے روایت ہے قال لولا ما سبق من رای عمر بن

الخطاب لامرت بالمتعۃ ثم ما زنی الا شقی اور محصل دونو روایتوں کا یہہ ہی کہ اگر عمر متعہ سی منع نہ کرتا تو زنا نہ کرتا

مگر بد بخت اور شقی اور جبکہ عمر نے اوس سے منع کیا جیسا کہ ان دونو روایتوں سے صاف تصریح لفظ عمر کی معلوم ہوتی ہے

پس کثرت زنا کی بہی متحقق ہوئی اور فسادات کثیرہ پیدا ہوئی اور عاقل خبیر لطف اس عبارت کا سمجھہ لیگا کہ صاف تعریض و

اعتراض ہی متعہ پر ہی اور سابقا ہی صحیح بخاری نہایہ ابن اثیر سی یون نقل ہوئی ہی عن ابن عباس ما کانت المتعۃ الا

رحمۃ رحم اللہ بہا امۃ رسول اللہ ولولا نہیہ عنہا ما زنی الا شقی اسکی جواب میں بعض فضلای اہلسنت نی

اسطرحسی لکہاہی کہ ضمیر نہیہ میں راجع طرف حضرت ختمی مآبؐ کی ہے اور یہہ جواب انکا باطل اور سراسر خلاف عقل ہی اسلئے

کہ اس حدیث سی تو تعریض اور اعتراض معلوم ہوتا ہی عقل کیونکر باور کرسکتی ہے کہ جناب ابن عباس حضرت رسالتمآبؐ

پر اسطرح خلیفہ ثانی کی اعتراض کریں ان ہذا الشئ عجاب لا یلیق ان یتفوہ باصدر من ذوی الالباب اور سوائے اسکی تفسیر

قرطبی اور کنز العمال سی جو روایت ابہی کرہو چکی ہے صاف اوسمین لفظ عمر موجود ہی اوس سے ظاہر ہی کہ مانع اوسکا

سوای عمر کی دوسرا نہیں بس تکرار عصیان کا بہتر نہیں ہے ایک بیر حدیث جہوٹی ذکر کرکی گناہ کی مرتکب ہوئے ہو

دوبارہ ذکر کرنیسی کیا حاصل ہے فلا ترم بالمعاصی کسر شہوتہا + ان الطعام یقوی شہوۃ النہم +

قال الناصب الغوی اللئیم اب حضور والا فرماوین کہ اکبر بادشاہ نی کہان متعہ کیا اور

مالک نے کیونکر حلال لکھا اور اوسکو حضرت عمر نے حرام کیا یا خود جناب پیغمبرؐ نی ہو سکی باتین کیجیئی اگر متعہ

حلال ہوتا اور اجر یا زجر اوسکا جیسا خلاصۃ المنہج والی نی لکھاہی کہ ممتوعہ کی بوسہ لینی میں حج و عمرہ کا ثواب

ملتاہی اور ہر لذت اور شہوت کی بدلی ایک نیکی لکہی جاتی ہے اور جو بغیر متعہ کی مرگیا قیامت کے دن بد شکل اوسکا

اور ناک اوسکی کٹی ہوگی تو حق کہ ائمہ سے یہ نہ رہتی گیارہ اماموں میں کسی نے متعہ نہیں کیا علی الخصوص

١٦٨

علی الخصوص جناب امام حسن علیہ السلام کہ باعتراف صاحب مجالس المومنین وغیرہ کی بہت سے نکاح کرتی اور طلاق
دیتی یہانتک کہ حضرت امیر لوگونکو فرماتی تہی کہ لڑکیون کو اُسکی نکاح مین نہ دو کہ مرد مطلاق ہی یعنی بہت طلاق
دیا کرتا ہی اُسکے کنارہ کشی نکرتے کہ بہت سہل تہا ہم خرما ہم ثواب پہر باز رہی مین ان اماموںکی اعمال اجر اور
استمال زجر لازم ہی یا نہین معاذ اللہ جہوٹہون نی یہہ حدیث بناکر اس حرام کاری کو اماموںکی طرف منسوب کیا
اور اونکی نقد امامت پر بٹا لگایا ع دوستی بجز دو خود دشمنیست + انصاف شرط ہی کہ بی انصافی خوب نہین
ان اللہ لایہدی القوم الظالمین **اقول بفضل اللہ العلیم** تاریخ بداونی سے ثابت ہوا کہ قاضی شیخ
حسین عرب مالکی نے اکبر بادشاہ کو اجازت متعہ کے دی اور جناب سلطان العلما نے بہت سی کتابوں سے
سند لائی کہ مصنفین نے اونکی اعتراف کیا کہ مالک مجوز متعہ کا ہے اور اس خاکسار نے بہی بہت سی حدیثین
سابق مین ذکر کی ہین کہ اون سی ثابت ہوتا ہی کہ مالک بیشک متعہ کو جائز رکہتا تہا غرض کہ اس رسالہ مین اس درہ
بیمقدار نی اثبات متعہ پر بہت دلایل لکہی ہین اہل سنت اندک انصاف سی ملاحظہ فرمائین تو حرمت متعہ کے
کبہی قائل نہون اور یہہ جو آپنے فرمایا کہ گیارہ اماموں مین سے کسینی متعہ نہین کیا الخ ماقال اس کنارہ
کشی نکرنی خالی جہل سے نہین اسلیی کہ متعہ نکرنیسی یہہ لازم نہین آتا کہ متعہ حلال نہو کیونکہ باتفاق فریقین
تزویج امۃ جائز ہے مگر کہین سے یہہ بات ثابت نہین ہوتی کہ پیغمبر خدا یا ائمہ معصومین علیہم السلام نے
تزویج ساتہہ امۃ کی کی ہو اور جب روایات شیعہ سی ثابت ہی کہ خود پیغمبر خدا نے متعہ کیا تہا تو پہر اگر ائمہ ہدیٰ
کہ ہمیشہ تقیہ مین رہتی تہی اگر متعہ نکرین اور حکم واسطی اپنی شیعونکی دین تو یہہ فعل حرام کیونکر ہو سکتا ہی
اب سنیی کہ بکر بن محمد نی جناب امام صادق سی روایت کی ہے کہ وہ حضرت فرماتی تہے انی لاکرہ للرجل ان
یموت و قد بقیت علیہ خلۃ من خلال رسول اللہ لم یاتہا فقلت ہل تمتع رسول اللہ قال نعم
و قرء ہذہ الآیۃ واذ اسر النبی الی بعض ازواجہ الآیۃ اور یہی تم سمجہو کہ اس زمانہ مین رواج ہی کہ نکاح
مین ہزاروں لاکہوں روپیہ مہر معین کرتے ہین حالانکہ کہین سے یہہ بات ثابت نہین ہوتی کہ ائمہ ہدیٰ نے
اسقدر مہر معین کیا ہو اب تمہاری قول کی موافق چاہیی کہ یہہ جائز نہو حالانکہ باتفاق فریقین جواز
اسکا ثابت و متحقق ہی باقی اعمال اجر کو جو آپنے فرمایا ہین جبکہ کتب شیعہ و سنی سی بخوبی ثابت ہی
کہ اجر و ثواب متعہ کا حضرات ائمہ طاہرین سی منقول ہے پس ہلکو فرمانا اونحضرات کا درباب اجر متعہ کی کافی

الینابیع قال ابو حنیفہ اذا قعد فی آخر الصلوۃ قدر التشہد ثم خرج منہا بما ینافیہا من سلام
او کلام او حدث او قیام او فعل غیر ذلك اجزاءہ یعنی ابی حنیفہ نی کہا ہی کہ جسوقت کوئی شخص آخر نماز
مین بقدر تشہد کی بیٹہی اور بعد اسکی صادر ہو اوس سے وہ چیز کہ منافی نماز کی ہے سلام ہو یا کلام گوز ہو
یا قیام وغیر ذلک بس کافی ہوجائیگا اوسکو وہی اور نماز اوسکی صحیح ہوجائیگی اور ابو المعالی جوینی امام شافعیہ
نی اپنی رسالہ مین کہ بیچ حقیت مذہب شافعیہ کی ہے بعد بیان قبایح ابو حنیفہ کی باب طہارت مین یون
ذکر کیا ہی جئنا الی الصلوۃ فنوافق الشافعی الاصل الذی علیہ بناء الصلوۃ من الدعاء والخضوع
والخشوع وقال المعنی المطلوب من الصلوۃ الخضوع والخشوع واستکانۃ النفس ومحادثۃ
القلب بالموعظۃ الحسنۃ والحکمۃ البالغۃ والفکر فی معانی القرآن والابتہال الی اللہ سبحانہ
وابو حنیفہ لا یلتزم الاصل ویخالفہ حتی طرح ارکانا وشرائط حتی رجع حاصل الصلوۃ الی نقرات
کنقرات الدیك واذا عرضت صلوۃ علی کل عامی جلف غبی کاع امتنع عن اتباعہ فان من
غمس فی مستنقع نبیذ ولبس جلد کلب مدبوغ واحرم بالصلوۃ مبدلا بصیغۃ التکبیر ترجمۃ
ترکیا او ہندیا ویقتصر فی قراءۃ القرآن علی ترجمۃ قولہ مدہامتان ثم یترك الرکوع
وینقر نقرتین لا قعود بینہما ولا یقرء التشہد ثم یحدث عمدا فی آخر صلوتہ بدل التسلیم ولو
انفق منہ بان سبقہ الحدث یعید الوضوء فی اثناء الصلوۃ ویحدث بعدہ فانہ ان لم یکن قاصدا
[illegible] گفتگو نماز کی پس

اجان تو کہ فتوی شافعی کا بیچ مسائل نماز کی موافق حنبل کے ہی کہ بناء صلوۃ اوسپر ہی یعنی دعا اور خضوع اور
خشوع سب اوسمین موجود ہین اور کہا شافعی نے کہ مقصود نماز سی خضوع اور خشوع اور خواری نفس اور محادثہ
ساتہہ قلب اپنی کی ساتہہ موعظہ حسنہ اور حکمت بالغہ اور فکر کرنا بیچ معانی قرآن کی اور ابتہال اور تضرع طرف خداوند تعالی
کی ہی اور ابو حنیفہ اس اصل کو لازم نہین لیتا اور اسکی خلاف کہتا ہی تا یہہ کہ ارکان نماز اور شرایط کو اوسکی چہوڑ دیا
حتی کہ ربیع کیا اوسنے حاصل نماز کو طرف اسکی کہ مرغ اپنی منقار کو زمین پر مارتا ہی اور جسوقت کہ ظاہر کیجاوی
نماز ابیحنیفہ کی او پر جس عامی جلف دل کی البتہ یقین ہے کہ اتباع ابی حنیفہ کی نکری اسواسطی کہ جس شخص نے
غوطہ کہایا ستنقع نبیذ مین اور پہن لیا چمڑا کلب مدبوغ کا یعنی رطوبت کو زایل کر لین اور احرام نماز مین بعوض
اللہ اکبر کی خدای بزرگ یا خدا بڑا ہی جس زبان مین ہو فارسی ہو یا ہندی یا انگریزی یا ترکی کہے اور قراءت دو
برگ سبز کہ ترجمہ مدہامتان کا ہی بعوض سورۂ فاتحہ کی عمل مین لائی بعد اسکی آرام رکوع مین اور سر اوٹہانیکو
ترک کری اور مثل اسکی کہ مرغ دو منقار زمین پر ماری سجدہ مین عمل لائی اور درمیان دونو سجدونکے
قعود نکری اور تشہد نہ پڑہی بعد اسکی عمدا اخیر ... بدلی سلام کی گوز کری اور اگر شاید اثناء صلوۃ مین حدث
ہوا ہو تو چاہئی کہ اثناء صلوۃ مین اعادہ وضو کا کری بعد اسکی واسطی خروج نماز کی حدث کری اسلیئی کہ اگر
حدث اول قصدا واقع نہین ہوا ہی تو نماز مین خلل نہین انتہت ترجمۃ بعد اوسکی اوسی رسالہ مین مذکور ہے
والذی ینبغی ان یقطع بہ کل ذی دین ان مثل ہذہ الصلوۃ لم یبعث اللہ بہ نبیا ولا بعث محمد ابن عبد اللہ
المصطفی لدعاء الناس الیہ وہی قطب الاسلام وعماد الدین فقد عم ان ہذا القدر اقل الواجب
ہی صلوۃ التی بعث بہا النبی علیہ الصلوۃ والسلم وما عداہا اداب وسنن انتہی یعنی وہ چیز کہ یقین کرتا ہے
ساتہہ اوسکی ہر صاحب دین یہہ ہی کہ بدرستیکہ حق سبحانہ وتعالی نے کسی پیغمبران سلف اور نہ خاتم النبیین کو مبعوث
کیا کہ اسطرحکی نماز خلق کو دعوت کرین حال آنکہ نماز قطب اسلام اور ستون دین ہی پس تحقیق کہ ابی حنیفہ نے
گمان کیا کہ یہہ اقل واجب ہے اور یہی نماز ہی کہ ہماری پیغمبر ساتہہ اوسکی مبعوث ہوئی تہی اور سوای اسقدر کی سنت
اور آداب ہین انتہت ترجمۃ بعد اسکی اوسی رسالہ مین ایک حکایت ذکر کی ہے اوسکا لکہنا اہتمام بر واسطی ملاحظہ
اہل سنت کے ضروری ہی وہی ہکذا ویحکی ان السلطان یمین الدولۃ وامین الملۃ ابا القاسم محمود بن سبکتگین
کان علی مذہب ابیحنیفۃ وکان مولعا بعلم الحدیث وکانوا یسمعون الحدیث من الشیوخ بین یدیہ وہو یسمع
[illegible]

فجمع الفقهاء من الفريقين في مرو والتمس منهم الكلام في ترجيح احد المذهبين على الآخر فوقع الاتفاق على ان يصلوا بين يديه ركعتين على مذهب الشافعي وعلى مذهب ابي حنيفة لينظر فيه السلطان ويتفكر فيه ويختار ما هو احسن فصلى القفال المروزي من اصحاب الشافعي بطهارة مسبغة وشرائط معتبرة من طهارة وستر واستقبال قبلة واتى بالاركان والهيئات والسنن والآداب والفرائض على وجه الكمال والتمام وكان صلوة لا يجوز الشافعي دونها ثم صلى ركعتين على ما جوزه ابو حنيفة فلبس جلد كلب مدبوغ ولطخ ربعه بالنجاسة وتوضأ بنبيذ التمر وكان في صميم الصيف بالمفازة فاجتمع عليه الذباب والبعوض وكان وضوءه معكوسا منكسا ثم استقبل القبلة واحرم بالصلوة من غير نية واتى بالتكبير بالفارسية ثم قرأ آية بالفارسية دو برگک سبز ثم نقر نقرتين كنقرات الديك من غير فصل ومن غير ركوع ثم تشهد وضرط من غير سلام وقال ايها السلطان هذه صلوة ابي حنيفة فقال السلطان لو لم يكن هذه لقتلتك لان مثل هذه الصلوة لا يجوزها ذو دين فانكرت الحنفية ان تكون هذه صلوة ابي حنيفة وامر القفال باحضار كتب الفريقين وامر السلطان نصرانيا كاتبا يقرأ المذهبين جميعا فوجدت الصلوة على مذهب ابي حنيفة على ما حكاه القفال فاعرض السلطان عن مذهب ابي حنيفة وتمسك بمذهب الشافعي لو عرضت الصلوة التي جوزها ابو حنيفة على العامي لامتنع من قبولها انتهى یعنی حکایت کی گئی ہے کہ سلطان ابو القاسم سبکتگین پہلی مذہب ابی حنیفہ پر تہا اور تحصیل علم حدیث پر حرص بہت رکہتا تہا اور سامنی اوسکی شیوخ احادیث پڑہا کرتی تہی اور وہ سنتا تہا پس پایا اوسنی اکثر حدیثونکو موافق مذہب شافعی کی پس ایک خلجان اوسکی دلمین ایسا پیدا ہوا کہ جمع کیا اوسنی فقہاء فریقین کو بیچ شہر مرو کے اور التماس کیا اونہوں سی کہ ترجیح دو نون میں سی ایک مذہب کو دین یہانتک کہ متفق ہوی سب اس بات پر کہ سامنی سلطان کی دو دو رکعتین نماز پڑہین اور سلطان والاجاہ نظر اور فکر فرماوین جسکو احسن اور مناسب معلوم کرین اوسیکو اختیار فرماوین پس قفال مروزی کہ اصحاب شافعی سی تہا اوٹہ کہڑا ہوا اور دو رکعت نماز بطہارت کامل و شرائط معتبر یعنی ستر واستقبال قبلہ ساتہہ ارکان اور ہیات اور سنت و آداب و فرایض کے بوجہ کمال جیسا کہ چاہیی اور شافعی کمتر اوس سے جائز نہین رکہتا ادا کیا بعد اسکی دو رکعت نماز بطریق ابیحنیفہ اسطرح پڑہا کہ چمڑا کتی کا بدن پر پہن لیا اور جو تہا حصہ ملبوس کا نجاست سی آلودہ کیا او نبیذ تمر سی وضو کیا اور اس سبب سی کہ موسم گرما تہا مکہیان اور پشی بسبب شیرینی خرمہ کی اوسپر مجتمع ہوئین اور وضو الٹی بجا لایا بعد اسکی استقبال قبلہ عمل مین لا کر بلا نیت بجای

کہ زمین پر ماری ٹھمر لگایا اور درمیان دونو سجدوں کی فاصلہ نکیا اور طمانینت رکوع مین بہی عمل مین نلایا اور بعوض سلام
کی ایک گوز اوڑا دیا اور کہا قفال نے کہ ای سلطان والاجاہ یہہ نماز ابیحنیفہ کی ہے پس بادشاہ نی کہا کہ اگر یہہ نماز ابی
حنیفہ کی نہوگی تو مین تجھکو قتل کر ڈالونگا اسلیئی کہ اسطرحکی نماز کوئی صاحب دین تجویز نکریگا اور علماء حنفیہ
کہ اوس جلسہ مین حاضر تہی سبہوں نی انکار کیا کہ یہہ نماز ابی حنیفہ کی نہین ہے پس قفال نے حکم کیا کہ کتابین ابی حنیفہ
اور شافعی کے بہیس کے جاوین اور سلطان سبکتگین نے ایک نصرانی کو کہ کاتب اور دیوان تہا حکم دیا کہ دونو مذہبونکی کتابین
پڑہی پس پایا سلطان نی نماز حنفیہ کے اوسی طریقہ پر کہ قفال نے پڑہی تہی پس اوس بادشاہ نی مذہب حنفیہ کو چہوڑکے
طریقہ شافعیہ کو اختیار کیا اور وہ نماز کہ جسی ابوحنیفہ نے تجویز کیا ہی جس عامی کی سامنی پیش ہو تو وہ ہرگز تجویز نکریگا انتہٰی
ترجمہ اور ابن خلکان نی تاریخ وفیات الاعیان مین بیچ ترجمہ محمود سبکتگین کے بہی اسیطور سے نقل کیا ہی اوسی کو بہی
ملاحظہ فرمائی فاعتبروا یا اولی الابصار و اعرضوا عن مذہب الاشرار * جبکہ نماز کہ ارکان دین سے ہی اور بمفاد قول قائل
روز محشر کہ جان گداز بود * اولین پرسش نماز بود * قیامت کی دن اس سے سوال کیا جاویگا تو حیف اس
فرقہ کی نادانی پر کہ ابی حنیفہ کو اپنا امام قرار دیتی ہین اور موالیان عترت طاہرین و دوستداران ائمہ معصومین
پر تشنیعات لاطائلہ فرماتی ہین اگر اسکے زیادہ ہوس ہو تو منازعت حجازی شافعی و عراقی حنفی کی کہ کتاب
مصائب النواصب مین بخوبی مسطور ہے اور رسالہ یوحنا وغیرہ ملاحظہ فرمائی چونکہ یہہ رسالہ مختصر ہے طول و بسط
مناسب نہین ورنہ یہہ ذرہ بمقدار غلام شاہ ذوالفقار تماشای قوت موالیان جناب حیدر کرار کو بخوبی دکہلا دیتا
تمہاری لئی اتناہی کافی ہے اور شبہات واہیہ کو واہی والسلام علی من اتبع الہدی **قال الناصب الغوی اللئیم**
استبصار مین ہے کہ دخول فی الدبر سی اگر انزال نہو تو مرد پر غسل لازم نہین اور عورت ہر حال مین پاک ہے
اقول بفضل اللہ العلیم اگرچہ سابق اسکی تفصیل اس مسئلہ کی ہو چکی ہے اور اپنی مقام پر ثابت ہو چکا ہے
کہ مذہب معظم اصحاب کا غسل ہے جیسا کہ شرایع الاسلام مین ہے وان جامع امرأۃ فی الدبر ولم ینزل وجب الغسل
علی الاصح اور صاحب مدارک حاشیہ مین اسکی افادہ فرماتی ہین ہذا قول معظم الاصحاب ومذہب الشیخ الی
عدم الوجوب و فی الادلۃ من الجانبین نظر والمسئلۃ محل تردد وان کان القول بالوجوب لا یخلو من قوۃ
مگر تمہاری سو یہہ توڑ نی کیواسطی فتاوای قاضی خان کافی ہے کہ وہ لکہتی ہین کہ اگر کوئی دختر صغیرہ سی جماع کری تو
محمد کی نزدیک بدون انزال کے غسل واجب نہین جیسا کہ مذکور ہوا اور بہی حنفیہ کی نزدیک وطی میتہ سی غسل واجب

۱۹۴

جماع کری تو غسل اوس پر واجب نہین جیسا بعض حواشی شرح وقایہ مین لکھا ہی واذا ولج الحشفة فی القبل و

الدبر ملفوفة بخرقة فان وجد الحرارة واللذة وجب الغسل والا فلا سبحان اللہ دخول فی القبل سے کہ التقای

ختانین متحقق ہے شافعی کے نزدیک سبب لپیٹنے لتے کی ذکر پر غسل واجب نہوا اور بعض علمآء امامیہ رضوان اللہ علیہم

دخول فی الدبر سی کہ موضع التقا نہین غسل کو واجب جانین تو وہ موجب طعن ہو ان ہذا الشیٔ عجاب

اور شاہ ولی اللہ ازالة الخفا مین لکھتی ہین عن ابی جعفر قال اجمع المہاجرون ابوبکر و عمر و عثمان و علی ما اوجب الحد

ایما اوجب الحد فی الجلد والرجم اوجب الغسل یعنی جو چیز کہ حد کو واجب کرتی ہی غسل کو بھی واجب کرتی ہے اور اسکو

ابن حجر فی فتح الباری مین بہی لکھا ہی اور سیوطی فی عین الاصابة مین ابو سلمہ بن عبدالرحمن سی نقل کیا ہی قال

دخلت علی عائشة فقلت یا امتاہ ان جابر بن عبد اللہ یقول الماء من الماء فقال اخطاء جابر ان رسول اللہ

قال اذا جاوز الختان فقد وجب الغسل انتہی در جامع الاصول مین ہے وختان المرأة اعلی فرجہا پس معلوم ہوا

کہ ختان قبل عورت اور ذکر مرد کو کہتی ہین اور لغت مین دبر پر اطلاق ختان کا نہین ہو سکتا اور غسل بسبب التقای

ختانین سی واجب ہو جاتا ہی جیسا کہ سیوطی نی لکھا پس خدمت عالی مین اہل سنن کی التماس ہے کہ کیا سبب ہے کہ

ایلاج حشفہ کا ساتھہ خرقہ کی باعث وجوب غسل نہین با خدایا مگر یہہ کہین کہ خرقہ مانع التقا کا ہے ہذا احصل لی

فی ہذا المقام بفضل العزیز العلام **قال الناصب الغوی اللئیم** ابن مطہر نے منتہی مین باجماع شیعہ لکھا کہ

جس پانی سی استنجا کیا اور اجزاء نجاست کے پانی مین مل گئے اور منتشر ہوئی تا آنکہ وزن پانی کا زیادہ ہو وہ پانی

پاک ہی **اقول بفضل اللہ العلیم** شاہ صاحب کے تقلید کر کے اس غبی نی بہی بڑی طمطراق سے

یہہ اعتراض کیا ہی اور فریب کے راہ سی طہارت کو آب استنجا کی ذکر کیا اور اوسکی شروط کو نہ لکھا یہہ غباوت یا تجاہل

سی خالی نہین اب دیکہو اوسکی طہارت کی شروط جیسا علمانی لکھا ہی ہم تمکو بتاتی ہین اول شرط یہہ ہی کہ پانی کے

ساتھہ اجزاء نجاست متمیزہ ابہی محل سے منفصل نہوئی ہون کما فی شرح الجعفریہ واعلم ان لطہارتہ شرطا

آخر و ہو ان لا ینفصل من المحل مع الماء اجزاء من النجاسة متمیزة دوسری شرط یہہ ہی کہ وہ پانی کسے

نجاست خارجی سے ملاقات نکری تیسری شرط یہہ ہے کہ وہ پانی متغیر بنجاست نہو محقق ان شرطون کے

طرف اشارہ فرماتی ہین والماء المستعمل فی غسل الاخباث نجس سواء تغیر بالنجاسة او لم یتغیر

عدا ماء الاستنجاء فانہ طاہر ما لم یتغیر بالنجاسة او تلاقیہ النجاسة من خارج پس مجموع ان شرط سے

اوسی نیکو ہم طاہر کہینگی اور اسی جہت سی کہ اکثر اوقات سفر مین اور راہون مین اوروقت عجلت احتراز اوس سی
دشوار ہی او رشحات آب بدن مستنجی پر جاتی ہین لہذا حکم ہوا کہ وہ پانی بوجود شروط بالا طاہر ہی لان الضرورات
تبیح المحظورات بعد تقریر اس مسئلہ کی کہتا ہون کہ یہہ طعن شاہ صاحب کا اونہین پر عاید ہی اول یہہ کہ اہل سنت کی نزدیک
اصل استنجا واجب نہین جیساکہ میزان مین ہے ومن ذلک قول الشافعی واحمد ان الاستنجاء واجب لکن
عند مالک وابی حنیفۃ انہ ان صلی من غیر استنجا صحت صلوتہ اور فتح الباری مین ہے ولا یشکل قولہ تعالے
وثیابک فطہر لعدم الفارق بین القلیل والکثیر لان القلیل غیر مراد بالاجماع بدلیل عفو موضع الاستنجاء
فتعین الکثیر اور امام رازی تفسیر کبیر مین لکہتا ہی الاستنجاء واجب اما بالماء او بالاحجار وقال ابو حنیفۃ
غیر واجب اور ہدایہ مین بہی یہہ مضمون مذکور ہی پس ابوحنیفہ کہ رئیس فقہاء اہل سنت سی تہا اوسکی نزدیک
نجاست موضع استنجا کی ساقط الاعتبار ٹہری اور یہی اوسکی نزدیک اصل استنجاء واجب نہ ٹہرا پس اس بنا پر
لازم آگیا کہ اگر کوئی سنی آب دست نہ کری اور بغیر اوسکی نماز پڑہی تو ہو سکتا ہی اب معلوم نہین کہ اہل سنت
جو حنفیہ کی فضلہ خوار ہین ان روایات کو کس لیے دلپشت چہوڑ کی شیعہ پر طعن فرماتی ہین ہماری پاس
کتب مذکورہ حاضر ہین شاہ صاحب کے مرید ملاحظہ فرماوین دوسرے یہہ کہ شرح وقایہ مین بعد اس امر کی کہ ابو
حنیفہ کی نزدیک فرک یابس کافی ہے اسطرح سے مرقوم ہی ہذا اذا کان راس الذکر طاہرا بان بال ولم یتجاوز
البول عن راس مخرجہ او تجاوز واستنجاء یعنی فرک یابس ہے اوس وقت طہارت ثابت ہوتی ہی کہ راس
ذکر طاہر ہو اور اوسکے طہارت کی دو صورتین پہلی یہہ کہ بول کیا ہو اور بول راس مخرج سی تجاوز نکر گیا ہو
دوسرے یہہ کہ تجاوز کر گیا ہو مگر مستنجی نے استنجا کیا ہو انتہی ترجمہ پس اس سے معلوم ہوا کہ اگر بول راس
مخرج سی تجاوز نکر گیا ہو اور استنجا بہی نہ کیا ہو تو وہ مخرج طاہر ہی پس اس صورت مین اگر کوئی استنجا کرے
تو وہ پانی استنجے کا اہل سنت کی نزدیک طاہر ہوگا اسلئے کہ ملاقی طاہر کا طاہر ہے پس اگر بنا بر طہارت مخرج کے
وہ پانی طاہر ہی تو لیا ہی ہماری نزدیک بہی بنا بر شروط سابقہ آب استنجا طاہر ہے تیسری یہہ کہ مالک
کی نزدیک اگر آب قلیل مین نجاست واقع ہو اور وہ متغیر نہو تو وہ پانی طاہر ہے جیساکہ تفسیر کبیر مین
باین عبارت موجود ہی قال مالک الماء اذا وقعت فیہ نجاسۃ ولم یتغیر بتلک النجاسۃ بقی طاہرا
طہورا سواء کان قلیلا او کثیرا اس سے صاف معلوم ہوتا ہی کہ امام مالک نے تغیر اور عدم تغیر کو مدار قلت اور
کثرت کا قرار دیا ہی جیساکہ اس بیان کو شیخ عبد الحق دہلوی نی شرح مشکوۃ مین بخوبی ثابت کیا ہی پس اگر

[illegible] طاہر نہین تو کیا قباحت ہی اور محقق شریف نے

شرح مشکوٰۃ مین اس قول کو طرف شافعی کے بہی منسوب کیا ہی و قال قال ابو حامد فی الاحیاء مذہب الشافعی
و مالک فی الماء القلیل انہ لا باس الا بالتغیر الخ اور بخاری نی زہری کیطرف بہی اسکو منسوب کیا ہی جیسا کہ جامع صحیح
مین کہتا ہی باب ما یقع النجاسات فی السمن و الماء قال الزہری لا باس بالماء ما لم یتغیرہ طعم او ریح او لون
پس اگر اس مذہب سخیف کے موجب کوئی مین کہ پانی بہرا ہو گوہ آدمی کا یا پیشاب کتے وغیرہ کا پڑ جاوے اور وہ متغیر
بنجاست نہو تو مالک اور شافعی اور زہری کی مذہب مین طاہر ہے اب اس مذہب کی سخافت کو دیکہو اور ہمپر طعن سے
باز آؤ ورنہ محققین و مصنفین اہلسنت کی کتاب کی عبارت تمکو ہم دکہاوینگی دیکہو فتح الباری کو کہ اس مذہب کی سخافت
کو قبول کیا ابو عبیدہ سی نقل کر رہا ہی حاصل اوسکا یہہ ہے کہ اس مذہب کے موجب لازم آتا ہی کہ جو کوئی ابریق مین
پیشاب کری اور رنگ اوسکا متغیر باوصاف نہو تو چاہیے کہ اوس پانی سے تطہیر جائز ہو اور یہہ بات بہت بری اور
سخیف ہے انتہی ترجمتہ سبحان اللہ اہل سنت کی نزدیک اسطرحکی سخیف باتین جائز ہون اور وہ محل تشنیع نہون
اور آب استنجا کہ وہ مشروط بشروط طاہر ہو یا معفو ہو محل طعن ہو جز تعصب کے کوئی وجہ اسکی نہین ہے چوتہی یہہ کہ

١٩٦

سابق مین معلوم ہو چکا کہ غسالہ نجاسات شافعی کی نزدیک طاہر ہی تمہاری سمجہانیکے واسطی مکرر لکہتا ہون اوسکو دیکہو
اور سمجہو کیسا صاف لکہا ہی قال الشافعی اذا اصاب الارض بول او غیرہ من النجاسات المائعۃ فصب
علیہا الماء حتی غسلہا طہرت و الغسالۃ طاہرۃ اذا لم یکن فیہا تغیر اور شرح جامع صغیر مین بہی اسیطور سی مرقوم
ہی پس اگر ہماری نزدیک یہہ مخصوص آب استنجا بشروط مذکورہ طاہر ہو تو کیا قباحت ہی پس پہلے شافعی پر طعن کرو
جو تمہارا امام ہی پانچوین یہہ کہ شافعی کے نزدیک بول صبی طاہر ہے جیسا کہ فتح الباری مین بعد حدیث اتی رسول اللہ
بصبی فبال علی ثوبہ الحدیث کی یون مرقوم ہے ان الشافعیۃ احتجوا بہذا علی ان بول الصبی لا یحتاج الی الغسل
و عن ہذا قال بعضہم بطہارۃ بولہ و قال النووی الخلاف فی کیفیۃ تطہیر الشیء الذی بال علیہ الصبی
و لا خلاف فی نجاستہ و قد نقل بعض اصحابنا اجماع العلماء علی نجاسۃ بول الصبی و انہ لم یخالف فیہ الا داؤد
و اما ما حکاہ ابو الحسین بن بطال ثم نقل القاضی عیاض عن الشافعی و غیرہ انہم قالوا بول الصبی طاہر
و تصحیح حکایتہ باطلۃ قطعا قال العینی ہذا انکار من غیر برہان و لم ینقل عن الشافعی وحدہ بل نقل
عن مالک ایضا ان بول الصبی الذی لا یطعم طاہر و کذا نقل عن الاوزاعی انتہی اب معلوم ہوا کہ بعض علماء

بھی علماء اہل سنت کی توثیق، بول خفاش اور گوہ اوسکا نہ تو پانیکو فاسد کرتا ہی اور نہ جامہ کو جیسا کہ فتاوی عالمگیریہ میں
ہی بول الخفاش وخرؤه لا یفسد الماء والثوب وزہی مالک اور احمد کی نزدیک جو کتا کہ پانیمین رہتا ہی حلال
ہی جیسا کہ کتاب رحمۃ الامۃ فی اختلاف الائمۃ مین مرقوم ہی قال مالک یوکل السمک وغیرہ حتی السرطان والضفدع
وکلب الماء وخنزیره ولکنه کره الخنزیر الخ یعنی کہا مالک نے کہ مچھلی اور کیکڑا اور غوک اور کتا پانیکا اور خنزیر
پانیکی ماکول اللحم سی ہین پس جب کہ یہہ سب ماکول اللحم سی ہوئی تو انکا عذرہ بھی نجس نہ ہوگا اس بنا پر لازم آتا ہی کہ
چمگادر کا پیشاب اور ریکتی کا گوہ ملا کی معجون طیار کرین یا فالودہ بناوین تو اہلسنت نوش فرماسکتی ہین ہذا رجس من
عمل الشیطان چھٹی یہہ کہ سابق مین بخوبی ظاہر ہوا کہ ابی حنیفہ کی نزدیک اگر ربع ثوب آلودہ نجاست ہو تو کچھہ باک
نہین نماز اوس سے جائز ہی جیسا کہ رسالہ ابو المعالی جوینی سے اور حکایت سلطان یمین الدولہ سی ثابت اسکا بخوبی
ہو چکا اگر امامیہ رضوان اللہ علیہم بھی معفو ہونی آب استنجا یا طاہر ہونی بشرط مذکورہ کی قایل ہون تو کیا عجب
طعن ہی ساتوین یہہ کہ فتاوی بزازیہ مین ہے اناء طاهر ونجس صبا والتقیا فی الهواء او علی الارض او صب
علی یده ماء قمقمة فامتزج بالبول قبل وصوله الی الید فهو طاهر بلا وقانه حال الجری یعنی دو ظرف
ہون کہ ایک مین بول بہرا ہوا اور ایک مین پانی اور دونکو ساتھہ ہی مین پر ڈھلکا دین اور دونو ملجائین یا یہہ کہ کوئی
شخص پانی قمقمہ کا اپنی ہاتھہ پر ڈھلکا دی اور قبل اسکی کہ وہ پانی ہاتھہ پر پہونچی پیشاب سے ملجائی تو یہہ پانی بوقت
جریان ساتھہ ملاقات نجاست کی طاہر ہی نہایت رحمۃ بلکہ ابو بکر ظہیر الدین اسحق ابن ابی بکر وغیرہ تقریر اس مسئلہ کی
اپنی بعض فتاوی مین تحریر کر چکی ہین اس قاعدہ کلیہ کی موافق آب استنجا سنیون کے نزدیک بھی طاہر ہوا اگرچہ
متاخرین اہل سنت ظاہر انکار کرتے ہین الا متقدمین اپنی مصنفات مین تجویز فرماتی ہین آٹھوین یہہ کہ آپ اگر
قاضی خان کی فتاوی کو نہین دیکھہ سکتی تو اپنی رشید ونسی پوچھہ لیجیی کہ اوسمین یہہ عبارت لکھی ہے یا نہین اما الاختلاف فی
طہارة الماء المستعمل ونجاسته قال ابو حنیفة وابو یوسف رحمهما الله فی المشهور عنهما نجس وقال
محمد رحمه الله طاهر انتهی پس جب آپ کا مفتی محمد نامی فتوی دیچکا کہ آب مستعمل طاہر ہی تو کیا آب مستعمل مین آب
استنجا داخل نہین ہی ہرگز ایسا نہین ہو سکتا بلکہ اس عبارت کی بعد اس مسئلہ کی تفصیل بقید آب استنجا اوسمین مذکور ہے
کہ آب استنجا اگر کپڑی مین لگا ہو اور درہم سی کم ہو تو سبکے نزدیک نماز اوس کپڑی سے جائز ہی زیادہ. والسلام

قال الناصب الغوی اللئیم صاحب تحفہ نی لکھا کہ شیعہ کی نزدیک اگر پیشاب کرنے مین
داڑہی یا مونچھہ یا رخساری یا بدن پر کچھہ قطرہ بول یا مذی کی اوڑ کر پڑی تو دہونیکی حاجت نہین نماز

[illegible] ... ہوں ... کل عقلمند پر مخفی نہ رہی کہ تفصیل اس مسئلہ کی طرف صاحب تحفہ
کی پہچانے اسلئے کہ جتنی مسائل اس غبی نے باہتمام پر ذکر کئی ہیں لفظ بلفظ تحفہ سے مسروقہ ہیں مرقوم ہیں اور
جیسا کہ صاحب تحفہ نے عربی سے فارسی میں ترجمہ کر کے تحفہ مسروقہ بنایا ویسا ہی اس غبی نے فارسی سے ہندی
میں ترجمہ کیا میں کہتا ہوں یہہ کہنا شاہ صاحب مترجم صواقع کا افترا اور بہتان صریح ہے کس کتاب میں یہہ
مسئلہ موجود ہے نشان دو اور ایسے بیہودہ گوئی و بہتان سازی سے باز آؤ اور طہارت مذی کا حال سابق
اسکی مذکور ہوا اعادہ کی حاجت نہیں **ف** مخفی نرہی کہ بعض روایات امامیہ سے مفہوم ہوتا ہے کہ جس کپڑے میں
مذی لگی ہو اوسکا دھونا ضرور چاہئے اور وضو پھر سے کرنا چاہئے پس مقصود اوس سے یہہ نہیں ہے کہ مذی ناقض وضو
ہے بلکہ وضو علی سبیل الاستحباب ہے جیسا کہ امام مالک کے نزدیک کتا پاک ہے اور جس ظرف کو وہ اپنی زبان سے چاٹے
اوسکا دھونا واجب نہیں بلکہ تعبدی ہے جیسا کہ کتاب رحمۃ الامۃ فی اختلاف الائمۃ میں مندرج ہے وہ یہ ہے **قال
مالک وهو طاهر لا ينجس ما ولغ فيه لكن يغسل الاناء تعبدا** یعنی کتا امام مالک کے نزدیک پاک ہے اور جس ظرف کو
وہ اپنی زبان سے چاٹے وہ ظرف نجس نہیں مگر احتیاطا یہہ ہے کہ اوسے دھو ڈالیں پس فما نحن فیہ میں بھی ایسا ہے علاوہ
اسکی یہہ ہے کہ سنیوں کے نزدیک بہت سے مسائل فقہیہ میں تسہیل واقع ہے دل لگا کے سنئے کہ ابی حنیفہ کے نزدیک
ربع ثوب کا اگر نجاست خفیفہ سے آلودہ ہو تو نماز اوس سے پڑھ سکتے ہیں اور آب استنجا بھی نجاست خفیفہ
سے ہے جیسا کہ بعض فتاوای سنیہ میں مسطور ہے **المستعمل على ثلثة اوجه مستعمل وهو نجس نجاسة
خفيفة بالاتفاق كماء الاستنجاء** پس اگر ربع ثوب آب استنجا سے آلودہ ہو تو حنفیہ کے نزدیک نماز اوس سے
جائز ہے اور عبد الحق دہلوی ترجمہ مشکوۃ میں باین عبارت مصرح ہے کہ مذہب اصحاب ظواہر آنست کہ آب پلید
نمیگردد بہیچ چیز و بہیچ حال خواہ روان باشد و یا ایستادہ کم باشد یا بسیار خواہ تغیر یابد رنگ و بوی و مزہ وی
یا نیابد انتہی اور اہلسنت کے نزدیک اگر کوئی شخص منے کو اپنی ریش میں ملے یا بطور چٹنی کے اوسے چٹنی کرے تو
ہو سکتا ہے جیسا کہ شافعی کا مذہب ہے اور بھی اگر کوئی سنی گوہ سگ آبکا اپنی مونچھ میں لگائے تو کچھ باک
نہیں جیسا کہ مذہب امام مالک کا ہے خلاصہ یہہ ہے کہ اس غبی نے جو یہہ مسئلہ ذکر کیا ہے کہیں کتب امامیہ میں پایا نہیں
جاتا اور طہارت مذی کی موافق ہے مذہب احمد کی جیسا گذرا اور معارض ہے طہارت منی کی جیسا شافعی نے
لکھا ہذا احصل لے فی ہذا المقام بفضل العزیز المنعام **قال الناصب الغوي اللئيم** اور اسیطرح
[illegible]

اقول بفضل اللہ العلیم یہہ مسئلہ کہیں کتب امامیہ مین پایا نہین جاتا ہی فضلہ خوار کو چاہئی کہ نشان
کتاب کا دی اور بغیر پتہ و نشان کی مسلم نہیں اگر شاید اپنی زعم مین طہارت آب استنجا پر اس مسئلہ کو متفرع کیا ہو تو یہہ خیال
خام ہی اسلئی کہ طہارت اوسکی مشروط بشروط سابقہ ہی کہ اجزا فضلہ کی منفصل نہوی ہون اور متغیر بنجاست نہو اور
ظاہر ہی کہ جہہ بچہ کا گوہ تو بلاشبہ نجس ہے پس یہہ مسئلہ اوسپر کیونکر متفرع ہو سکتا ہی تمہارا اسمین کچہہ قصور نہیں بھی
شاہ صاحب بہی واسطی جتانی اپنی مریدونکی اسطرحکی اکاذیب باتین باندہتی آئی ہین انبیا قیاس و سرو برلیجانا تمہاری
عادت موروثی و آبائی ہے دیکھئی کہ مالک کا مذہب یہہ ہی کہ آب قلیل مین اگر نجاست پیشاب یا گوہ وغیرہ کی گری
تو بغیر تغیر اوصاف کی نجس نہیں اس بنا پر البتہ اگر کوئی سنی جہہ بچہ پالک مین غوطہ لگائی تو غواص للطہارت کہلائی
مالک کا قول اسمقام پر فقط واسطی سونہہ توڑنی تمہاری کی لکہا گیا ورنہ تکرار کی حاجت نہی قال الناصب العنود
اللئیم اور اگر آش بقدر تین پاؤ کی پکاوین اور اوسمین ایک پاؤ دم مسفوح ملاوین یا گہوڑی یا گدہی کا پیشاب ڈالین
تو وہ نجس نہین آخ تہوع ہست ہر گندہ بری راگندہ خور اقول بفضل اللہ العلیم جہہ بچہ ای سونہہ مین گوہ
اس فضلہ خوار کا قول علی الاطلاق صحیح نہیں دیکہو راہ مسئلہ کی ہم تمکو دکہاتی ہین کہ بعض علماء امامیہ جو جواز کے
قایل ہین اوسوقت مین کہتی ہین کہ دم مسفوح غلیان کی سبب سے جاتا رہی جیسا کہ صاحب شرایع کتاب الاطعمة
والاشربہ مین لکہتی ہین ولو وقع قلیل من الدم کالاوقیة فما دون فی قدر وهی تغلی علی النار قیل حل مرقها
اذا ذهب الدم بالغلیان و من الاصحاب من منع الروایة وهو حسن اور آب تو ایسا علی العموم اس مسئلہ کے
نسبت طرف امامیہ کی تمکو فضلہ خوار کہنی کے وجہہ جز اسکی نہیں ہے کہ تم بموجب فتوی شافعی کے حلال خور ہو
کر سنی کو ظاہر سمجہہ سکہ کہاتی ہو ابی یوسف کے روایت نہیں دیکہتی کہ اوسنی کہا ہی اگر طباخ دیگ مین شراب غلیظ
کو چہوڑی بعد اسکی تین مرتبہ جوش کیجاوی تو شوربا اوس دیگ کا طاہر ہی اس جیسا اختلاف کہ ہماری مذہب مین
اس مسئلہ خاص مین ہی ویسا ہی تمہاری یہان بہی ہے پہر ہمپر اعتراض کرنا اپنی خفت مٹانا ہی اب دیکہو کہ مالک
کی نزدیک اگر پانی دیگ مین بہرا ہو اور اوسمین لتہائی حیض یا نفاس گر پڑین تو وہ پانی پاک ہے بشرط اسکی کہ تغیر
نہو پہر اس گر بقول تمہاری تین پاؤ پکاوین اور اوسمین جو ہے پانی کہ جسمین لتہائی حیض سے ملاوین تو فضلہ خواری
مالک کے مقتضی اس بات کی ہوگی کہ وہ آش نجس نہو سنیونکو کہانا اوسکا چاہئی امام مالک کی طرف سے امام رازی تفسیر
کبیر مین لکہتا ہی قال مالک اذا وقعت فیہ نجاسة و لم یتغیر بتلک النجاسة بقی طاهرا طہور سواء کان
قلیلا او کثیرا و هو مذهب اکثر الصحابة و التابعین اور بعض فتاوی اہل سنت مین ہے البعرة اذا وقع

۲۰۰

وقع فی اللبن فاستخرج من ساعتہ لا باس بہ لما فیہ من الضرورۃ لان فیہ عموم البلوی اور یہی اہل سنت کے
نزدیک اگر دیگ مین شوربا ملیدا رہو اور کتا اگر اوسمین گر پڑی تو امام مالک کے نزدیک وہ نجس نہین اسلئی کہ سگ
اوسکی زعم مین طاہر ہی جیسا کہ کتاب رحمۃ الامۃ وغیرہ سی ثابت ہو چکا سگ زندہ برادر شغال اسیکو کہتی ہین علاوہ اسکی کہنا ہون
کہ فاضل تمیمی مرزا محمد صاحب طاب اللہ ثراہ اسکی جواب مین فرماتی ہین کہ نزد حنفیہ اسماعیل بقرہ مشہور است اگر گا
گوسفند مذبوح باید مزوج شود و خوردن آن حلال است بعد تجربہ البشر طیکہ قدر متیقہ کمتر باشد و بنصف نرسد و این حکم
در حالت اختیار است و ہمچنین در کتب معتبرہ فقہ حنفیہ مانند شرح وقایہ وکافی و غیر آن مذکور در شرح وقایہ فرمودہ
و فی غنم مذبوح فیہا میتۃ ہی اقل تحری واکل فی الاختیار اما فی الاختیار لا یحل اکل المیتۃ
فی حال الاضطرار ہی اور بعد اسکی کافی کی عبارت سی یہی مرزا صاحب مغفور سند لاتی ہین بسبب خوف اطالت کے
اتنی ہی پر اکتفا کیا اگر تفصیل منظور ہو تو اوسمین ملاحظہ فرمائی باقی رہا بول خر وہ ہے سب کہ خرنا شخص نے بتقلید
شاہ صاحب کے لکھا ہی تو اسکی جواب مین اتنا ہی کافی ہے س خر عیسی اگر بمکہ رود + چون بیاید ہنوز خر باشد
اسلئی کہ بیچارہ غبی ایسی حالات خانگی سی بہی واقف نہین اور جناب شاہ صاحب کی تو عقل و فطانت سی بعید بلکہ
ابعد تہا کہ ایسی مسائل کی تشنیع طرف امامیہ کی فرماوین ہدایہ مین کہ فی زمانا درس تدریس اوسکا ہی ہے محمد
شیبانی سے منقول ہے قال بول الفرس و کل ما کول اللحم طاہر یعنی پیشاب گہوڑیکا اور سب جانوران ماکول اللحم
کا طاہر ہی اور کافی مین ہے ان محمدا افتی بان روث الدواب وخثی البقر وبعر الغنم والابل طاہر اسمین تعارض لازم
آگیا کہ اگر آشنا کی اوسمین بول و رجار پایوں کی سرگین چہوڑین تو کچہ باک نہین اب فرماتی کہ ہم آج تو
آپ پر کرین یا آپکے مقلدیوں پر جنہوں نے ایسی فتاوی دیی ہیں س جب کہ مالک کے ہوئی تم فضلہ خوار +
جیفہ خوار ہی سے عبث ہی ہمکو عار + حیف ہے کہ تم اپنی پیرونکی اقوال نہین دیکہتی عبث عبث کرتی ہے
راہ راست چہوڑ کی دم ہلاتی ہو نام علماء کا اپنی بدنام کرتی ہو گدہی کے پیشاب کو نجس جانتی ہو خرنا شخص کسیکو
کہتی ہین ایسی موقع مین استاد نے سچ کہا ہی س اسپ تازی شدہ مجروح بزیر پالان + طوق زرین
ہمہ در گردن خر می بینم + قال الناصب الغوی اللئیم اور جو پانی کہ بعد رکی ہو اور اوسمین آب
استنجا اور خون حیض اور مذی اور بیٹ جانوروں کی بی شمار پڑی ہون اور گہل مل گئی ہون اور کتی نے
بہی اوسمین پیشاب کیا ہو اگر اوس پانی سے آش یا فالودہ بنا دین اور روزہ افطار کرین تو کچہ قباحت نہین

طرف کی تشنیع طرف امامیہ اثنا عشریہ کی تحریر فرمادین کسو طبیعہ باتفاق فریقین یہہ امر مقرر اور ثابت ہی کہ آب
کثیر بمجرد تغیر اوصاف کے نجس نہیں ہوتا اختلاف اگر ہی تو اسمین ہے کہ کثرت آب کے کسقدر پانی سے متحقق ہوتی ہے
امامیہ کہتی ہین کہ ہرگاہ پانی کر تک پہونچی تو وہ پانی کثیر کہلائیگا اور کر کی وزن امامیہ کی اعتقاد مین ایک ہزار
اور دو سو رطل عراقی ہے جیسا کہ شرایع مین ہے اور اہل سنت کی نزدیک جب پانی قلتین کو پہونچی تو وہ پانی
کثیر ہو جائیگا اور تحدید قلتین کے سنیونکی نزدیک چار مشک یا پانچ مشک علی اختلاف القولین ہی اور بعضی قلتین
کی تحدید اور طرح سی بیان فرماتی کہ وہ اپنی مقام پر ثابت ہی یہانسی واضح ہو گیا کہ سنیونکی نزدیک بہی اگر پانی قلتین
تک پہونچا ہو اور اوسمین خون حیض و نفاس وغیرہ پڑی ہوں تو روزہ دار اوس پانی سے افطار کر سکتی ہین یا شربت
وفالودہ بنا کی پی سکتی ہین اب بیان ہے شاہ صاحب کے فضیلت مین بٹہ لگ گیا اب بعد جواب کے تم اپنی چالا
قبیحہ کو دیکہو مالک کے نزدیک اگر پانی قلیل ہے ہو و متغیر بنجاست نہوا اور اوسمین خون حیض اور بیٹ جانورونکے
پڑی ہوں تو اوس پانی سے وضو کر سکتی ہین چنانچہ امام رازی کے عبارت سے انفا ثابت ہو چکا اور شیخ عبد الحق دہلوی نے
فی لکہا ہی کہ مالک کے نزدیک معیار قلت اور کثرت کا تغیر اور عدم تغیر پر ہے جیسا کہ پیشتر معلوم ہو چکا لیس ای
تمنی فہرست شنایع سی کیوں خارج کیا شرح مسند شافعی مین آنکہہ کہول کے دیکہو ذهب طائفة الی ان القلیل
والکثیر سواء لاینجس الا بالتغیر وهو قول عن ابن عباس و حذیفة وابو هریرة والحسن البصری وابن
المسیب وعکرمة وابن لیلی وجابر بن زید والیه ذهب مالک والاوزاعی والثوری وداؤد اور بعضے
علماء اہل سنت نی جب ملاحظہ کیا کہ یہہ قول اکابر کا ہو رہا ہے تو اوسپر خود طعن کیا جیسا کہ فتح الباری مین باب
ما یقع النجاسات فی السمن والماء مین اسطرح پر مرقوم ہی تشنع ابو عبیدة فی کتاب الطهور علی من ذهب الی هذا بانه
یلزم منه ان من بال فی ابریق ولم یغیر للماء وصفا انه یجوز له التطهیر به وهو مستبشع اور سابق اسکے
یہہ بہی واضح ہوا کہ عہد کرامت عہد جناب سرور کائنات مین بموجب مذہب حنفی آب بیر بضاعہ سی لوگ
وضو کیا کرتی تہی اور اسی روایت کو محدثین اہل سنت مانند ترمذی وغیرہ کی نقل کرتے ہین چنانچہ سابق مین
شرح مسند شافعی سے کہ تصنیف صاحب جامع الاصول کے ہی ثابت ہو چکا ہی اور بیر بضاعہ مدینہ منورہ مین ایک
چاہ تہا کہ اوسمین لتہای حیض وغیرہ چہوڑی جاتی تہے حقیقت تو یہہ ہے کہ یہہ روایتین اہلسنت کی لائق مضحکہ
نسوان اور العوبہ الصبیان ہین قال الناصب الغوی اللئیم چلپی نے تذکرہ مین لکہا ہی کہ جس
[illegible] کا خمر پانی [illegible] سے [illegible] پاک [illegible] انتہی اقول الغضب الحقد العلیم کیا خوب [illegible] جال

۲۰۲

جاہل آپ کی یہہ علامہ نے کہی سبیل الفتوی نہیں لکہا ہی بلکہ تذکرہ میں علی سبیل التذکرہ لکہا ہی جیسا رجوع سی اوس کتاب
کی ظاہر ہوتا ہی اور جو شخص کہ علامہ کیطرف اسکی نسبت دیتا ہی وہ دلیل و برہان لاوی بغیر اسکی مسلم نہیں اور باوجود روایت
اسکی کہ ضعیف ہے پہر بہی طہارت پر دلالت نہیں کرتی اسلیئی کہ سوال راوی کا مخصوص وس آب چاہ سے
ہی کہ موش یا دواب اوسمین گر پڑین اور اوس پانی سے آرد کا خمیر بنا دین اور جواب مین اوس راوی کی جو قول ائمہ ارشاد
ہوا ہی مطابق اوسکی سوال کی ہے اسلیئی کہ اوس جواب کے بنا استنباط پر ہی کہ آب چاہ بمجرد ملاقات نجاست کے نجس نہیں
ہوتا اور بہت سی علماء اہل سنت بہی اسکی قائل ہین دیکہی قاضی خان کی فتاوی کو کہ ہذا عبارتہ اما الاحواض فقال
مالک رحمہ اللہ البیر بمنزلۃ النہر الجاری لا یفسد ماؤہ بوقوع النجاسۃ فیہ ما لم یتغیر طعمہ او لونہ او ریحہ انتہی
پس معلوم ہوا کہ اون جب تک پانی سی واقع ہو وہ پانی طاہر ہے صاحب شرایع الاسلام فرماتی ہین و لو عجن بماء النجس
عجینا لم یطہر بالنار اذا خبز علی الاشہر اور مسالک مین لفظ علی الاشہر پر یون مرقوم ہے و ہذا ہو الاشہر بل المذہب
وانما خالف فی ذلک الشیخ فی النہایۃ فی باب الطہارۃ فحکم بطہرہ بالخبز ورجع عنہ فی الاطعمۃ والاشربۃ منہا
فحکم بعدم طہرہ و مستندہ علی الطہارۃ روایۃ مع ضعف سندہا لا دلالۃ فیہا علی ذلک والقول بالطہارۃ نادر فقط
لہذا اس عبارت سی صاف معلوم ہوتا ہی کہ قائل اس قول کا سوای شیخ طوسی کی کوئی نہ تہا اول زمانہ مین طہارت
کی قائل تہی بعد اسکی پہر نجاست کی قائل ہوئی خلاصہ یہہ ہی کہ قول نجاست مشہور و معتمد ہی اور طہارت کا قول
اوس مذہب مین شاذ و نادر ہی علاوہ یہہ کہ آپکو اس مقدمہ مین ہم پر اعتراض کرنا فضول ہے اسلیئی کہ اسطرح کی حیلے
تمہاری مذہب مین موجود ہین چنانچہ فصل نجاسات مین قاضی خان لکہتی ہین کہ اگر تنور نجس سے تر ہو اور روٹی
تر ہونیکی اوسمین روٹی پکا دین مگر شرط یہہ ہے کہ روٹی گیہون یا جو کی ہو تو کچہہ باک نہیں کما قال وان الصقت الخبز
التنور حال قیام البلۃ بالخبز تنجس وقیل ان کان الخبز خبز حنطۃ او شعیر لا یتنجس الخ یہہ عبارت صریح ہی کہ
بعضے سنی قائل ہین کہ جو کی روٹی تنور نجس مین درحالیکہ تنور تر ہو پکی تو اوسکا کہانا کچہہ قباحت نہیں عبث ہم پر
اعتراض کرنا خالی عناد سی نہیں اور عجیب تمہاری مذہب مین جو بضاعۃ میں کہ بلا شبہہ اوسکا پانی نجس ہے وضو
اور طہارت جائز ہی تو خمیر بہی اوس پانی سی بطریق اولی جائز ہوگا اور کیا آپ شیخ عبد الحق دہلوی کی عبارت
شرح مشکوۃ مین جسکا حاصل یہہ ہی بہول گئی کہ مذہب ظواہر کا یہہ ہی کہ پانی نجس نہیں ہوتا کسی چیز سے
اور کسی حال سے خواہ رواں ہو یا ایستادہ قلیل ہو یا کثیر متغیر ہو رنگ و بو اوسکا یا نہیں کما مر غیر مرہ
اس بنا پر لازم آتا ہی کہ اگر پانی متغیر بنجاست سے کہ بلا شبہہ نجس ہے اگر کوئی خمیر بنا دی تو وہ روٹی نجس

نہیں اور طرفہ یہ ہے کہ فتاوای عالمگیریہ و قاضی خان میں ہے کہ اگر چوہے کی مینگنی گندم میں ملا کر
آٹا بنا دیں اور طعم اوسکا متغیر نہو تو کچھ اندیشہ نہیں اور ابو لیث فی فتوی اسکا یہ ہے

فارۃ بعر الفارۃ وقعت فی وقر الحنطۃ فطحنت البعرۃ فیہا او
وقعت فی دہن لم یفسد الدقیق ما لم یتغیر
طعمہا قال الفقیہ ابی اللیث وبہ ناخذ

انتہی اب تشنیع کرنا شیعیان اثنا عشریہ
پر ان مسائل مذکورہ میں محض بیجا ہے
سنی کو چاہئے کہ اپنے حالات
خانگی کو ملاحظہ کرے
کہ کسقدر مسائل پوچ
و لچر انکے عالموں نے
کتابوں میں لکھے
ہیں اور اوسپر تشنیع
بھی ہماری کرتے ہیں
فی ہذا الباب
لی
آخر ما حصل
فی ہذا المقام
بتفضل العزیز
العلام

تمت روز جمعہ ۱۷ ماہ ذی قعدہ سنہ ۱۲۰۱ ہجریہ نبویہ ۳

شام غریبان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اجازت او خیال قاصد دل
مضامین لیے ہین فکرِ رسا سے
مہ و خورشید و سایہ کو فلک زار
بلند و پست سب اوسنے بنایا
کیا پیدا نشانِ بے نشان کا
کسی کو عشق کی لذت عطا کی
کہیں ای سیکڑون جلوے دکھا کی
تماشا دوستِ یارِ خو نما ہے
کہین ہے ہمتِ اخوانِ یوسف
کہین ہے التماسِ شوقِ دیدار
سنبھل اے مست خوشِ پیمانہ شوق

اگر آپہونچا وہم تکلیفِ مشکل
زبان جنبش مین ہے حمد خدا سے
سکھایا ہی قدم اندازِ رفتار
عدم سے عالمِ ہستی مین لایا
دکھایا رنگِ نیرنگِ جہان کا
مزا دیتی رہی اندوہ و ہنا کی
مٹائین صورتین کیا کیا بنا کے
تصور جن کے پہرتا جا بجا ہے
کہین ہے عصمتِ دامانِ یوسف
کہین ہے مجرمِ اسرار انکار
خراب بادہ خمخانہ شوق

طبیعت پھر مری کچھ نازپر ہے
بنایا جسنے کن سے دو جہان کو
طلسمی کارخانہ اک بنا کے
جہان مین اہلِ بینش کی عجب گو
دیا سامان شاہانہ گدا کو
دکھائی جلوہ ہای حسنِ خوبان
نہ غافل ہے نہ ہے فرزانہ باقی
کہین شوکت ہے شانِ انبیا کی
شرارِ شعلہ افزا ہے کہین وہ
کہین طالب کہین مطلوب ہے وہ
زیادہ تر نہی رخصت قلم کو

کوئی مطلب مگر آغاز سے ہے
کیا پیدا زمین و آسمان کو
قطرے سے چہپا صورت دکھا کے
وصال و ہجر بخشا روز و شب کو
بنایا خاکِ ویرانہ کسی کو
بنایا صورتِ آئینہ حیران
فقط عالم مین ہے افسانہ باقی
کہین عظمت ہے ذکرِ اولیا کی
ادیبِ ہوشِ موسی ہے کہین وہ
غرض ہر رنگ مین کچھ خوب ہے وہ
ہے وحدت کی بدلی کھینچ دم کو

الهی دی کوئی دل سر بسر جوش
برنگ زخم خندان ستم فراموش

ہمیشہ سایۂ خنجر مین تڑپے
اگر محشر بهی ہو محشر مین [illegible]

وہ دل ہو جو ستم کو ناز سمجهے
وہ دل ہو سوز کو جو ساز سمجهے

سدا ناکامیون سی کام رکهے
جو نکلی کام کوئی نام رکهے

ہمیشہ رسوائی حال زبون ہو
بہائی اشک تدبیر جنون ہو

بنی موج ہوای پا یمالے
سنی زنجیر کی ہرزہ خیالی

جنون انگیز وہ سامان دکھائے
خیال ہلاک مجنون مین نہ آئے

نہو پامال غم کی بیر کشتی سے
اوٹھائی ناز دشمن بهی خوشی سے

رہی ونرات خود دیوانہ اپنا
برنگ شعلہ ہو پروانہ اپنا

نہ ہم آغوش ہو جانان سی اپنے
پشیمان ہو رہی ارمان سی اپنے

برہی گرد بدگمانی چشم تر کے
قسم کہائی سر داغ جگر کی

سنائی شادیان رنج و محن سے
اوٹھائی عیش لخت داغ [illegible]

نہو کام مذاق تلخ کامی
رہی ہر مدعا مین ناتمامی

حباب آسا طلسم یک نظر ہو
کرا پنی جنبش دامان سی [illegible]

دکھائی اضطراب وقت مشکل
رہی سینہ سدا آغوش بسمل

ترقی خواہ تکلیف جفا ہو
بلا گردان سامان قضا ہو

نہین بس آشنا سپر بهی خاطر
لب مضمون سی ہی کچهہ آو ظاہر

اجل ہو مہربان دشمن کو بدلی
کفن مجکو ملے دامن کی بدلی

برنگ شمع کشتہ بعد مردن
بنی فانوس تن آغوش مدفن

لحد سی اوٹھکی بهی مضطر بنون مین
غبار عرصۂ محشر بنون مین

نہ آنکھون مین نشان خواب دیکھون
اگر دیکھون کبهی تو آپ دیکھون

رہی سر پر ہجوم مہ جبینان
نہو ہر دم تقاضائی حسینان

نہو تسکین کی بری ہمراز مجهے
رہین راضی نیاز و ناز مجهے

رگ سودا جنون مین خون کو ترسے
سنی طعنے زبان نیشتر سے

گرین لخت جگر آنکھون سی باہر
برنگ اشک بلبل پهول ہو کر

نہ چھوٹی مجهسی تا انجام ہستی
بشکل آئینہ صورت پرستی

نہ دیکھون شکل ارباب ریا کے
حریص خرقہ مشتاق عبا کے

عمامہ قہر ہو جبہ بلا ہو
ورازی ریش کی عرض [illegible]

رہون زندہ تمنای قضا سے
امید یاس ہو حرف دعا سے

نہی پیدا کرون ابرو کی صورت
پریشان دل رہون گیسو کی صورت

رہی مثل گریبان چاک دامن
پہرون تا عمر ہستی پاک دامن

کرے دامان صحرا سر پرستی
دکھائی مستیان ویرانہ [illegible]

قیامت لائی سر پر داغ سودا
بنی خورشید محشر داغ سودا

مرون تیور اگر بدلین الم کی
رکی سینی مین دم زنجیر غم کی

شفای دل ہو بیتابی کا آزار
شکیبائی رہی صورت سی بیزار

اجل سامان شادی کا سبب ہو
حصف ماتم صف بزم طرب ہو

پشیمان چارہ گر بالین سی اوٹھی
مسیحا چشم تر بالین سے اوٹھی

نکلجائین سب ارمان محو ہو کی
اجل آئی مری معشوق بن کے

رہین نا آشنا لب مدعا سے
زبان ہو گنگ حرف التجا سے

بنون اپنی شکست دل کی آواز
رہی چهیڑی میر اختر گ ناز

بہر مین رہتی یہ جنس بی سری کی
اوٹھاؤن ناز قحط مشتری کے

یہانتک کاہش تن مہربان ہو
کہ میری یاد بهی خواب گمان ہو

[illegible] پنہانی جیب دکھاؤن
تصور کی تصور مین نہ آؤن

چهپون جس وقت مثل نکہت گل
بنی مدفن زیارت گاہ بلبل

[illegible]
[illegible]

[illegible]
نہ لون احسان سودای [illegible]

کبھی کر شوقِ عرضِ التجا مین
زبان ہو مائلِ ذکرِ پیمبر
ادہر آو خیالِ پاک دامان
ادب نی اور ہی جلوہ دکھایا
مبارک باد و نعتِ مصطفےٰ ہے
زمین و آسمان زیرِ قدم ہے
ہوئی کاغذ سے جب اعجاز خواہی
لکھون کیا فرقِ ذاتِ کبریا لے
نی بخشش اگر ایما فقط ہو
فدا ایسے مسبب بے سبب کے
بہت کچھ ہو چکی غفلت پناہ ہے
سوادِ مردمِ چشم بتان ہون
ہوس ہے روضۂ انور کو دیکھون
بناؤن توتیائی چشم بیخواب
پہونچ ساقی کہ وقت نوش آیا
سبو ساغر اور تھا بہر تلافے
کہ اکدن التفاتاتِ جہان سے
عدم کی راہ لی رنج و تعب نی
بشکلِ روحِ ادریس و مسیحا
کبھی جبریل کا ہم آشیان تھا
کبھی تھا عالمِ حیرت مین خاموش
جگہ دی مسندِ عزت اثر پر

کرو دی طولِ زلفِ مدعا مین
زبان نعتِ سلطانِ امم ہے

نعت جناب سید المرسلین خاتم النبیین احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

چراغِ ہوش کو خاموش پایا
خدا را زیرِ مضمون روشن
زبان پر نغمۂ صل علیٰ ہے
سکھایا جسنے ہمکو دین اسلام
شبِ معراج سیر نہ قدم ہے
یہانتک فرد یکتائی مین پایا
ملیون نی دی نبوت کی گواہی
احد نی میم احمد کو ازل مین
نہین گنجائشِ حرفِ جدائی
نہ کم ہو گی طفیلِ شوق بیجد
بلاغت نامۂ عصیان غلط ہو
فقیر ہین و یا شاہونکو انجام
تصدق عالمِ اُمّی لقب کے
خدارا ای شہنشاہِ دل افروز
بہت دیکھا عتابِ کم نگاہ ہے
یہانتک جوشِ محرومی عیان ہے
سویدای دلِ ہندوستان ہون
عروس یاس ہم آغوشِ دل ہے
جبین آستان پر سر کو دیکھون
طوافِ مرقدِ شاہ نجف ہو
غبارِ آستانِ پاک اصحاب
حضور صا جانثاران پیمبر

سبب تالیف کتاب ہو

زبانِ شکوہ و ہوئی آصبا نے
سنبھالون خاطرِ پر جوش کو مین
ملی فرصت جفائی آسمان سے
تسلی کا ہوا جب مرثیہ جگر پیر
مبارک باد دی عیش و طرب نے
دل آسودہ مثلِ اہلِ ادراک
تماشا ہے ہوا نور قدم کا
ہوئی پیدا اثرِ حسن نگھون کے
کبھی عنقا ہی دشتِ لامکان تھا
کبھی رو حانیون سے ساز کرتا
بشکلِ طوطیِ دستان فراموش
ورِ معنی پر آیا جب بہ تکریم
قدم چومی ہوا قربان سر پیر
پسِ عرضِ نیاز و دستانہ

سر خامہ نی تسلیم خم ہے
دہن ہے حلقۂ گرداب کوشش
تکلف ہو چکا تحریفِ احسان
کہ پہیلائی ہوئی ہین حرف و آن
سنائی امر یعنی حق کے پیغام
کہ سایہ بہی نہ پابوسی کو آیا
عنایت کی جگہہ دل کی بغل مین
تیار کبر یا نازِ محمد
پڑہا ہر علم بے تفہیم و افہام
ادہر بہی یک نگاہ معصیت سوز
کہ مجھی بدگمان سیر الگمان ہے
مری امید مجھسے منفعل ہے
غمِ ناکامیِ دل برطرف ہو
ابو بکر و عمر و عثمان و حیدر
تری غفلت سے مجھکو ہوش آیا
کرون گویا لبِ خاموش کو مین
ہوا ہر اشک صدقی چشم تر پیر
ہوا مصروف سیرِ عالمِ پاک
کھلے دروازے قصرِ نیکگون کے
کبھی قسمت پر اپنی ناز کرتا
ادب سے کی سخن نی عرضِ تسلیم
لگا کہنے کہ ای مفخرِ زمانہ

کہا دل نے مری تقصیر کیا ہے
جو کچھ ہے ہو گیا تاخیر کیا ہے
کہا جو اہل فن گذرا جہان میں
کہا سا کر ان اپنا جہان میں

لکھا ہر ایک نے مدح و فسانہ
بنایا مجکو ممتاز زمانہ
مگر قربان اس بجلی زبان کے
کہ تم قارون بنی نقد بیان کے

لگا کر قفل خاموشی دہن میں
چھپایا جیتے جی مجکو کفن میں
کہا دل نے سخن سچ ہے یہ بات
مگر میں کیا کروں ہیہات ہیہات

زمانے میں قحط قدر دان ہے
کہ مجکو بات بھی کرنا گران ہے
طبیعت ہٹ گئی شعر و سخن سے
تنفر ہو گیا اظہار فن سے

بنا کر حسن مطلب اپنی آن کو
کروں آلودہ کیا اپنی زبان کو
ملیگا جب کوئی ممدوح ویسا
سخن بھی دونگا داد نظم ویسا

سخن نے سنکے دل سے یہ فسانہ
کہا اب بھی نہیں خالی زمانہ
ہزاروں اہل فن کی قدر دان ہے
خریدار گہر ہای بیان ہے

خصوصًا صاحب اقبال جاوید
دو عالم میں یگانہ مثل خورشید
رہی دل جانب توشیخ شیدا
اشاروں میں بھی شکل الہام پیدا

معزز محترم ہندوستان میں
حریف ہمت حاتم جہان میں
مئی خمخانہ وحدت سے مدہوش
دل پر معرفت پیمانہ جوش

علو مرتبہ پیدا جبین سے
لیاقت جلوہ گر عقل متین سے
یہ عالم ہے کف گوہر فشان کا
ہوا فرش زمین صحن آسمان کا

خم تیغ دو دم گر خون فشان ہے
شفق گون جس سے کوہ و مکان ہو
خراماں ہو خضر آسا جدھر سے
ارم آئی قدم لینے کو سر سے

نظر محو رضا ہے سینہ چاکان
صدف طینت لب شکل [illegible]
اثر ہمت میں ابر در فشان کا
حقیقت میں چمن ہرا جہان کا

بہار خلق بس نکہت فشان ہے
دماغ اہل عالم عطر دان ہے
ارادوں میں اثر جوش بہار کا
مرا سا حوصلہ طبع جوان کا

ازل ہی صبح روز افزونی جاہ
قیامت زلف شام بخت بدخواہ
ہنر کی لیبہ زن حسن جبین میں
اجازت فخر کی روح الامین میں

لگی پھرتا ہے در پر چرخ اخضر
ہمیشہ کاسہ خورشید الٹ کر
شرف دوہی نام سے اسکی زبان کو
دکھا اعجاز فن اہل جہان کو

مری شہرت ہوا اطراف جہان میں
مری عزت ہوا ارباب بیان میں
یہ مژدہ سنکے دلکو جوش آیا
طبیعت میں مزا کچھ اور پایا

ہوای نظم خاطر میں سمائی
جگر سے آہ موزون لب تک آئی
پڑا اندیشہ بہر سیر افلاک
کیا مضمون نے استقبال [illegible]

زبان کرنی لگی گوہر فشانی
قلم لکھنے لگا راز نہانی
کھلی غنچے گلستان سخن کے
لیے سنبل نے بو سے یاسمن کے

داستان بیچ بیان خوبی و ترغیب محبت کی اور رجوع کرنا طرف آغاز حال عشق کے

سنبھل ای ساقی میخانہ راز
کہ پھر بھی رغبت تکلیف عانہ
ہر اک دم ہو رہی نشتر دل
خراش نالۂ استاد کامل

لحاظ تو یہ واعظ اوٹھا دے
کہ ہو جاتی دونوں عالم سی ملاکے
کہاں تک اضطراب جوش مستی
کہاں تک فرصت کوتاہ ہستی

لب ساغر ملا دے میری لب سے
سمجھ لوں آج میں خیر العبث کے
میسر پھر کہاں یہ ساز و سامان
زمان عیش ہے دم بھر کا مہمان

کہیں عشرت کہیں ماتم سرا ہے
دو رنگی آسمان دکھلا رہا ہے
کہیں ہے صبح عید زندگانی
کہیں ہے شام مرگ ناگہانی

کہیں ہے نغمہ یاران محفل
کہیں ہے شکوہ بے رحمی دل
کہیں ہے جلوہ لیلائے خوبان
کہیں ہے شکوہ [illegible]

زبانی ...
نہیں ٹھہری اسیر طوق گردن

فریب افزائے نیرنگ زمانہ
طلسمی ہے جہاں کا کارخانہ

ثبات بے ثباتی لوازمات میں ہے
فریب مدعا ہر بات میں ہے

خوشی سے غم کی ہے تاثیر پہلی
یہاں ہے خواب سے تعبیر پہلی

ازل سے زال دنیا ہے ستمگار
ہے پہلو میں ہے پہلو سے اغیار

ہزاروں زہر کھائے ہیں اسی پر
نہیں ہے بند یہ قحبہ کسے پر

یہاں ذلت وہاں تکلیف آرام
برا آغاز ہے بدتر ہے انجام

تیغ محبت رکھہ گلو کو
حیات بے اجل دے آرزو کو

محبت سے ہی روز عیش پرجوش
محبت سے شب غم ہے سیہ پوش

محبت سے دل لالہ لہو ہے
محبت سے پریشاں موج بو ہے

محبت ہو جو گرم جلوہ سازی
ہے پروانہ داغ شعلہ بازی

محبت سے جگر سوزی مزا دے
محبت لذت راحت بھلا دے

محبت سے ہی لبریز فغاں نے
محبت سے نہیں خالی کوئی شے

محبت ہے عجب دریائے پرجوش
کہ ہر قطرہ ہے طوفانسی ہم آغوش

دم تیغ اجل ہے ساحل اسکا
فنا ہے سہل کار مشکل اسکا

گواہ حال جوش عاشقانہ
سپرد خامہ ہوتا ہے فسانہ

کہاں تک دل میں انجم قدردانی
کروں بے پردہ راز خوش بیانی

ہر اک سجدہ ہو ہم فکر جواں کے
ہوا گویا ہے بر طبع رواں کے

نہیں راحت کہیں جوش بلا ہے
یہ سوچو دنیا عجب حیرت کی جا ہے

زمین و آسمان کی پست عالی
یہ سب ہیں تشکل تصویر خیالی

نہیں تلخیر احسان اجل میں
عروس مرگ ہے ہر دم بغل میں

تجھے حرص جہاں اے دل عبث ہے
غبار آسا پس محمل عبث ہے

نئے جادوگری ہے اسکی دم میں
کہ دانا دام میں آتا ہے دم میں

خرد نا آشنا فرزانہ اسکا
فسوں سے کم نہیں افسانہ اسکا

ہوائے عشق باقی میں فنا ہو
برنگ قطرہ دریا آشنا ہو

محبت میں نہو یابی اگر ہو
یہی وہ ماہ تاباں جلوہ گر ہو

محبت سے یہ الفاظ معانے
تھے جسیاں میں مثل یار جانے

محبت سے گل تر ہے جگر چاک
محبت سے دل بلبل ہے غمناک

محبت سے ہے روح و تن ہم آغوش
محبت سے گل آدم میں ہے جوش

محبت کیمیائے ہر جگر ہے
محبت جلوہ پرواز نظر ہے

محبت سے دلوں میں ساز دیکھا
محبت سے نیاز و ناز دیکھا

یہاں کا ذرہ ذرہ پربلا ہے
دو عالم ایک سراب کم نما ہے

بحسرت جان دینی زندگی ہے
قضا اسمیں ادائے بندگی ہے

نہیں تصنیف طبع نکتہ دانکا
بیاں ہے محرم صادق بیانکا

دکھاؤں حسن اعجاز بیانکے
زباں لوٹے لے حرف داستانکے

جلائے گرمی مضمون عدو کو
کرے بندش پشیمان عیب جو کو

حصول مدعائے دوستاں ہو
سخن آویزۂ گوش جہاں ہو

دو سرا ساقی غارتگر ہوش
زباں میں ہو موج آب آتش

پیا ہے میں نے خم پیمانۂ عشق
برنگ آرزو پروردۂ جوش

... اشوب جوانی
برنگ نکہت گل خانہ برباد

آغاز داستان

ہوا تھا آشنا عاشق فراموش
یہاں تک لائی گلگونہ کہیں سے

بیاں کرتا ہوں میں افسانۂ عشق
کہ تھا اک نوجوان مست مدہوش

دعا گو ہے بلا ہی نالہ ...
تجرد میں بشکل سرو آزاد

عیان رخسار سی جوش نہانی
زبان مثل زبان عاشق زار
سبد اندر نظر تھا حسن و فرات
قضا را ایکدن وہ ناشکیبا
تمنا خیز ہر جانب نظر کے
بصد امنگ و رغبت دور
کوئی بیباک ہی گرم اشا
کوئی خندان برنگ صبح نوروز
کہ تاک جوش مستی رنگ لایا
کھڑی ہی ناز سی کافر لب بام
وہ تان جو ہے تحیر آشنا ہے
بھرا سینی مین جوش نوجوانی
عیان ہر عضو سے شان قیامت
وہ کافر زلف یا دود جگر ہے
وہ پیشانی کہ جسکا بدر مشتاق
ہر اک ابرو ہی تیغ خوش نظارہ
خمار آلودہ کی انکھون سے پیدا
وہ مژگان وقت آرایش کرین [illegible]
یہی کہتا ہی ہر مشتاق مضطر
تبسم یکی بر لب سے ہویدا
صفت گردن کی افزون صبح صبا سی
عیان سینی سی اغاز جوانی
کسی صورت نہین آتی نظر ناف

خط نو سبز شرح نوجوانی
ہمیشہ قصہ خوان شکوہ یار
حسینون مین بسر کرتا تھا اوقات
چلا گھر سے پی سیر و تماشا
ہوئی راحت فزا حسرت جگر کی
نظر آنے لگے سامان کچھ اور
کوئی چالاک ہی محو نظارہ
کوئی برق ... جہان سوز
قضانی اور ہی سامان کیھایا
نگاہ رخنہ گر ہی مرگ پیغام
برنگ ہوش عاشق کھو لیا ہے
زبان مصروف لفظ لن ترانی
سراپا جان و ایمان قیامت
دل زاہد سی بھی تاریک تر ہے
درخشان کوکب اقبال عشاق
سراپا جوہر موج اشارہ
نظر سی کیف مستانہ ہویدا
دل آئینہ مین مانند جوہر
سوا نیزی پہ ہی خورشید محشر
تقاضا شوخی طبع جوانکا
وہی جانی لگا ہی جو گلی سے
نمو پستان کی غماز جوانی
مگر ہی حلقۂ میم کمر ناف

لبون سی شور بیتابی بہم تھا
ازل سی عشق ربط آب و گل مین
دی تسکین خاطر کو بکو مین
قریب شام سوی چوک آیا
جہان حسن شور انگیز دیکھا
کوئی کافر ادا ہی نغمہ پرداز
کوئی نازک ادا مسند نشین ہے
یہ عالم دیکھتا اپنی ہوا مین
بتا ہر حرم عصمت نام جسکا
زمانہ ہو رہا ہے محو دیدار
وہ کافر حسن پر اپنی ہی مغرور
قد موزون سراپا نور مین غرق
دم رفتار گرتا ہی قدم پر
غضب ہے جا کی پھر آنا ادھر کا
ہمیشہ دیکھکر شام و سحر کو
دم جنبش ادا اوس فتنہ گر کے
نگاہ مست پھرتی ہی جدھر کو
کنار بام وہ رخسار پر نور
دہن گرداب بہا ہی معانی
زنخدان جلوہ گر مانند گرداب
ہر اک شانہ برنگ دستہ گل
نزاکت سی عجب عالم کمر کا
نہ نقشہ لطف صحبت ذوق کا تھا

دہن پیمانہ فریاد و غم تھا
خلش سے گدگدی پہلو مین تھی
پھرا کرتا تھا شہر لکھنؤ مین
دل مضطر کو جو راحت نہ پایا
طلسمی ناز محشر خیز دیکھا
کوئی رشک پری ہی شعلہ آواز
کوئی آئینہ رو آئینہ بین ہے
پڑا کچھ دور راہ مدعا مین
ستم پیشہ عداوت کام جسکا
عیان ہین وعدہ فردا کی انداز
سراپا مثل برق شعلہ طور
برنگ مصرع برجستہ برق
بجا ہی سایہ رنگ رو ہی محشر
اثر ہی زلف مین دام نظر کا
کہی لی ساجدین شمس و قمر کو
مبارکباد ہی زخم جگر کو
غشی آتی ہی پابوس نظر کو
نظر آتی ہین جیسی شعلہ طور
زبان موج شراب لن ترانی
برنگ آب گوہر خشک و سیراب
زہی نگاہ صبح عید بلبل
جہان سکیو رگ تار نظر کا
کہ ثابت ہی عدم کا لطف پایا

بظاہر حقیقت خوبی مین ملی تھی
نمایان پا بچی سی ساق پُر نور

عیان رنگِ حنا ہی پشت پا سے
غرض اسطرح وہ خورشید سیما

تمنائی دلِ مضطر نکالی
کشیدِ شوق نی جادو گری کی

ملین باہم گلے دونون نگاہین
گئی سینی مین اوس شوریدہ سر کے

نیاز و ناز باہم گرم بازار
پہر آخر جذبۂ دل نی کمی کی

طبیعت کیطرحسی ہٹ گئی وہ
چھپائی شکل اپنی دل کی صورت

کیا دل کو ستم آباد محشر
حواس و ہوش و عقل و صبر و آرام

گیا رخصت ہجوم بیخودی سے
غبار آسا اوٹھا فرشِ زمین سے

یہ کس برق کا سامنا تھا
یہ کس بیرحم قاتل سی لڑی آنکھ

سکوتِ مدعا کیون مدعا تھا
ہوا یہ کیون غایب یہ بروسی

یہ داغ نامرادی دے گیا کون
اوسی دہن مین وہ پامال تمنا

بیان درد و محنت فراق کا اور تنگ آکر نکلنا جوان کا شہر مینو بہر لکھنؤ سی

ہجومِ کیفِ مستی ہوش بر سے
زبان ہی گفتگو سے پہر ہم آغوش

رہا مانندِ چشمِ نجم بیدار
بسر کی جل کی مثلِ شمع ماتم

نہ دل مین صبر وحشت آرمیدہ
پریشان خاطری پیدا نظر سے

امیدی یاس ہر مطلب سے بیدل
نہایت بیخودی نی جب ستایا

برنگِ نقشِ پا بیٹھا زمین پر
مُبرا ہو کے ہر شور و شر سے

کیا یون شکوۂ تکلیفِ آغاز
کہ ای محرومیِ تقدیر تا چند

رہون پابندِ بیخوابی کہانتک
کہان تک گلفشانی چشمِ تر سے

خیالِ عصمتِ فریاد کب تک
کہانتک پاسِ شرمِ پردہ داری

رکی کبتک رہین نالی دہن مین
خراشہای سرِ مژگان کہانتک

ہر اک کو طرب انگیز عشاق
دوبالا حسن ہی جوشِ صفا سی
جوان نی بھی نگاہِ شوق ڈالی
کھلین دربردہ عرضِ دل کی راہین
رہی کچھ دیر مثلِ نوخریدار
اداسی صورتِ ابرو کچھی وہ
ہجومِ شورِ بیتابی سے آکر
دعا دی جسگہڑی حالِ دوئی نی
مگر حیران کہ یہ سامان کیا تھا
لبون مین کس لیی قفل حیا تھا
متاعِ صبر و طاقت لی گیا کون
جب آدہی رات نی انجام پایا
پلا ساقی مے خونابۂ دل
قرار بیقراری جوش پر سے
گیا وقتِ سحر وہ لو گرفتار
وہ پہلو مین دلِ آفت رسیدہ
فغان بے اثر لب سی ہویدا
ہوائی جلوۂ جانانہ مین ششدر
خیالِ یار کو ٹھہرا کے ہمراز
اوٹھاؤن نازِ بیتابی کہانتک
لحاظِ شکوۂ بیداد کب تک
اوٹھین شعلی کہانتک داغِ تن سی

تہ فانوس جیسے شمع کا نور
ہر اک جانب ہی سرگرم تماشا
پہری چتون ادہر شکِ پری کی
خدنگِ نازنی لو سی جگر کی
ہوئی تاثیر پیدا برہمی سے
لڑا یہ خاک بر بسمل کی صورت
ہوئی سب نذر ایمائی دلآرام
اٹھا پہلوی کوسی نازنین سے
یہ سکتہ دیکھتی تھی ہر گہڑی آنکھ
گیا کسنی پشیمان آرزو سے
رہا سرگرمِ راہ جوشِ سودا
بلائی تازہ لے کر گہر مین آیا
کہ ہون حیرت فروشِ چشمِ بسمل
طبیعت مین ہی یون یاد فراموش
اوٹھا وہ وجگر کے طرح برہم
چکان ابرِ مصیبت چشمِ تر سے
اوسی کوچی مین مثلِ ہوش آیا
لڑائی چشمِ ہوس دیوار و در سے
گرو نمین جا کہای دلکو پیوند
کہانتک جاگہ امانی جگہ کے
کہانتک شرطِ ضبطِ دلفگار
غمِ بیرحمی جلنان کہانتک

یہاں ہر دم تقاضای تمنا — وہاں صبر آزمائی کار فرما
یہاں شورِ جنون تختۂ در آغوش — وہاں حکمِ عدو خاموش خاموش

یہاں شامِ مصیبت جلوہ افروز — وہاں سامانِ صبحِ روزِ نوروز
یہاں سو رنگ سے رنگت بدلنا — وہاں ہاتھوں نہیں مہندی ملنا

یہاں احسانِ مرگِ ناگہانی — وہاں کیفِ شبابِ کامرانی
یہاں ہنگامہ آرائی پہ نالہ — وہاں دورِ شرابِ سیر سالہ

یہاں مستی وہاں شوخی و شنگی — غرض ہر رنگ میں رنگِ دورنگی
اسی صورت سے گذری جب کئی سال — فلک نے اور پھینکا قرعۂ فال

غبارِ دشتِ رسوائی بنایا — برنگِ قیس سودائی بنایا
ہوئی بیگانگی اتنی سی پیدا — رمِ آہو ہوا سایہ سی پیدا

لگا فرق آنی وضعِ بی خلل میں — لگا رہنی مزاجِ راست بل میں
بڑھی ہر ہم مزاجی مثلِ سنبل — ہوا بے قید شکلِ نکہتِ گل

برنگِ شورِ رسوائی جہاں میں — لگا پھرنی ہر اک شہر و مکاں میں
کشاکش سے جنونِ تنگ آ کر — ہوا آمادۂ ترکِ [illegible]

یہ سوجھی عالمِ آوارگی میں — کہ ہو چندی بسر آوارگی میں
تمنای وفا عصمت سے معلوم — یہ ارمانِ خوبیٔ قسمت سے معدوم

یہاں رہ کر جلا اوس شعلہ رو سے — جلای کون دل داغِ عدو سے
غرض اک دن سرِ دیوانگی میں — بگڑ کر شیوۂ بیگانگی میں

چلا گہری برنگِ نبضِ مضطر — ہوا قربانِ خاکِ کوی دلبر
تڑپ سی کچھ دلِ پر جوش ٹھہرا — وہاں دم بھر برنگِ ہوش ٹھہرا

کہا ای کوچۂ دلدار قربان — تصدق ای غبارِ کوی جانان
عدو سمجھا ہی چرخِ پیر مجھکو — جدا کرتا ہی بے تقصیر مجھکو

نہیں مضمون فلک سمجھا رہا ہی — بلای جان فریبِ مدعا ہی
قدم جمتی نہیں مجبور ہوں میں — برنگِ دستِ شل معذور ہوں میں

جنون کا حکم ہی گھر سے نکلیے — گریبان گیر ہی وحشت کہ چلیے
